کتب قصہ جات نثر

بہارستان سخن - اس مین تین استادونکا کلام ہے - ہمطرح وہمقافیہ غزلین - ۱- شیخ امام بخش ناسخ - ۲- خواجہ حیدر علی آتش - ۳- مہدی حسین خان آباد بڑے معرکہ کا مجموعہ ہے ہر ایک استاد نے زور طبع دکھایا ہے بہم دیگر ترجیح بلا مرجح کہنا زیبا ہے -

دیوان امیر - خرد طبعزاد سید امیر الدین امیر -

دیوان رند مسمی بہ گلدستۂ عشق کلام نواب سید محمد خان رند شاگرد خواجہ حیدر علی آتش -

دیوان فدا - از موج دیوانی طبع وقار مولوی فدا حسین وکیل عدالت دیوانی -

دیوان غافل - کلام سخنور ہمپایۂ آتش و ناسخ منور خان غافل -

منتخب کلیات ظفر انتخاب ہے چارون جلدونکا کلام حضرت سراج الدین ظفر بادشاہ غازی کا -

دیوان بہار عرب - در محامد خاتم الرسالت مؤلفۂ حاجی محمد نذیر مصطفیٰ آبادی -

دیوان لطف - پاکیزہ دیوان غزلیات مع معراجنامہ محامد سرور کائنات مصنفۂ حافظ محمد لطف علیخان صاحب بریلوی -

ایضاً - نعت سرری غزلیات تمام ردیفونکی محامد خاتم المرسلین مین از بہار گلزار طبع بلندی مفتی غلام سرور لاہوری -

دیوان ہنجار سالک عمدہ کلام از مرزا قربان علی بیگ تخلص سالک -

دیوان نیاز - از روشنی صافی طبع نازک پسندہ شاہ نیاز احمد بریلوی نیاز -

دیوان شہیدی مصنفۂ کرامت علیخان شہیدی تخلص

دیوان امیر مسمی بمراۃ الغیب از امیر احمد امیر تخلص -

دیوان غالب دہلوی کئی مرتبہ دیوان مختلف مقامات مین چھپا اور شہرت خواہش سے بکا اور ہنوز خواہش خریداران اسی طرح سے ہے کیون نہ ہو بڑے عالی پایہ مرزا اسد اللہ خان دہلوی کا کلام ہے جنکا مثل و نظیر ہندوستان مین نہین ہے یہ مطبوعہ مطبع نظامی سے نقل ہو کر چھپا -

دیوان نشاط الاحباب مصنفہ بابو ہرگوبند سہائے

دیوان جرار مصنفۂ مرزا حسین بیگ تخلص جرار

دیوان قلق مسمی بہ مظہر عشق کلام استاد کامل آفتاب الدولہ خواجہ اسد تخلص قلق -

دیوان واسطی نادر کلام مولوی سید فضل رسول خان تعلقدار سندیلہ -

دیوان عاشق کلام لطیف از پنڈت کنہیا لال تخلص عاشق

دیوان خواجہ میر درد شاعر صاحب باطن -

دیوان بحر اسرار حقیقت در نعت سید مجتبیٰ مصنفہ قاضی علی احمد تخلص صلّ علیٰ

دیوان ہشیار مصنفۂ کنول رام -

دیوان صبا مسمی بہ غنچۂ آرزو از میر وزیر علی صبا

دیوان ضامن - از سید ضامن علی شاہ -

دیوان نواب عمادالدولہ سید محی الدین خان بہادر تخلص فقیر عرف نواب مجھن صاحب -

غرض ناامیدانہ کر اک نگاہ ۔ وہ نقش توہم گیا سوے ماہ
نہ آیا کبھو پھر نظر اس طرح ۔ ندیکھا اُسے جلوہ گر اس طرح
مگر گاہ سایہ سا مہتاب مین ۔ کبھی وہم سا عالمِ خواب مین
دلِ خو پذیر وصالِ دوام ۔ رہی خواب مین روز و شب صبح و شام
اگر وصل خواب فراموش تھا ۔ ولیکن وہی خواب کا جوش تھا
پلک سے پلک آشنا ہے وہی ۔ زخود رفتگی کی ادا ہے وہی
کھڑا ہون تو سوتا ہون اک وقت مین ۔ رگِ خوابِ دل ہے کفِ شوق مین
جو بیٹھا ہون خواب گران ہے مجھے ۔ وہ غفلت جہان در جہان ہے مجھے
خیال اسکا آوے کہ سُن ہو رہون ۔ تلے سر کے پتھر رکھون سو رہون
مجھے آپکو یونہین کھوتے گئی ۔ جوانی تمام اپنی سوتے گئی
دکھایا نہ اُس مہ نے رو خواب مین ۔ ندیکھا پھر اُسکو کبھو خواب مین
بہت بیخود و بیخبر ہو چکا ۔ ہم آغوش طالع بہت سو چکا

ندیکھا کبھو میر پھر وہ جمال
وہ صحبت تھی گویا کہ خواب و خیال

تمام شد

تاریخ طبع
از فدا لسان مولانا
محمد حامد علی خان حامد شاہ آبادی
مصحح مطبع
[illegible]

خاتمۃ الطبع
[illegible]

جفا ضعف سے مجکو کیا کیا نہ تھی
افاقت گئی یون کہ گویا نہ تھی

پس از چند آنکھین ٹھہرنے لگین
نگاہین بھی کچھہ کام کرنے لگین

بندھا ناتوانی کا رخت سفر
گیا طاقت رفتہ لینے منہہ ادھر

کسے تھا مری زندگانی کا دھیان
ولیکن نہایت تھا مین سخت جان

لگی جان سی آنے اعضا کے بیچ
کوئی روز رہنا تھا دنیا کے بیچ

پھرا ناتوان مین بہت درد سے
کہ نزدیک تھا عالم گرد سے

غلط کاری وہم کچھہ کم ہوئی
وہ صحبت جو رہتی تھی برہم ہوئی

وہ صورت کا وہم آکے دیوانگی
لگی کرنے در پردہ بیگانگی

پس از دیر آنکھون مین آنے لگے
نہ دو دو پہر منہہ لگانے لگے

ندیکھے مری اور اس پیار سے
غریبانہ سر مارے دیوار سے

کہین ٹک تسلی کہین بیقرار
کہین شوق سے میرے بے اختیار

کہین واسطے میرے روتی ہی خون
کہین دست زیر زنخ ہے زبون

کہین دلکو اپنے دکھا دے مجھے
مری بیوفائی جتا دے مجھے

کہین دست بر دل وہ رشک قمر
کہین حسرت آلودہ مجھپر نظر

کہین بیدماغانہ سرگرم ناز
کہین آتش شوق سے جانگداز

کہین چاک گریبان سے دامان پاک
کہین سو جگہ سے گریبان چاک

کہین کام دل کی شکایت سے کام
کہین نقش دیوار حیرت سے کام

کہین مجھ سے کہتی ہی رخصت مجھے
کہ مطلق نہین غم کی طاقت مجھے

کہین لب پہ وہ شکوۂ خون چکان
کہ جس سے ہے آزار جان

کہین وہ نگہ جس سے ...
کہ یہ درد دل ہے تو مر جائیے

کہین وہ روش جس سے نکلے عتاب
کہین وہ طرح جس سے ہے دل خراب

کہین حرف زن اسطرح ناز سے
کہ دیکھا گئی دل کس انداز سے

کہین وہ ادا جس سے معلوم ہو
کہ جیسے وہ عاشق کہ مر دم ہو

کہین وہ سخن جو جگر خون کرے
کہین طرز ایسی کہ مجنون کرے

کہ جہوما کرون بید مجنون کیطرح
رہے یاد اس سرو موزون کیطرح

رہون زرد مین گاہ بیمار سا
پریشان سخن گاہ بیدار سا

پری خوان کو لا کوئی افسون کہے
کسو سے کوئی جا کے تعویذ لائے

طبیبون کو آخر دکہایا مجہے
نہ پہنچا جو کچہہ تہا پلایا مجہے

دوا جو لکہی سو خلاف مزاج
کہچا اس خرابی سے کار علاج

کہ سر رشتہ تدبیر کا گم ہوا
دل اوپر ہجوم توہم ہوا

درون خود بخود بیجو اسی ہی
پریشان دلی ادرا و داہی ہی

کرون بیکلی جاد تا ہر کہین
نہ گہر مین لگے جی نہ باہر کہین

قیامت جنون کا رہے سر مین شور
کہچا جائے دل کو وہ صحرا کی اور

رہے شوق سر در گریبان دل
ہوا کہینچے صحرا کو دامان دل

سر آشفتہ زلف گرہ گیر کا
قدم حلقہ در گوش زنجیر کا

جنون آہ درپے ہوا جان کی
مجوز ہوئے یار زندان کے

کیا بند اک کوٹہری مین مجہے
کہ آتش جنون کی مگر دان بجہے

لب نان اک بار دینے لگے
دم آب دشوار دینے لگے

کہان علم کا کسب فرصت نہ آہ
ہوا کا بہی دان گشت روزنکی راہ

پڑی فکر جان میرے احباب کو
کوئی پاس کوئی تفاوت سی مہلک
کوئی فرط اندوہ سے گریہ ناک
جو دیکھون تو آنکھون سے لوہو بہے
کہے چشم بندی کو ہر بار غیر
وہی جلوہ ہر آن کے ساتھ تھا
اگر ہوش مین ہون دلے بیخبر
اسی دیکھون جیدہر کرون مین نگہ
نگہ گردش چشم سے فتنہ ساز
عجب رنگ پر سطح رخسار کا
جو آنکھہ اُسکی بیجی سی جا کر اڑی
مکان گنج لب خواہش جان کا
دہن دیکھکر کہیہ نہ کہتی کہ آہ
بنا ہے جگر اس کو کے لئے
گل تازہ شرمندہ اُس سے ہو

اڑا دیوین سب گھر کے اسباب کو
سراسیمہ کوئی محبت سے ہو
گریبان کسو کا میرے غم سے چاک
نہ دیکھون تو جی پر قیامت رہے
دلے منزل دل مین اس مہ کی سیر
تصور مری جان کے ساتھ تھا
وہ صورت رہی میری پیش نظر
وہی ایک صورت ہزارون جگہ
مژہ آفت روزگار دراز
مگر وہ تھا آئینہ گلزار کا
دم تیغ پر راہ چلنی پڑی
تبسم سبب کاہش جان کا
سخن کی نکلنی تھی مشکل سے راہ
جو سیب ذقن اسکا او کر جیسے
خجل اُسکے مشک ناب گیسو سے ہو

کوئی نالہ بلبل سے ہے یادگار — خزان اس چمن مین ہو گل کی بہار
کہین ساقی دے آب گلرنگ کو — کشادہ ہی کر اس دل تنگ کو
گلے لگ کے مینا کے ٹک رویئے — فسانہ ہی آخر ہے اب سویئے

مثنوی مسمی بخواب وخیال

خوشا حال اسکا جو معدوم ہی — کہ احوال اپنا تو معلوم ہے
رہین جان غمناک کو کاہشین — گئین دل سے نومید سو خواہشین
زمانے نے رکھا مجھے متصل — پراگندہ روزی پراگندہ دل
گئی کب پریشانئ روزگار — رہا مین تو ہم طالع زلف یار
وطن مین نہ اک صبح مین شام کی — نہ پہونچی خبر مجکو آرام کی
اٹھاتے ہی سر یہ پڑا اتفاق — کہ دشمن ہوے سارے اہل وفاق
جلاتے تھے مجہپر جو اپنا دماغ — دکھانے لگے داغ بالاے داغ
زمانے نے آوارہ چاہا مجھے — مری بیکسی نے نباہا مجھے
رفیقون سے دیکھی بہت کونہی — غریبی نے ایک عمر کی ہمسری
مجھے یہ زمانہ جدہر لے گیا — غریبانہ چندے بسر لے گیا
بندھا اس طرح بار سفر — کہ نہ زاد رہ کچھ نہ یار سفر

کوئی رہ گیا تھا پیام جوان　　جو تو پھر شتابی سے آیا یہان

بیان کر جو کہنا ہو تجھکو شتاب　　کہ ہے منتظر غیرت آفتاب

کہا مین نے اے پیرزن کیا کہون　　۶۰ اوار اس نوجوان کا مین مرہون

پیام اُس کا لایا تھا مین اسلیے　　کہ وہ بے اجل مرتا ہے تک جیے

سو یان سے گیا ایسا لیکر جواب　　کہ جس سے نکلتا تھا ناز و عتاب

نہ تھی تاب حرف درشت اُسکے تئین　　کیا غم نے تھا نیم کشت اُسکے تئین

نہ مشغول یونہین وہ زاری سے تھا　　وہ بیتاب بے اختیاری سے تھا

نہ سمجھی یہ رشک پری اسکے تئین　　دکھائی دی عشوہ گری اسکے تئین

چڑھا ان نے تیوری اک انداز سے　　کہا بیزہ ہوکے یون ناز سے

کہ جس کو نہ ہو تاب لانیکی تاب　　شتابی سے مرنا ہے اسکا صواب

ہوا سامنے اس کے مین حرف زن　　یہ اُس کی زبان سے کہا مین سخن

جوان سنتے ہی کرکے ادھر نگاہ　　سفر کر گیا جان سے بھر کر آہ

یہی ماجرا کہنے آیا ہون یان　　خبر اُسکے مرنیکی لایا ہون یان

کہا اس سے کہ اے کشتۂ غم کی جان　　گیا آخرالامر جی سے جوان

یہ کہہ دس قدم وان سے مین تھا چلا　　کہ اک شور کانون مین میرے پڑا

صبا گر اوڑا دے تنک وانکی خاک | تو نکلی زمین سے دل چاک چاک
کئی نوحہ کش وان کئے نوحہ زن | گئے خون گرفتہ گئے بے کفن
کئی بیوطن وان سفر کر گئے | سسکتے مین کتنے کئی مر گئے
ہر اک جان بہر شخص ناکام کی | ہوا دار اس کے لب بام کی
پھرون گرد ساقی نشے مین ترے | گلابی ہی منھ کو لگا دے مرے
مجھے مست آب سیہ دیکے کر | چلون جون قلم پھر بھی مطلب اوپر
سُنا وہ جگر سوز پیغام جب | کئی آشنا حرف سے لعل لب
پڑھی اک رباعی نہ کر اعتبار | کہ مضمون جس کا یہ موزون ہوا یار
کہ ہجران مین جو بیقراری کرے | سر راہ فریاد وزاری کرے
نہ سونے دے نالونسے ہمسایہ کو | بھلی مرگ ایسے فرومایہ کو
محبت کی رہ مین یہ پھیلائے گام | کہ سر سے گذر جائیے شادکام
نہین شرط الفت اُسکی جبین | اگر پیش آوے دم واپسین
جو پھوٹا ہی پڑتا ہون جون آبلہ | وہ ہے دم مین داماندہ قافلہ
نہ جو ہو سکے ہجر کا پائمال | تو بہتر ہی ہوتا ہے اُسکا وصال
گیا مین جواب اُس سے لیکر ادہر | سر رہ تھا پامال غم وہ جدہر

نگہدار تھی سر خیے چشم کی | طرفدار تھی اپنے ہی خشم کی
شہید اسکی چشمک کے دل خستگان | نشانے نگاہون کے دل بستگان
مژہ موجب قتل جمع کثیر | غرض سب تھے یہ ایک ترکش کے تیر
چھپین اسکے غمزے مین کتنی سنان | نمایان ہوئے سب یہ مرگ جہان
جبین کھولدی اس پریزاد نے | کہ چین مانی خوبان نوشاد نے
روان اس شب افروز سا اشک شمع | نہین ہے یہ روشن کہ تھی اشک شمع
وہ مُردون کو زندہ دوبارا کرے | مسیحا جہان سے کنارا کرے
پری منفعل رنگ رخسار سے | خجل کبک انداز رفتار سے
خضر تشنہ اسکے ہے دیدار کا | مسیحا شہید اس کے بیمار کا
سوا اسکی باتونکی سب باتین ہین | جسے سنکے مردے بھی جی جاتے ہین
غرض اور سب یونہین کہنے کو ہین | مسیحا کے لب یونہیں کہنے کو ہین
لب سرخ اسکے وہ گلبرگ تر | چھپین جن مین دندانکے سلک گہر
تبسم مین انکے وہ برق بہار | دم حرف ہوتے گہر آبدار
دہن غنچہ ناشگفتہ سے کم | سخن رہرو راہ تنگ عدم
تبسم تنگ گر دہ دلکش کرے | تو گلشن ہین گل صد چمن غش کرے

ترا ورد پنہان ہے گو آشکار
یہ مجھسے بیان کر کہ ہو راز دار

کہین دل لگا ہو تو یہ مجھسے کہہ
کہون اس سے جا کر غمین تو نہ رہ

جہان کو تو بھیجے وہان جاؤن مین
کہے کام جو تو بجا لاؤن مین

جو حور بہشتی بھی ہو تیری یار
کرون مین ملک کی طرح وا نگذار

خدا جانے کیا جی مین بات آگئی
کہ میری ہی دلجوئی ہے بھا گئی

یہ سنکر جوان خود رفتہ نے
جگر سوختہ اور دل تفتہ نے

کیا سوز دل کو لبون پر نمود
زبان تاب کھانے لگی جیسے دود

سخن ہونے لاگے نمودار کچھ
لگا کرنے پیچیدہ گفتار کچھ

کہ جس سے یہ معنی ہوئے مستفاد
کہ اے غمگسار دل نامراد

جو دلجوئی میری ہے مد نظر
تو یان اک محلہ ہے ٹک قصد کر

نہین اسکو درکار کچھ جستجو
سرا ایک ترسا کی ہے قبلہ رو

زبانی مری در پہ یہ جا کے کہہ
کہ احوال سے میرے غافل نہ رہ

ترے واسطے خوب رسوا ہوا
مرے سر پہ ہنگامہ برپا ہوا

تسلی شکیبائی مطلق نہین
پر اب یہ تنہائی مطلق نہین

رہی جب تلک تن مین تاب و توان
اوٹھایا تحمل کا بار گران

۶۳۷

زن و مرد کی ہون زبانسے تنگ
ہوا ہون مین سارے قبیلے سی تنگ

سدا خون دلمین طپیدہ ہو نہین
کہ آہ بلب نارسیدہ ہو نہین

تری دوری مین پہوچی ہے اے حبیب
وداع دم واپسین بھی قریب

جگر تو ہو پانی بہا غم کے بیچ
یہ دم بھی ہوا ہے کوئی دم کے بیچ

سمجھنا یہ بھی اے مرے سر خاک
کس امید پر مین ہوا ہون ہلاک

تو جب سے درا و پر نظر آ گئی
رہین آفتین تا پہ میرے سر پڑی

نہ نامہ نہ پیغام نے رسم و راہ
یونہین ہوتی جاتی ہی حالت تباہ

دل و دیدہ سب مدعی ہو گئے
تماشائی مجھسے بہت رہ گئے

کئی بار جان لب پر آ پھر گئی
کہان ہی تو اے گل ہوا پھر گئی

یہ حیران ہون صبر آتا نہین
تصور ترا جی سے جاتا نہین

خراش جگر سے ہے چھاتی مین درد
کہ جیسے ہولجائے ہے رنگ زرد

رہا کرتی ہے داد بیدادیان
دل شب سے گذری ہی فریادیان

سر رہ تک آ دیکھ یہ خستہ حال
کہ ہے نقش پاکی طرح پایمال

ترے دور غم مین تو جون کیمیا
سنا ہی کیا نام مہر و وفا

نہ آیا نظر سے ادا ہے ولیک
نہ اتنا کہ جاتا رہا جی سے ایک

اسی کی سی مقدور رنگ سب کہین — سدا اسکا منہ دیکھتے ہی رہین
وہ اک دودمان کا تھا روشن چراغ — جلاتے تھے سارے اسی پر دماغ
وے اس کے دلمین اک آتش نہان — کہ دیجے جلا اس سے سارا جہان
سب آرام چاہین اسے اضطراب — سراپا تلک ایک دل بیقرار
نہ کچھ ہوش گھر جانے کا اسکو تھا — نہ کچھ خوف مرجانے کا اسکو تھا
نہ طاقت تھی تن مین نہ کچھ جی مین تاب — نہ دل پاس نے صبر آرام و خواب
سراراہ دل قیمہ قیمہ سے لیے — یہ کہتا تھا مرجایئے بس جیے
سن اس نوگل عشق کی بیکلی — رہا کرتی ماتم سرا وہ گلی
دل و صبر و ہوش و توان و حواس — رہین اس کی وحشت سے سارے اداس
نہ ناموس کا ننگ نے نام کا — مرا دوست دشمن تھا آرام کا
شب و روز فریاد کرنا اسے — کئی بار اک دم مین مرنا اسے
تماشے کا دیوانہ پیدا ہوا — زمانے کو چندے تماشہ ہوا
جو دم لے طپش تو شتابی کرے — تسلی دل کی خرابی کرے
کرے طرح داغون سے وہ باغ کو — روانی اسی سے زر داغ کو
دل غمزدہ سے محبت اسے — قیامت خوشی سے عداوت اسے

در تعریف عشق خانمان آباد آزادگان برنانهاد

زہے عشق نیرنگ سازی تری
کہ ہے کھیلنا جی پہ بازی تری

تجھی سے ہے آب رخ زرد زرد
تجھی سے مرے دل مین اٹھتا ہے درد

تجھے ربط کفار و دیندار سے
تجھے رشتہ تسبیح و زنار سے

تجھی سے ہے بلبل کو نوحہ گری
تجھی پر ہے قمری بھی خاکستری

ترا جذب دریا کو بہنے نہ دے
ترا شور صحرا کو رہنے نہ دے

تجھی سے دل شاد غمناک ہے
تجھی سے مرا سینہ صد چاک ہے

تمنا کو تو نے کیا ہے شہید
تجھی سے نہ بر آئی میری امید

تجھی سے ہے مجنون صحرا نورد
تجھی سے ہے فرہاد کوہون پہ مرد

تجھی سے گلو بند ہے خستگی
تجھی سے ہے وابستہ دل بستگی

تجھی سے دل عاشقان ہر کباب
تجھی سے ہے پروانہ آتش آب

ترا کام دیتا ہے بدنامیان
تری ریجھ دیکھے ہین ناکامیان

تجھی سے سراسیمہ ہین یار لوگ
تری تیغ سے قیمہ ہین یار لوگ

تجھی مین ہین یہ کار پردازیان
تجھی پر ہین موقوف جانبازیان

کرون اُسکی قوت کا کیا مین بیان | کہ تھا قاب دو قوسین اور نا مکان
مرا زیر پا اُسکے فرق نیاز | کیا جس کی خلقت پہ صانع نے ناز
بصورت اگر عبد مشہود ہے | حقیقت کو پوچھو تو معبود ہے

نہین پاشکستون کا اب دستگیر
محمدؐ بن اور آل بن اُسکے امیر

گنہگار ہون چشم ایک اس سے ہے | توقع شفاعت کی ایک اس سے ہے
درود آل پر اُسکے ہر صبح و شام | وہ ہے شافع حشر و خیر الانام
پلا ساقیا بادۂ لعل گون | کہ ہو جائیں سرخ آنکھین مانند خون
ہے اب حرف مستانہ کا دلمین جوش | کر آویزۂ گوش گر کچھ ہے ہوش

مناجات بطور عاشقان زار
و در بلای جدائی گرفتار

مرا زخم یارب نمایان رہے | پس از مرگ صد سال خندان رہے
رہو دشمنی جیب سے چاک کو | صبا دوست رکھے مری خاک کو
مژہ اشک خونین سے سازش کرے | غم دل بھی مجھپر نوازش کرے

مثنوی باعجاز عشق

ثنائے جہان آفرین ہے محال
زبان اسمین جنبش کرے کیا مجال

کمالات اسکے ہین سب پر عیان
کرے کوئی حمد اُسکی سو کیا بیان

کہون کیا ہین اسکی صفات کمال
کہ ہو عقل کل یان پریشان خیال

خرد کنہ میں اُس کی حیران ہے
کہان یان پریشان پشیمان ہے

زمین و فلک سب ہین اسکے حضور
مہ و خور ہین اس سے ہی لبریز نور

یہ صنعت گری اس ہی صانع سے آئے
کف خاک کو آدمی کر دکھائے

نہ آوے کبھی کی جو ادراک مین
سو دکھلائے وہ اس کف خاکمین

کرے ہیگا تمثیل و تشبیہ سے
منزہ ہے وہ بلکہ تنزیہ سے

وہی حاصل مزرع آسمان
کئے اُنے دانے مین خرمن نہان

سفید و سیہ کو نہین اُس کی بار
وری ہے زمانے کی لیل و نہار

در توحید انشا طراز حزینی که فقره یکتائے او بعالم و دیده

در نعت سید المرسلین

رخصت کو اس پاس بھی آیا	جلنے کے تئین اور جلایا
وقت وداع قیامت گذرا	سر سے آب حسرت گذرا
ایک دم بیخود ہو کے رہا وہ	اس سے آگے آپ گیا وہ
آنکھیں لگیں ناسور ہو بہنے	دکھ اس گل کو لگا یہ کہنے
ظلم ہے لوہو پیتے رہیے	جان گئے پر جیتے رہیے
عمر عزیز چلی یوں جاوے	اور فلک آنکھوں سے رکھاوے
آخر کر کے خدا کے حوالا	آئینے پر پانی ڈالا
تاکہ وہ دکھا دے شتابی	راہ دور سے آوے شتابی

بار گئے پر میر جواب ہے
جان سے خالی اک قالب ہے

راقم غم ہے وہ دل تفتہ	نام پر اس کا رنگ رفتہ
غم سے فرصت اسکو کہاں ہے	قاصد اشک ہمیشہ رواں ہے
خط لکھتا ہے اس مضمون سے	تر ہو بال کبوتر خون سے
خط سے اک آتش پر ہووے	جس سے کباب کبوتر ہووے
جب وے دل اس نے لکھا ہے	شعلہ خط مین لپیٹ دیا ہے

۶۳۱

مثنوی

چشم کرشمہ جان تغافل — شایان اس کی شان تغافل

کیا جانے وہ حال کسو کا — پتھر دل اُس آئینہ رو کا

پاتے ہی ابرو کا اشارہ — غمزے نے ایک خنجر مارا

جب وہ خرام ناز کرے ہے — جیکو جور نیاز کرے ہے

رخصت دی گر عشوہ گری کو — ایک ہی جلوہ بس ہے پری کو

ہنسنے مین وہ صفائی دندان — برق خرمن عالم امکان

رشک سحر کو صافی تن — خون صحرا کی اُسکی گردن پر

آہ صفائی اُس سینے کی — غیرت افزا آئینے کی

شکل چین مین یہ ناز کہان ہے — صورت ہے انداز کہان ہے

ایسا خوب جہان مین کہین ہے — رحم ہے اسپر اب جو نہین ہے

جب وہ شکل نظر آتی تھی — کلفت دل کی نکل جاتی تھی

رنگین انگلی اُس کف پا سے — جائین نکویان اپنی جا سے

چشم کرو انصاف کی گروا — یوسف و شیرین لیلےٰ عذرا

کون ہوا اس محبوبی سے — خوبی تھی پر اس خوبی سے

بار نزاکت کیون کے اٹھاوے — شاخ گل سا لچکا جاوے

نے کعبے نے دیر کے قابل	مذہب اس کا سیر کے قابل
کیا کہئے کیسا کچھ تھا	القصہ وہ ایسا کچھ تھا

در صفت دلبری کہ باو علاقۂ دل بود

وہ کیا تھا جس پر عاشق	جی سے تھا یہ عاشق صادق
دیدۂ گل میں جاگہ اس کی	نکہت گل گرد رہ اس کی
چشم براہ سارا چمن اسکا	نقش قدم تھا یاسمن اسکا
آگے اس کے کبھو نہ خوش آیا	یہ رد گل نے کہاں سے پایا
گل آشفتہ اس کے رو کا	سنبل اک زنجیری مو کا
جب وہ چہرہ تابندہ ہو	ماہ دو ہفتہ شرمندہ ہو
زلف اس چہرے پر تابندہ	کاکل صبح سے خوش آیندہ
دیکھ اس گل کی نور افشانی	شمع مجلس پانی پانی
ہو ہر چند یہ بدر کامل	اس چہرے کے نہ ہو مقابل
حوصلہ کتنا اس بے تہ کا	منھ دیکھو آئینہ مہ کا
رکھتی تھی دعوی چشمی پر	لیکن اسکی چشم نظر کر

جدول جاری چاک گریبان	گوشۂ دامن واقف مژگان
دیدۂ تر کے دریا قابل	ساحل خشک لبی کے سائل
ہر دم ہو ہر سمت کو جاری	خون باری سے سیل بہاری
تشنہ لبی اک منہ پر پیدا	لب جس جس کا ہووے نہ دریا
خاک بسر آشفتہ سری سے	شور قیامت نوحہ گری سے
سر تا پا آشفتہ دماغی	داغ جنون دے جس کو چراغی
غم سے گرچہ دم بھی کہین تھا	جامے مین اک تار نہین تھا
دادے پر جب اپنے آوے	صحرا صحرا خاک اڑاوے
کلفت دل جب خاک فشان ہو	اشک کی جاگہ ریگ روان ہو
گل ان نے از بسکہ کھلائے	پھولونکی چھڑیان ہاتھ بنائے
دل کے غبار نے راہ جو پائی	شہر مین گویا آندھی آئی
سر پر اسکے سنگ ہمیشہ	جی پر جوں صہ تنگ ہمیشہ
آہ سرد کرے وہ عریان	بید سا کانپے موی پریشان
گرد کے نہ اس کا پیراہن	دامن صحرا جس کا دامن
بار دامن تار گریبان	دامن قرب جوار گریبان

مثنوی مسمی بجوش عشق

ضبط کروں میں کب تک آہ اب | چل اے خامے بسم اللہ اب
کرتنگ دل کا راز نہانی | ثبت جریدہ میری زبانی
یعنی میر ایک خستہ غم تھا | سرتاپا اندوہ والم تھا
آنکھ لڑی اوس کی اک جاگہ | بیخود ہو گئی جان آگہ
صبر نے چاہی دل سے رخصت | تاب نے ڈھونڈھی ایکدم فرصت
تاب وتوان شکیب وتحمل | رخصت اس سے ہو گئی بالکل
سینہ فگاری سامنے آئی | بیتابی نے طاقت پائی
گھرتے آئے داغ سیاہی | کام جگر کا کرنے تباہی
خون جگر ہو بہنے لاگا | پلکوں ہی پر رہنے لاگا
خواب وخورش کا نام نہ آیا | ایک گھڑی آرام نہ پایا
چاک جگر سے محبت ٹپکی | آنسو کی جگہ حسرت ٹپکی
سوز سے چھاتی تا یا گویا | اور پلک خون نابہ گویا
آہ سے اوس کی مشکل جینا | درد فقط تھا سارا سینہ

٦٢٧

وہ کام دل سبو بدوشان — یعنی کہ وہ ہے شراب جوشان
وہ موجب دل خوشی کہان ہے — وہ وارث بہشتی کہان ہے
وہ جس کی طرف کو ہے تہ دل — یعنی وہ بے شیشہ ماہ منزل
وہ آتش تیز آب آمیز — وہ عربدہ جو وہ فتنہ انگیز
وہ مقصد جان ناامیدان — وہ روشنئے روسفیدان
وہ رونق کارگاہ شیشہ — وہ شوکت بارگاہ شیشہ
وہ جس سے ہے توبہ موپریشان — وہ جس سے ہو گفتگو پریشان
وہ دامن خشک جس سے جلجائے — ثابت قدمون کا پاتو جل جائے
وہ سرخی چشم خوب رویان — اسباب خرابی نکویان
وہ دلبر خود سرد شرائین — وہ رہزن راہ و دین و آئین
وہ جس سے غبار دلسے دہوؤن — مینا کے گلے سے لگ کے روؤن
مستی کی مجھے بھی خواہشیں ہین — اس عقل سے دلکو کاہشیں ہین
لا اسکو جو آستین جھاڑون — پھر ہاتھ چلے تو جیب پھاڑون
بیہوش شراب ناب رہیے — یون تا بجگر کباب رہیے
ہے مستی بیخودی ضروری — کھل جائے مقام بے شعوری

شیخ آنے کو تو میکدے میں آیا
یک جرعہ شراب ہی میں واعظ

پر ہو کے بہت خراب نکلا
ہر فرسنگی کا باب نکلا

تھا غیرت بادہ عکس گل سے میر
جس جوئے چمن سے آب نکلا

ہو صرف شراب کاش ساقی
بے ساغرے خنک ہے جینا

یہ شیشۂ عمر ہے جو باقی
رکھتا ہے شگون شراب پینا

لا بادۂ کہنہ سال تو ہے
دروازۂ میکدہ کھلا ہے

سجدہ بھی بابت گرو ہے
ہر پیر و جوان کو الصلا ہے

اینڈے ہے ہر ایک مست جوں تاک
ہر مغبچہ جام زیر سر ہے

لیتے نہیں نام دامن پاک
ہر گوشے میں عالم دگر ہے

مستی نگاہ عقل دشمن
کہتے گئے صاحب کرامات

خوبی خرام مرد افگن
ہم بھی نہیں قابل خرابات

جو لوگ کہ اس جگہ سے اُٹھے
یاں پیتے ہیں جام بیخودی کا

کب حلقہ و خانقہ سے اٹھے
ہے دور تمام بیخودی کا

مستی سے ہر ایک صبح صد بار
خورشید کا سر ہے اور دیوار

خوگر اسے ناز مستیگی ہے ۔۔۔ وہ ہے کہ جسے ہمیشگی ہے
جو عکس پڑا ہے جام مے مین ۔۔۔ آتی ہے صدا اُسیکی نے مین
ہے جلوہ گر مین یان نصیب ناز ۔۔۔ وہ مست گذارہ سرانداز
سو رنگ ہین اسکے یاد رکھ تو ۔۔۔ ہر جلوہ سے دلکو شاد رکھ تو
لم مین جو کچھ نمود مین ہی ۔۔۔ ہر لحظہ اُسی سجود مین ہے
کر یاد اسی کو اور مے پی ۔۔۔ جتیا رہے کوئی دن تو خوش جی
اب روی صحن چمن کو کرنے ۔۔۔ مینای دل اور مے سے بھرنے
آئی ہے بہار مے گساران ۔۔۔ پھولے ہین چمن مین گل ہزاران
آئی ہے بہار وہر خیابان ۔۔۔ ہے لطف ہوا سے گل بدامان
آئی ہے بہار دیدہ گیشان ۔۔۔ ہی توبۂ بادہ دل پریشان
آئی ہے بہار مرغ گلزار ۔۔۔ کرتا ہے نوائے سینہ افگار
لایا ہے بزور اسکا نالہ ۔۔۔ مجکو بھی برائے سیر لایا
ساقی جو کرو نہین بُرا دائی ۔۔۔ معذور رکھ اب بہار آئی
گل باد صبا کی تاکمر ہے ۔۔۔ داماں بلند ابر تر ہے
غنچہ کی گلا بیان بھری ہین ۔۔۔ تکلیف کے منتظر دھری ہین

در تعریف آغا رشید که خطاط بود بفرمایش میان اعزالدین که فقیر و خوشنویس بودند

میر خطاط یک قلم دیکھے — لیکن آغا سے لوگ کم دیکھے

یعنی عبدالرشید تھا استاد — خوشنویسی کی جستجو دی داد

خط کی خوبی کا اسکی اب تک ڈھنگ — صفحۂ روزگار پر ہے رنگ

وہ تصرف کہین جو کرتا ہے — شکل نقاش رنگ بھرتا ہے

حیرت افزا ہے محسن تحریر — مشقی اسکی ہے قطعۂ تصویر

خط شیرین جو اسکا پاتا ہین — ہم حلاوت بہت اٹھاتے ہین

لگ گئی ہے قلم تو جادو ہی — مد جہان ہے کسو کی ابرو ہے

سطر لکھت نہین خفی کی وہ — خط ہے خوبان کی پشت کا وہ

ایسا لکھنا کسو کی طاقت ہے — ہے جلی بھی تو ایک بات ہے

خط مین کیسا ہی کوئی کامل ہے — اسکا کب نقطۂ مقابل ہو

حرف کس کس ادا سے لکھتا ہے — کون ایسی صفا سے لکھتا ہے

ہے الف قامت نکویان — لام ہے زلف سلسلہ مویان

(۶۲۳)

[illegible]

تھے ابھی روٹی ہو گئی جیبی جب	مین رہا کہتا کھا گیا وہ سمیٹ
کھانا کوئی ادر کیا کیسے اسکا	سارے منھ دیکھتے رہے اسکا
جب مرگیا وہ بھوکھ کا رڑگی	روح توشے کی روٹی مین گئی
کھانے کی بو جو ناک مین بیٹھے	مرگیا ہووے تو بھی اٹھ بیٹھے
عقل باور اگرچہ کرتی نہین	وہ مری بھوک اسکی مرتی نہیں
بھوکھ اسکا جو جی نکل جاوے	گور مین بھی کفن نکل جاوے

مرثیہ خروس کہ در خانہ فقیر بود

کئی برس سے ہمارے کنے تھا ایک خروس	نہ دیس عرش کی اولاد دو وا افسوس
پھر جو اس نے کیا یک نا تر کج باز	قضا نے اسکو کیا ایکبار مرغ انداز
دیا کرے وہ اذان دونون وقت صبح و شام	بجا ہے مرغ مصلے رکھین گر اسکا نام
نہین مرغ چمن مین جہاں کا ایسا آج	برنگ کلہ تاج خروس سر پر تاج
جو بیٹھے جہاز مین سو دراز بیری مرغ خیال	کھڑا ہو دھوپ مین تو رشک مرغ زرین بال
کبھو جو صحن مین گھر کے وہ اشرف الطیار	پھر ہی کیس کو ڈالے تو مرغ آتش خوار
نہ جیبین مین ثنا گستر مین اسکی مدام	ہنر گذشت گزین مرغ سبزوار تمام

[illegible]

گھنچے باورچیون سے کیا کیا ناز
کھانا نکلے پر آوے ہے کیسے
وقت کھانے کے ہاتھ سے اسکا
کیا وہ دو پیازہ کھا کے ہو تاز
گوشت ہانڈی بھرا ہے نمک مرچ
خام طمعی سے اک کرے ہے آہ
نہ ٹلے دیکھ کر وہ قاب پلاؤ
کھانے پر جب وہ جی چلاتا ہے
نہین پہونچی جو کھانا کھاؤ لگ
بھوکھ کا باؤلا جو آتا ہے
دھونین دشمنون سے بھی وہ لئیم
آتش بغرا یہ مار بھی کھاوے
اسکی غلس کے گھر جو جاتا ہے
بھوکھ سے جبکہ غصے مین آوے
ہڈیون کو نکھہ کے کھا جاوے

کتری گئی اسکے جو زردہ پیازہ
چیل ٹوٹے ہے گوشت پر جیسے
قاب پر نان نخچہ کش گویا
اک نوالا ملا ہے دو پیازہ
ہنڈیان گویا تھین اسکی خشت تیز
دیکھ کر شکر نان نالہ آہ
منھہ سے منھہ بٹھا کر یہ کھاؤ کھا
اٹھی پاٹھی بھی کھاؤ جاتا ہے
ہڈیون پر لڑے ہے جیسے سگ
لوگون کو کاٹ کھاتا ہے
جلے گھل مل اگر سنے ہے حلیم
اسمین گو بو غذا نکل جاوے
کچھ نہین خفتین ہی کھاتا ہے
بز کو ہما کی طرح جھنجھلاوے
چنے لوہے کے بھی چبا جاوے

مثنوی در ہجو اکول

ٹرے بوندنکی چوٹ سے ڈرڑی ۔ سنگباران جہان ہوان سے
ٹرھتے ہین یار درس حیرانی ۔ آرسی کے بھی گھر مین ہی پانی
آدمی ہین سو کب نکلتے ہین ۔ مردم آبی پھرتے چلتے ہین
کتنے ڈوبے گئے کہان ہین اب ۔ سگ آبی ہی ہین جہان ہین اب
وسعتِ آب پوچھہ مت کچھہ یار ۔ کوچے موجون کے ہوگئے بازار
معبد اب سارے گرتے آتے ہین ۔ زاہد خشک ڈوبے جاتے ہین
تھا ٹھہرنا برا برا سکے شاق ۔ مسجد و نمین کیا ہے استغراق
مینھہ تو یان اب لگے ہی تہی ہین ۔ ساری عالم کے کان بہتے ہین
غرق ہی چڑیا اور گلہری ہے ۔ خشکی کا جانور بھی بحری ہے
مینھہ از بسکہ بہیبہا ہے گا ۔ اک جہان کو ڈبورہا ہے گا
شعر کی بحر مین بھی ہی پانی ۔ بہتی پھرتی ہے اب غزل خوانی
لائی یا زندگی کی چالاکی ۔ آب خشک گھر پہ نمناکی
ہے زراعت جو پانی ذماری ۔ ہو گئی آنجست ترکاری
آب ہے گا جہان کے سرتا سر ۔ خوف سے سوکھتا ہے میوہ تر
ست ہو ہو گئے ہین مست شراب ۔ غوطہ کھاتے پھری ہین عالم آب

دے ہرن کو بھی جلدی مین بتا | ہیگا یان سگ لوند کیا کتا
اُڑتی چڑیا انھین نے ماری ہے | استخوان سگ شکاری ہے
یہ جو غصّے مین آوے تو ہی غضب | اسکے مارے ہوے ہین یارے سب
منہ مین دیتے ہین اسکو جب مشعل | طرفہ دم لا کے کرتی ہی اچپل
منہ مین اپنے لیئے فیتا سے | سگ لیلے کے ہے قبیلے سے
باہم اس کتے بلی کا یہ ربط | کوئی دیکھے ہووے اُس ہی ضبط
کبھو جاتا جو ہے یہ کوٹھے پر | لگی رہتی ہے اسکی چھت ہی نظر
اور دے دشمنی جانی ہے | اسکی یہ باؤلی دیوانی ہے
دونون شوخی سے مار تہہ ہین | سگ وگربہ کی چال رہتی ہین

مثنوی در مذمت برشگال کہ باران دران سال بسیار شدہ بود

کیا کہون اُنکی کیسی ہی برسات | جوش باران سی بہہ گئی ہی بات
بوند تھمتی نہین ہے اُنکی سال | چرخ گویا ہے آب در غربال
وہی یکسان اندھیر برسے ہے | آسمان چشم واکو ترسے ہے

گھونس جب فکر ہی مین مرتی ہو ہوش دشمنی پہ کیا گذرتی ہو

کوئی چھچھوندر جو بستی مین ہے سو وہ چوہونکی مرثیہ خوان ہے

ایکدن گھر مین ایک گھونس آئی اپنے پانون اجل اُسے لائی

گھونس کیسی بتاؤن غیرت سونس طاق ہی جسکے آگے طاقت نس

یا کوئی مادہ خوک آبستن یا کسی کھوے کی برادر زن

پھرتی پھرتی جو صحن مین جو نکال بلے دیوار بیٹھی سر کو نکال

کہین ادھر یہ شیر جاتا تھا پھیرتا منھ پہ پنجے آتا تھا

پڑ گئی اسکی اسپہ چشم کبود نیلا پیلا ہوتا دُکھا جون دود

پنجہ جھنجھلا کے اُن نے گذرانا بارے کچہ گھونس نے اُسے جانا

بڑے سے خوف جان نہ آیا کچہ غالب آیا نہ اسکا سایہ کچہ

ٹھک ٹھکا یا پھر اُن نہ جاتا تو کیونکہ تھا یہ تو شیر کا خالو

پھر تو بگڑی ہی دونون مین آگر چوٹ ہوتی ہے داہ ٹایا کر

غصہ خر موش کو بھی آن چڑھا اتفاق اس جگہ تھا ایک گڑھا

دونون لڑتے ہوئے گرے آ مین کیچ کا گاہتے پھرے اسمین

ناخن اس شیر کا کچہ ایک گڑا شور محشر گڑھا ہی کیے بیچ پڑا

قطعہ

موج خشتی ستونمین پیٹھی — جان غمناک خون مین بیٹھی
لے گیا پیچ و تاب پانی کا — کوٹھری تھی حباب پانی کا
یون دھسا گھر کہ بار خاطر تھا — آہ کس کا غبار خاطر تھا
اکھڑی وہلیز سب منڈیر گری — لہر پانی کی جھاڑ دیتی پھری
ساری بنیاد پانی نے کاٹی — اینٹ کے گھر کو کر دیا ماٹی
جھک گئے سب ستون در بیٹھا — ڈہی چھپر کھڑا ہے گھر بیٹھا
جب اجارے پہ آ گئے چھٹ ٹھہری — ہم سبھون مین یہ مصلحت ٹھہری
آداب چھوڑ کر یہ گھر نکلین — کسو ٹیٹی پہ بیٹھ کر نکلین
دبکے مرنے سے ڈوب مرنا خوب — ہے کنارا یہان سے مرنا خوب
سنکے ہر اک جی مین ڈر آیا — خاطرون مین یہ حرف ٹھہرایا
گٹھری کپڑون کی مین اٹھائی تھی — سر پہ بھائی کے چارپائی تھی
بوجھ کپڑون کا جسنے باندھا تھا — اسکا سارا نگار کا ندھا تھا
ساتھ کوئی چراغ لی نکلا — کوئی سر پر اجاغ لے نکلا
چھاج کی کرکے کوئی اوٹ چلا — مینھ کے مارے کوئی لوٹ چلا
منھ پہ چھلنے کو ایک نے رکھا — ایک نے سرکی کا کیا گھویا

جسکو خدا خراب کرے پھر وہ کیا کرے | کیونکر زبان نکالے نہ جون سگ پھرا کرے
آواز دے دے کتونکو توڑے ہے اپنی جان | مرجائیگا یہ بھونکتے ہی بھونکتے ندان
ہے سبکہ سگ پرست مریگا جو | توشے مین اسکے ہوگا نہ کچھ غیر سگ کنی
کتونکے پیچھے پھرتا ہے گلیونمین ڈھونڈہتو | یہ سب ہے اسلیئے کہ ہر اک ناے شور ہو
اس وضع ساختہ کے ہون احمق فریفتہ | بہرہ ہے جنکو عقل سے وے کیون نہ ہون شیفتہ
ہے اسطرح کے معرکہ گیرون سے یہ جہان | بہتیرے ایسے کتے نچاتے پھرے ہین یان

مثنوی در ہجو خانہ خود کہ سبب شدت باران خراب شدہ بود

جسم خاکی مین جسطرح جان ہے | اس طرح خانہ ہم پہ زندان ہے
ظلمتین اسکی سب پہ روشن ہین | زندہ درگور ہم کے تن ہین
ہے جو سرکوب اک بڑی دیوار | وانسے جھانکو تو ہے اندھیرا غار
بخت بد دیکھ ساری پرنالے | اسکے معمار نے ادھر ڈھالے
اب جو آیا ہے موسم برسات | دن کو ہے اپنے ہان اندھیری رات
صحن مین آب نیزہ بالا ہے | کوچہ موج ہے کہ نالا ہے
مینہ مین گھر کے پانچ چھہ چھپر | ہم غریبون کے ہوتے ہین سرپر

ہجو عاقل نام ناکسے کہ بسگان انسی تمام داشت

اک جو لچر کو زرق کی عادت سی ہو گئی — ننگی کی ہو چلنے تو رغبت سی ہو گئی

کتونکی ساتھ کھانے لگا کتونسی معاش — پھرتا ہی کیطرح شام و سحر کتونکی تلاش

پاکیزگی طبع و لطافت وہ بر طرف — کتا بغل مین مار کے لگا پھرنے ہر طرف

و بکار و کتے کو تو نہوا نیا دہ ہی — ہی اسکی استخوان شکنی کتونکے لئے

یا جھوڈی ہاتھ کو مارا نہ تھا کبھی — یا کتون سے چٹایا ہی اپنے منہ کو کبھی

کہتے ہین پاس کتے ہین جیب و کنار مین — کہتی ہین آستینون مین کتے ازار مین

آیا جو ایک روز وہ گھر سے چلا ہوا — کتا ازار اسکے سے نکلا بندھا ہوا

یک سگ گزیدہ کی سی طرح جھونکنے لگا — پھر کھول اسکے منہ کے تئین چومنے لگا

ایسی بھی ہمنے دیکھی نہین کتونکی ہوس — گردن مین اپنی ڈالے پھرے روز و شب مرس

ٹکڑا ہو جسکے ہاتھ مین اسکا رہے سگ — جیسے سگ سرای سگ ہر سرای ہے

کتونکی جستجو مین ہو اور ڈرا باٹ کا — دھوبی کا کتا ہی کہ نہ گھر کا نہ گھاٹ کا

بھٹکتا ہی پھر جو کرتے ہیں دوڑ دوڑ دھیان — لیتا ہی بید ماغ ہو لوگونکی کیڑ دھیلا

جو ڈھونڈیون یہ لڑتا رہا ہو سیان سگ — ہو آدمی تو اسکو بھلا کس مقام لگ

۶۱۵

ان کمینون کا گلہ کیا کیجیے / ایسے دس پیدا ہون گر نہ لیجیے

کہتے ہین سہر گرم بیبا کی ہی یہ / ہون تو ہون ناپاک کیا پاکی تمیز

لکھیے اس فرقہ کی اب تا چند ذم / خط بنا دین ایسا کہلے کف قلم

گرچہ انکو کہتے ہین آئینہ دار / لیک انکا منہ نہ دیکھین کاش یار

صاف قینچی پر انھین چڑھوا لے / گر نہ موا اس مین پھر ہو جاے

چاہو ہو اس قوم کی شرح حال / آگے ہی آ دینگے جتنے ہونگے بال

ایک سفید انکو نہین خنجر تک / ہوتی ہین دشمن یہ کالی بال تک

کیا کہون کیسے ہین یہ فندھو یہ لچر / کیجیے اصلاح عابد ہو وہی شر

گھر مین ایسا ہر کہ کردین پائمال / سید ھیان جب سنلین تب لین اٹھی بال

معتبر انکے جو حجامی ہین اب / ہند مین وہ تیرہ روشامی ہین سب

کوئی لیجائے جو حاجت غسل کی / چلو چلو پانی پر دیتی ہین جی

نعتین کرتی ہی گذری اسکو دان / غسل مین فرصت تشہد کی کہان

بیٹھے حمامی خانہ مین کیا غسل کر / جیب شاگردون نے دان رکھی کتر

لیک پھرا جرت کی او پر جنگ ہی / لات ہی گالی ہے پھر سر جنگ ہی

اس سقادہ مین گیا تھا اک حریف / اسکی فی الجملہ طبیعت تھی ظریف

بھڑ گیا ہووے دماغ اسکا تمام — پڑھتے پڑھتے شور سی ہر صبح و شام

وہ حرف جو روسی جا بک جا ہو — ایسا الو ماخرا پیدا ہوا

دیکھ کر اونکی خرابی پائی [illegible] — ایک کوتے نے کی تقلید تدرو

کود کر چلنے لگا آخر کو راہ — اپنی بھی رفتار بھولا رو سیاہ

کاشگے ہووین مخدر شیخ و شاب — چھوٹی سا منھ جو بکار ہیگا ہی باب

بد نمائی اسکی ہی بیساختہ — کیلہے یان میش تنجہ انداختہ

دیکھ اسے یاد آوے قدرت کاملہ — کیا بلا ہے مادہ خوک حاملہ

گرگ گردن خوک چشم غوک سر — غول صحرائی کا بچہ ہے مگر

چار سکھیان کہنکو شاعر ہو گیا — اس فن مشکل کا ماہر ہو گیا

باپ کو اُن نے نبار کھا ہو اقت — ہین کہان ایسے سعادتمند پوت

گم ہوا ہے گا جو اسکا نور پا — جانتا ہے اسکو پیر کیا عصا

کچھ نہین معلوم اسکو سرکار — تپ کو ٹھہرایا ہے اسکو راہ [illegible]

اس زنا زادے نے جو لب واکیا — پہلے ماکا راز ہی رسوا کیا

ایک ہی شب کے تئین جلوا دی — یار مان کے باپ کو دکھلا دے

پھر حقیقی باپ سے جا کر ملا — اس مجازی کا کیا اس سی گلا

چل قلم اب ہی ارادہ جنگ کا — پاس کبتک کہیچنی نام و ننگ کا

یاں زبر دستوں کو دعوی کھا گیا — یہ چھپا رستم کہان سے آگیا

تا قیامت فہم کو دعوی بڑا — ہو گئے تنکا سا پہاڑ ونسی اوڑا

ہاتھی کی ٹکر کو ہاتھی ہی اٹھائے — چیونٹی کا کیا جگر جو منہہ یہ آئے

جنگ ہاتھی کی ہی گو اسکو ہوس — پر اسے ہی موت کا ریلا ہی بس

ایک دھکے مین کہان وہ کاہنی — بودنی کی سی ہی اسکی ضانئی

مین نے پاس اسکا کیا حد سے زیادہ — پر کمی کرتا ہے یہ ابن زیاد

قبلہ کہتے کہتے حاجی ہو گیا — پاس ظاہر چھوڑ باجی ہو گیا

رشک شہرت سے مری مرنے لگا — میری عزت کا حسد کرنے لگا

لگ گئی چپ اسکو میرے شور سے — یہ نہ سمجھا ہے خدا کی اور سے

یہ قبول خاطر لطف سخن — وہ ہے کب سکو خدائی ذوالمنن

ایک دو ہی ہوتے ہین خوش طرز و طور — اب چنانچہ میر و مرزا کا ہی دور

خصمی وہ کرے کہ ہو معقول خلق — نے انھون ہی جو کہ ہو مقبول خلق

دشمنی بھی اسکو مجھسی کیا ضرور — حیف ایسی عقل لعنت یہ شعور

ہون جو مین پر تو فگن تو ہی پتہ گیا — خور کے آگے ذرہ کب ٹھہرا رہا

کسب جو کرتے تھے یہ فن لطیف	انمین سے کوئی نہ تھا میرا حریف
کتنے اک نومشق تھے گرم سخن	سو بچارے آپ ہی ناآگاہ فن
مدعی میرا ہوا یہ بے ہنر	مردۂ صد سالہ سا بے نور تر
کاسہ لیس مایۂ خبث و حسود	قلیۂ دہ روزہ سے بھی بدنمود
آتے اچھا ہی جو اسکو روک دو	ورنہ منھ دیکھو تو وہ ہین اوکدو
باپ اسکا سخت نادان نادرست	لوری کی سی گندی بلی فاق درست
ایک جا آیا شتر قد گھر گیا	وان شتر غمزہ سا مجھسی کر گیا
رہ گیا مین پی کے لوہو کا سا گھونٹ	یعنی دیکھون بیٹھے ہے کس کل اونٹ
اس تحمل پر نہ تھی مطلق نظر	خار پہلو کا ہوا ہر جا بچر
جب لگے ہے ناچنے مستی سے خوب	تب لیا مین نے قلم کے زیر چوب
مستی اسکی ساری اب جھڑ جائیگی	دھوم ساری گلیونمین پڑ جائیگی
جب بڑون سے مارنا ہمو رکھا مین	کج خرامی سے تب اپنی باز آئین
راہ سیدھا ہو کے چلتا ہی بلے	اونٹ جب آیا پہاڑون کے تلے
اونٹ کی خلقت پہ ہے قدرت کو ناز	اسکی خلقت کم ہے کیا اے بے نیاز
ہیئت اسکی مضحکہ ہے سوانگ ہے	جیسے عوج بن عنق کی ٹانگ ہے

جو کہ نے خود سری سے باز آئے | تربیت ہو نیکو استاد و نکی جائے
ورنہ کرتا پوچ گوئی ہر زنیگ | رفتہ رفتہ شاعری ہو جاتی ننگ
تب جو مین شلاق کی یہ خام تھا | اب جو آیا لائق انعام تھا
قصہ کوتاہ تھی ممیّز درمیان | ننگ ہے کرم مزابل پر بھی یان
بے تمیزی سے ہے رائج ابتری | جسکو دیکھو خود نمائی خود سری
نے بیان کا ہے سلیقہ نے زبان | اسپہ ہے ہر ایک سحبان بیان
بس قلم وقت زبان بازی نہین | چپ کہ دوران سخن سازی نہین
کون حرف خوب کو کرتا ہے گوش | بات کی فہمید کا ہے کسکو ہوش
بے تمیز و نسے بھرا ہے سب جہان | ہے دماغ حرف ہمکو بھی کہان

تمام شد

مثنوی در ہجو نااہل مسمّی بزبان زد عالم

سنو اے اہل سخن بعد از سلام | چھیڑتا ہے مجکو اک تخم حرام
پر نہین مرغی کا گرم طرہ ہے | وہم مین فہمباز کا ہمسیر ہے
کام مجکو کچھ نہین ہے اور سے | بلکہ اس بھی طرز سے اسطور سے

چونکہ خود رکھتے استاد وسی عار | انکے تئین ہرگز نہ ہوتا اعتبار
زندگی بسکہ انھون پر شاق تھی | ہاتھ گر لگ جاتی تھی سلاق تھی

حکایت

شائق فن تھا وزیر اصفہان | ایک دن آیا ہلالی اُسکے ہان
حاجبان در سے ہوا آگاہ کار | کی اشارت تا اسے فی الفور بار
عزت و تعظیم کی حد سے زیاد | پاس لے مسند پہ بیٹھا شاد شاد
اُن نے کھینچی اسکی مدارانی بہت | بیٹھے بیٹھے رات جب آئی بہت
شعر کی تقریب لا کر درمیان | کرنے لاگا شاعری کا امتحان
شعر خوانی کی پڑھا سو تھا غلط | سنتے ہی بھڑکا وہ شعلہ کی نمط
غصہ ہو بولا کہ ہان فراش و چوب | کھینچ لا میدان مین کی شلاق خوب
اسقدر مارا کہ بے دم ہو گیا | سوچ دست و پا ہر اک تھم ہو گیا
کھینچ کر ڈلوا دیا دربار مین | یہ خبر پہونچی جو ہر بازار مین
وارث اسکے لیگئے آرات کو | جب بخود آیا تو پایا بات کو
یعنی دستور زمان دشمن نہ تھا | یا وہ کچھ نا آشنائی فن نہ تھا
غالباً پایا غلط اشعار کو | خوش نہ آیا اُس کرم گستار کو

مثنوی مسمی بہ تنبیہ الجہال

صحبتین جب تھین تو یہ فن تھا شریف	کسب کرتے جنکی طبعین تھین لطیف
تھے ممیز درمیان انصاف تھا	خار و خس سے کیا یہ عرصہ صاف تھا
دخل اس فن مین نتھا اجلاف کو	کیا بتاتے تھے یہ سو اشراف کو
تھے جو اس ایام مین استاد فن	ناکسون سے وہ نکرتے تھے سخن
پھر حصول اس سے نہ دنیا ہے نہ دین	کوئی حاجت اُس سے وابستہ نہین
گر چمار اس کارخانہ مین نہو	ٹوٹے جوتے کو کہان لیکر پھرو
چار و ناچار اُس کنے جانا پڑے	کوڑیان دے جوتی گٹھوانا پڑے
حاجت اس فرقے سے مطلق نا ہنر	جو نہو شاعر تو کچھ نقصان نہین
یہ تو دنیا مین ہے اس فن کا کمال	دین کا اس فرقے کے پوچھو یہ حال
کذب ہو جس بات کا رونق بخش سمع	وانکی دینداری رکھو اور دلکو جمع
جھوٹ آدی اسقدر جب ہو میان	گو یقین ایمان کیا دین کہان
ہم نا ملک تھی بھی وہی رسم قدیم	یعنی جنکے ہوتے تھے ذہن سلیم
پیار کرتے تھے انھین استاد فن	انکے ہوتے راہبر راہ سخن

پہونچیا تھا گردون تلک شور و شر ۔ ہوا صاف ہوتی نہ روز دوپہر
رہا کرتی کوسون تلک اسکی دھوم ۔ نہ اُس راہ آتا کوئی جز سموم
ہوئی ساکنان بیابان تنگ ۔ اُٹھے کوہ و وادی سے شیر و پلنگ
گئے جان لیکے وحوش و طیور ۔ کوئی رہگیا موش و مینڈھک سا دور
گئی لومڑی ایک سوکھی ہوئی ۔ کسو در جنگل مین بھوکھی ہوئی
لگی مین جو یان کی کھلے اسکے لب ۔ ہوئی وان کی عیان گرم غضب
خراطین و خرموش و موش و شغال ۔ اس اژدر کو کہہ جنس اپنی خیال
روان ساتھ اسکے شبانہ ہوئے ۔ گئی گرگٹ آگے روانہ ہوئے
رعونت سے مینڈھک اچھلتے چلے ۔ بلون مین سے چوہے نکلتے چلے
قریب اُس بیابان کے جسدم گئے ۔ اُنھون مین سے آگے بہت کم گئے
قضارا وہ آفت تھی سرگرم سیر ۔ چلے آتے تھے بھاگتے وحش و طیر
اُس آشوب سے دست و پا گم گئے ۔ فراموش سب نے سر و دم کیے
لڑا ڈر کے خرموش سا پہلوان ۔ ہوا مضطرب کیچوا سا جوان
وہ گرگٹ کہ جسکو تھی گردن کشی ۔ ہوئی خوف سے اُسپہ طاری غشی
قدم غوک سے گرد کا جل گیا ۔ بھروسا گیدڑ یہ سوٹک گیا

لطف سنبل و ال نال پر ہر آن
لب سی جان بخش حرف سی دیکھو
یاد کر روون انکی کونسی بات
ملنا انسے بھی ہو گھٹے غم بھی
مدت ہجر اگر تمام ہوئی

تازہ ہر دم مروت احسان
لطف سے پوچھنا کہ خوش ہی تو
کسطرح کاٹون ہجر کے اوقات
آئے جیتیون مین جائیے ہم بھی
ورنہ اپنی تو صبح شام ہوئی

تمام شد مسمی بہ معاملات
مثنویات اژدر نامہ

یہ موذی کئی تا خبر دار من
نہین جانتی ہون مین مار سیاہ
نفس ہے مرا افعی پیچدار
جدھر بھر نظر دیکھون لگجائی آگ
جہان مین ہون وہ جا ہی پرشر و شور
مری آنکھ سے زہر ٹپکا کیا
سُن اس ماجرے کو سبھون نے کہا
یہ خصمی مری اژدہون سی ہوئی

نئی ناگنین جنکے ٹیکو نیہ پھن
زمانہ ہے آتش کا میری نگاہ
گیا جس سے خصم قوی من کو مار
دم دم کشی لب پہ کھیلین ہین ناگ
عصا سے چلے راہ وان مار و مور
جلا آگے میرے کبھو کب دیا
کہان کیچوے یہ کہان اژدہا
طرف مجھسے ہو جو نک کیا اوہوئی

جو پڑھے گا جنگ نامہ یان   ہوگی ساری حقیقت اسپہ عیان
یان نہ تفصیل کرنے کا تھا مقام   کہ محبت سے یان ہی حرف کلام

معاملہ ہفتم

بارے کچھ بڑھ گیا ہمارا ربط   ہو سکا پھر نہ دو طرف سے ضبط
تب ہوا بیچ سے یہ رفع حجاب   جب بدگمین رہی نہ مطلق تاب
ایک دن ہم وے متصل بیٹھے   اپنے دل خواہ دونون مل بیٹھے
شوق کا سب کہا قبول ہوا   یعنی مقصود دل حصول ہوا
واسطے جسکے تھا مین آوارہ   ہاتھ آئی مرے وہ مہ پارہ
گاہ گاہے دست وے ہم آغوشی   ہمسری ہمکناری ہمدوشی
چند روز اس طرح رہی صحبت   پیار اخلاص رابطہ الفت
کچھ کہون جو انھو نکی ہو تقصیر   نارسائی تھی طالعونکی میر
ہو گئے بخت اپنے برگشتہ   پھر کیا آسمان نے سرگشتہ
بات ایسی ہے اتفاق پڑی   کہ ہوئی سر پہ فرقت آن کڑی
لگی کہنے کہ مصلحت ہی یہ   کتنے روز ون جدا تو مجھسے رہ

رشتہ ربط انھون نے توڑ دیا
ملنا جلنا سبھون سے چھوڑ دیا
نظر آتے نہین ہین مدت سے
آشنا یار سارے بیگانے
کہ نقط جان سے جہان سے گیا
زن و فرزند خانمان سے گیا

صورت انکی خیال مین ہر دم
خواب مین جو ہو وہ فرہ باہم
مین تو بستر پہ دل شکستہ اداس
چاند سا منہ انھون کا تکیے پاس
مین بچھونے پہ بیخود و بیخواب
ایک پیکر پری کا سا ہمخواب
فرش پر پانون یہ غبار آلود
انمین وہ دونون پا نگار آلود
مین تو افتادہ محو عجز و نیاز
باز و سر کسو کی بالش ناز
حلبتی آنکھون کبھی گل رخسار
جسپہ کچھ بکھرے موی عنبر بار
پاس منہ کے وہ لال تر نازک
دست گستاخ بر کمر نازک
فرش اس گلبدن سے سب بویا
پھول مین نے بچھائے تھے گویا
شب کٹے صورت خیالی سے
دن کو ہون مین شکستہ حالی سے
اگرچہ روزانہ بھی تصور تھا
لیکن اندوہ سے مکدر تھا
کہین تصویر سی نظر آئی
کہین منہ پھیر جیسے شرمائی
کبھی دل انکے رو برو مین رہے
کبھی ملنے کی آرزو مین رہے
صورت حال اور کچھ ہر دم
گاہ لب خشک گاہ مژگان نم
مین بھی مقدور تک وفا کی ہے
خان غمناک پر جفا کی ہے
برسون تک مین پھرا ہون سرگردان
روز و شب دونون بھی تجھ بیچ نہان

ایک دن فرش پر تھا میرا ہاتھ | باتین کرتے تھے دو بھی میرے ساتھ
پانون سے ایک انگلی ملڈالی | لطف سے دو دو وہ نہ تھا خالی
درد سے کی جو مین نے بیتابی | دست نازک سے دیر تک دابی
یاد آتے ہین ایسے لطف جواب | گذرے ہین جان غم زدہ پہ غضب
تن بدن دیکھ جی نہ رہتا تھا | مین جو گستاخ ہوکے کہتا تھا
کہ یہ جاگہ تم اس فقیر کو دو | تبسم ہوکے کہتے وے یہ لو
یہ بھی کیا کیا خیال رکھتے ہین | آرزوے محال رکھتے ہین
پھر گھڑی بھر مین کہتی ہو ملول | مار کھانے کی باتین سب ہین قبول
جب سلوک انکا یاد آتا ہے | کیا کہون جی سے بھول جاتا ہے

معاملہ چہارم

ایک دن پان وہ چباتے تھے | سرخ لب وہ نکے مجکو بھاتے تھے
کہ اٹھائین اگر اوگال مجھے | منھ سے دو تو کرو نہال مجھے
بولے یو نہین ہی مین کہا ہا سچ | جھوٹا کھاتے ہین میٹھے کی للچ
ہنسکے اسوقت مجکو ٹال دیا | پھر اسی رنگ سے اگال دیا
ایسی صدرنگ مہربانی تھی | تب سیہ رو کی زندگانی تھی

معاملہ پنجم

معاملہ ششم

وعدہ بن ہی ہلاک ہوتا ہون
یاد کرتا ہون اور روتا ہون
گیسوؤن بن ہی کی کو پیچ و تاب
صورت

اسکے تو پہلو سے مین ہو کی جدا — درد پہلو سے تنگ دل ہی ہا

ہائے اُس سے خدا خدا نہ کرے — دور اس سے جیون خدا نکرے

یون تو ہین سُرخ اسکی ہر انگشت — دو بی ہین میرے خونمین ہر انگشت

وہ کفِ دست راحت جان ہے — کاش سینے پہ رکھدے غم یان ہے

کیا بیان خوبی شکم کو کرے — دیکھنے سے کبھو نہ پیٹ بھرے

صدر کے ناحیے سے لے تا ناف — چپکی جاگہ ہی کیونکہ کہئے صاف

اس سے پھر آگے غنچۂ گل ہے — یان سخن بابت تامل ہے

پیرہمین بھی جو کچھ کہا جاوے — آپ تو نہ ٹک رہا جاوے

گئی نظر ویسے وہ کمر باریک — ہو نہ آنکھونمین کیون جہان تاریک

اور کیا دل زدیکو بات آوے — کہین یارب شتاب ہاتھ آوے

نازکی اُس میان کی کیا کہئے — بنے تو ہاتھونمین لئے رہئے

ٹک اگر لچکے تو قیامت ہے — پھر قیامت تلک ندامت ہے

کیون پڑی ران نظر تا ساق — اُس بن اب زندگی ہوئی ہے شاق

ہائے جانان سی گفتگو ہے اب — خاک مین ملنے کا یہی ہے ڈھب

وہ قدم کاش فرق سر پر ہو — ساق سیمین مری کمر پر ہو

معاملہ سوم

اسکی زلفون مین دل گئے نہ پھرے | رہے سنبل کے پیچ پاچ دھرے
اُس جبین سے ہو لگی کب جاذب | صبح صادق کی دعوی ہی کاذب
ویسی بھوین کشیدہ بھی ہین کہین | یہ کمانین کسو سے کھنچتی نہین
پھری پلکون کی اور سب کی نگاہ | چشم پر میری تیری چشم سیاہ
کہون چتون کے دیکھنے کا طور | اس قیامت پہ وہ قیامت اور
سطح رخسار آئینہ سے صاف | جو نہ ٹھہرے نگہ تو رکھے معاف
لطف بینی کا فہم ہے دشوار | ایک باریک بینی ہی درکار
کیا جھمکتا ہے بالے رنگ قبول | جیسے کھڑا گلاب کا سا پھول
ہی دہن تنگی سے سخن کوتاہ | کچھ نکلتی نہین سخن کی راہ
اس سے گل کیا چنے کوئی ہمدم | غنچۂ ناشگفتہ سی بھی کم
برگ گل سے زبان ہی نازک تر | پھول جھڑتے ہین بات بات اوپر
کیا کہون کم ہین ایسے شیرین گو | وہ زبان کاش میرے منھ مین ہو
دمبدم سے گوش اشارہ صبح | گوہر گوش باستارہ صبح
جب بنا گوش اُن نے دکھلایا | صبح کا سا سمان نظر آیا
ان لبون کا مزا لیا سو بھانت | تسکے اوپر ہمارا بھی ہی دانت

قصہ میرا بھی سانحہ ہے عجب	کس پہ گذرا ہے یہ ستم یہ غضب

معاملہ اول

ایک صاحب سے جی لگا میرا — اُنکے عشوونے دل ٹھگا میرا
ابتدا مین تو یہ رہی صحبت — نام سے اُنکے تھی مجھے الفت
خوبی اُنکی جو سب کہا کرتے — گوش میرے اُدھر رہا کرتے
بخت برگشتہ پھر جو یار ہوے — اک طرح مجھسے وی دوچار ہوے
کیا کہون طرز دیکھنے کے آہ — دل جگر سے گذر گئی وہ نگاہ
جسکے منہ انکا دیکھ رہتا ہون — جی مین کیا کیا نہ کہہ نہ کہتا ہون
دیر تو ہر چند اپنے طور کے تھی — پر تصرف مین ایک اور کے تھی
کرتے ظاہر مین احتیاط بہت — مجھ سے بھی رکھتے اختلاط بہت
بات کی طرز میری ہی بھاتی — میری آزردگی نہ خوش آتی
پیار چتون سے پھر نکلنے لگا — دیکھنا میرے دل کو ملنے لگا
کہین دیکھون تو بات دیر کہین — بیدماغ اور بدگمان رہین
کچھ آزار مجکو دینے لگے — قسم اقسام مجھسے لینے لگے
مین جو کھاتا قسم تو ہو برہم — کہنے لگتے کہ کیا گدا کی قسم

معاملہ دوم

ایک مدت تلک یہ صحبت تھی — کبھو الفت کبھو نہ الفت تھی
رفتہ رفتہ سلوک بیچ آیا — ... پانون کو پشت لگوایا
گاہ گاہ بیگاہ پانون پھیلاتے — میری آنکھون سے تلوے ملواتے
رحم کرتے آتے ... جب کبھو ادھر — پانون رکھتے تھے میری آنکھون پر
دیکھنے مین تو یا تماشا ہی تھی

ایک دو دن مین بعد رفع ملال — لطف سے پوچھتے کبھو کچھ حال
جو گذرتی تھی مجھ پہ مین کہتا — یا کوئی اشک آنکھ سے بہتا
دیکھ کر روتے آپ بھی روتے — دل دہی کرتے جبتلک سوتے

۶۰۰

[illegible]

قیس کیا رنج کھینچ کھینچ موا | سر پہ فرہاد کے سنا جو ہوا
عشق نے چھاتیاں جلائی ہیں | آگین کس کس جگہ لگائی ہین
عشق مین ایک جی کو کھو بیٹھی | ایک آنکھون کو رو کے رو بیٹھی
ایکون کا جیب تا بدامن چاک | ایک ڈالے ہے سر گرا و پہ خاک
شان ارفع ہی جنکی خوار ہین ہائ | عقل والے جنون شعار ہین ہائ

خستہ عشق کچہ نہ میر ہوے
بادشاہ عشق مین فقیر ہوے

کوئی دلتنگ ہو کوئین مین گرا | کوئی ڈوبا کوئی گیا نہ پھرا
جب ٹینگا ہوا تھا اس سی داغ | جب ٹیا جیکوان زپیش چراغ
عشق کی فاختہ ستمکش ہے | عشق سے عندلیب دلکش ہے
عشق باعث ہوا وطن چھوٹے | مرغ پکڑے گئے چمن چھوٹے
مایہ درد و رنج سب ہی عشق | متصل رونے کا سبب ہی عشق
پڑ گئے دل جگر مین آخر چھید | کچھ نیا پا کنھون نے عشق کا بھید
تیزی تیغ ستم جو ایسے عشق | جامے بہتون کے خون مین کھینچے عشق
عشق سے قمری ہے حریف سرو | مہ سے آنکھین لڑا رہا ہی تدرو

مثنوی معاملات عشق

مین تو حیران کار تھا اپنا | کوئی اسدم نہ یار تھا اپنا
اینٹ پتھر تھے مٹی تھی یکسر | خاک مین ملگیا تھا گھر کا گھر
چرخ کی کجروی نے پیسا تھا | پر خدا میرا مجھہ سے سیدھا تھا
کتنے اک لوگ اسطرف دھائے | یا ملک آسمان سے آئے
ہنسی لے گئے دو ہاتھون مین | کام نے شکل پکڑی باتون مین
صورت اس لڑکے کی نظر آئی | ہم جو مردے تھے جان سی پائی
آنکھ کھولی ادھر ادھر دیکھا | اس خرابی کو بھر نظر دیکھا
قدرت حق دکھائی دی آکر | یعنے نکلا درست وہ گوہر
دہشت کی کوٹھری مین لا رکھا | گھر کا غم طاق پر اٹھا رکھا
مومیائی کھلائی کچھہ ہلدی | فرصت اسکو خدا نے دی جلدی
غم ہوا سبکے دوستدارونکو | پھر بندھا یہ خیال یارونکو
کہ مری بود و باش یان نہ ہے | گو تصرف مین یہ مکان نہ ہے
شہر مین جا بہم نہ پہونچو کہین | چار ناچار پھر رہا مین وہین
اب وہی گھر ہے بے سر سایہ | اور مین ہون وہی فرومایہ
دن کو ہے دھوپ رات کو ہے اوس | خواب راحت ہی پاے سو سو کوس

تنکے جاندار ہین جو بیٹھ وکم — تنپہ چیڑیوں کے جنگ ہے باہم
ایک کھینچے ہی چونچ سے کر زور — ایک لکڑی پہ کر رہی ہے شور
پوچھ مت زندگانی کیسی ہے — ایسے چھپر کی ایسی تیسی ہے
کیا کہون جو جفا چکش سی سہی — چارپائی ہمیشہ سہرے رہی
بوریا پھیل کر بچھا نہ کبھو — کونے ہی مین کھڑا رہا کیسو
ڈیوڑھی کی ہے یہ خوبی گھر ایسا — چھپرا اس جو نچلے کا گھر ایسا
جنس اعلیٰ کوئی کھٹولا کھاٹ — پائے پٹی رہے ہین جنکے کھاٹ
کھٹملون سے سیاہ ہے سو بھی — چین پڑتا نہین ہے شبکو بھی
شب بچھونا جو مین بچھاتا ہون — سر پہ روز سیاہ لاتا ہون
کیڑا ایک ایک پھر مکوڑا ہی — سانپ سے کھانے ہی کو دوڑا ہے
ایک چٹکی مین ایک جھنگے پر — ایک انگوٹھا دکھا دے انگلی پر
گرچہ بہتون کو مین مسل مارا — پر مجھے کھٹملون نے مل مارا
ملتے راتون گھس گئین پورین — ناخنون کی ہین لال سب پورین
ہاتھ تھکنے پہ گہ بچھونے پر — کبھو چادر کے کونے کونے پر
سلسلایا جو پائینتی کے اور — وہین مسلا کرا پڑیون کا زور

ایک چھپر ہے روضہ ہو شیخ چلی کا
بانس کی جانب ... مرکز ... کا
سو وہ ... ہوئی [illegible]
ہماری بستی مین ہے یہی تو خراب
جس سے پوچھو ہے بے شمار ... مشہور
بہت خرابی سے ... یہ شہر مین
گھر بھی ایسا ہے جس سے ... ذکور
قدر کیا گھر کی جگہ مین ہی نہ ہون
بند رکھتا ہون در جو گھر مین ہون
(۵۹۶)

کنگنی دیوار کی نیٹ بڑحال	پڈر ہی کا بوجھ بھی سکے نہ سنبھال
طوطا مینا تو ایک بات ہے	ہو دنا پھُد کی تو قیامت ہے
کیونکہ ساون کٹیگا ایکی بار	تھر تھرا دے بھنبیری سی دیوار
ہو گیا ہے جو اتفاق ایسا	شاق گذری ہے کیا کہون کیسا
ہو کے مضطر لگے ہین کہنے سب	اوڑ بھنبھیری کہ ساون آیا اب
تیری یان جو کوئی آتی ہے	جان مخزون نکل ہی جاتی ہے
نہین دیوار کا یہ اچھا ڈھنگ	کہین کھسکے تو ہے قیامت جنگ
ایک دن ایک کوا آ بیٹھا	بیگمان جیسے بوا آ بیٹھا
جس سے لوگ ڈری کرتی شور	کہ نہ حایط مین کچھ رہا تھا زور
ہو نہ ایسا کہ اپنی چال چلے	دوڑے اچھلے کہ ہال ہال چلے
نہین وہ زاغ چار پانو بھرا	ایک کالا پہاڑ آن گرا
مٹی اسکی کہین کہین ہبکی	جی ڈبا اور چھاتی بھی دھکی
سان کر خاک لگ گئی دو جا	بارے جلدی درست کی دیوار
اچھے ہونگے کھنڈر بھی اس گھر سی	برسے ہے یک خرابی گھر در سے
اکھڑے پکھڑی کواڑ ٹوٹی وصید	زلف زنجیرا یک کہنہ جدید

[illegible]

چار دیواری سو جگہ سے خم
لونی لگ لگ کے جھڑتی ہے ہر دم
کیا تھمے مینھ سقف چھلنی تمام
اس چکش کا علاج کیا کریے
جا نہین بیٹھنے کو گھر کے بیچ
آنکھین بھر لاکے یہ کہین ہین سب
جھاڑ باندھا ہے مینھ نے ورنہ
بازمین کانپتے ہین جو تھر تھر
کیچ لے لیکے مارے چھوپا ہے
اسکو پھر پر چھتی بھی ملتی نہین
ڈھانکو دیوار یا اٹھا رکھو
ایک حجرہ جو گھر مین ہے واقع
کہین سوراخ ہے کہین ہے چاک
کہین گوشون نے کھود ڈالا ہے
کہین گھر ہے کسو چھچھوندر کا

تر ننک ہو تو سو کھتے ہین ہم
آہ کیا عمر بے مزہ کاٹی
چھت سی آنکھین لگی رہی ہین مدام
راکھ ہے کب تلک گھڑی بھر ہے
ہے چکش سے تمام ایوان کیچ
کیونکہ پردا رہے گا یا رب اب
گھر کی دیوارین ہین گی جیسے بات
اپنے رو وار کھے کوئی کیونکر
چھونپا کا ہے کو بلکہ تھوپا ہے
ٹوٹا اک بوریا سا ڈالو کہین
یا ہمارے لیئے بچھا رکھو
سو شکستہ تر از دل عاشق
کہین جھڑ جھڑ کر ڈھیر سی ہے خاک
کہین چوہے نے سر نکالا ہے
شور ہر کونے مین ہے چھچھوندر کا

سب سے آگے آن پہونچے در تلک — دیکھے میری بانوں سے لے سر تلک
آنکھ سے معلوم ہو مشتاق ہے — بلی یا اعجوبۂ آفاق ہے
بلیاں ہوتی ہین اچھی بہتر کہین — یہ تماشا سا ہے بلی تو نہین
گرد رد باندھو تو چہرہ حور کا — چاندنی مین ہو تو بکا نور کا
گرم شوخی ہو اگر یہ مثل برق — بجلی مین اسمین کچھ کر سکئے فرق
یا پری اس پر زمین ہے جلوہ گر — اٹھتی اودھر سے نہین ہرگز نظر
کیسی ہے بلی ولایت کی ہے زور — خوب دیکھو تو ہے اسکے صدقے حور
ربط سے اپنے بھی جن کو انکے ساتھ — بیٹھے ہی تو بیٹھ پر میرا ہی ہاتھ
ایک دن جا کر کہین ہمک سو گئی — مانی مانی ساری گھر مین ہو گئی
بلی کا ہونا نہین اسلوب یہ — ہے کبودی چشم یک محبوب یہ
دیکھے جسدم یک ذرا کوئی اسکو غور — چشم شور آفتاب اسدم ہو کور
حسن کیا کیا مانی کے کرے بیان — ہو جہان جبتک یہ ہووے کو بیان
خوبی منی کی نہ کوئی کہہ سکے — دیکھے اسکو تو نہ اس بن رہ سکے
داغ گلزاری ہے اسکی تازہ باغ — اس زمان تیرہ کی چشم و چراغ
کیا دماغ اعلی طبیعت کیا نفیس — کیا مصاحب لیے بدل کیسے جلیس

متصل ایسا ہوا جو اتفاق — مرگ ان بچونکی گذری عب شاق
حفظ اسکی کو کہ کا لازم ہوا — جھاڑے پھونکے کا ہر اک عازم ہوا
نذرین مانین نقش لائی ڈھونڈھ کر — نیل کے ڈورے نین باندھی پٹ کر
چیچھڑون پر بعضون نے افسون پھونکے — بعضون نے تعویذ لیکر خون لکھو
بے بلائے سے بہت کی التجا — گریۂ محراب سے چاہی دعا
گوشت کی چیلونکو پھینکی بوٹیان — ماش کی موٹی پکائین روٹیان
لڑکیان ٹھلائیان کھاٹون ڈھلے — اس طرح جون دبلی بلی کہہ ہلے
دیکے ٹکڑا منہ کو ہر ایک کھولتے — اور بولی بلبلون کے بولتے
صدقے اترے چیچھڑے جو دم بدم — گربۂ لادہ نے کھائے ہو کے سیر
کین مناجاتین دل شب لاتعد — گربۂ زاہد سے بھی چاہی مدد
بو ہریرہ کے تئین مانا بہت — بلبلون کو بھی دیا کھانا بہت
مدح جس بلی کی کرتا تھا عبید — تھی دعاگوئی مین وہ بی کمرو شید
خواجہ عصمت کہتے تھے طاعت جہان — ایک بلی بیٹھی تھی آکر وہان
صبحدم ہوتے وہی گرم سجود — گہ قیام اسکے تئین تھا گہ قعود
چاہی ہمت اُس سے اٹھکر ہر سحر — کچھ تو باطن نے کیا اسکے اثر

مثنوی دیگر

[illegible]

جب چھوٹے شور منہ گائی رہین / اتبو چھوٹا اتبو چھوٹا سب کہین
چھوٹتا ہے گر پڑے کوئی بجوگ / بندرون سے ناچتے پھرتے ہین لوگ
ہوتی ہین اس جنس مین بھی فی خرد / آدم و حیوان مین یہ رخ ہین بر
طنز ہے یہ بات اگر چہ ہے کہی / جو کرے انسان تو بوزنہ بھی
لیکن اس جاگہ تو صادق ہے یہ قول / ساری اسکے آدمی کی ہین نقل
ہے تماشا آئینہ کے روبرو / عکس سے اپنے اسے ہے گفتگو
دیکھنا جھک جھک کر اسکا ہو نہ ضبط / آرسی بندر کا ہے مشہور ربط
گاہ بوسہ گاہ غوغو بولنا / گاہ آنکھین موندنا گہ کھولنا
آگے تھا اک بوزنہ شطرنج باز / چال سے اسکے نکلتا امتیاز
کہنہ قزاقون سے ہمکو یاد ہے / یہ اسی قزاق کا داماد ہے
جان دین بندر اگر دیکھین چنے / رہتے ہین چانول پڑے اسکے سنے
آنکھ کب دوڑی ہے اسکی ہر طرف / ہے یہ اپنے نوع کا فخر و شرف
الغرض منوا عبارت جانیے ہے / نام اس دلکش کا منوا نسبی ہے
خوش رہے منوا تو خوش خوا دل رہے / ورنہ آدم ہے جوانی مین بھی پیر
دہر مین یارب نہ یہ محزون رہے / جسکا منوا ہے اسے میمون رہے

۵۹۲

[illegible]

[illegible]

دونون کا اک جدا ہی مطلب ہے
یہ کہے روز وہ کہے شب ہے

آس پاس اُس گھڑی کہ آئی جھیل
گم تھے برسات مین طریق سبیل

ایدھر اودھر اُتر کے پانی جاؤ
تھر ہے پھر جو کہ تک بھی ہو وے چڑھاؤ

اوس وانکی ہوا بہت پر رطوب
ہو وے نزلہ زکام بے اسلوب

کتنے روز ونمین ہوتی ہی کھانسی
ایسی جیسے گلے مین دین پھانسی

پھر وہ درجہ ہی جسمین ہو وے دق
یہ کوئی نکلی ایک ثالث شق

بڑی آفت خطر تھا سکھون کا
کیون کہ وہ ملک گھر تھا سکھون کا

اسمین آجاتے تو قیامت تھی
مال و جان غرض سبکی رخصت تھی

نہ کوئی دادرس نہ وقت داد
مفت ہی ہم گئے تھے سب برباد

کیا کڈھب چرخ کج نے پھانسا تھا
پر خدا کچہ ہمارا سید ہا تھا

جسنے قدرت نمائی کی اپنی
اس بلا سے رہائی کی اپنی

بس قلم ہے صریر تیزی تند
شور سے تو پڑا جہا نمین ڈنڈ

بدزبانی کا مجکو کب ہی دماغ
ایسی باتون سے مین کیا ہی فراغ

ہو چکی صاحبون کی فرمایش
چپ رہ اب ہی زمان آسایش

مثنوی دیگر

[illegible]

اسکیم سید امام دان کی قوم
نہ تھی قید صلوٰۃ و رسم صوم
یہی خانہ خطیب کا تھا وان
طونی مسجد خطیب تھا نہ اذان
اور دو چار فاقہ مارون کے
اور وہیں بھی گو گنوار و لنگے
اٹھ جاتا نہیں کیا کچھ پاس
اور اشیا یہین سے کہاسا تھا ہی

چار داتون کے واسطے جی ہنا
اس سے آگے بڑھے تو دھنیور تھے
اور آگے گئے تو تھا بازار
ایک کے پاس دال کچھ آٹا
آیا کچھ سانوان اور تھوڑے چنے
جو تھا باقی رہا سو تھا کنگال
اسکا عامل کے یان اٹھا مال
ایک کنجڑے کے چار گٹھی پیاز
گیا کھون مرچ تھی نہ ادرک تھی
ایک دوکان کی پساری کی
اُس سے جاکر جو مانگئے ہلدی
دیکھ کر کچھ کہو تو وہ یہ کہے
یان جو کچھ ہے جلن سو دیتا ہون
مانگو اُس سے جو مرچ یا دھنیا
اُن مین دو دانے اور سب کنکر

جان کھا جائین کچھ نہ جنتک ہین
اُجڑے بجڑے انھونکی کچھ گھر تھے
اسمین بنیونکی تھین دکانین چار
تسکو بھی کھیون نے تھا چاٹا
جنٹر و نمین خاک دھول ایک کنجڑ
نام کو کہتے تھے اسے بقال
اُن نے جیسا کیا تھا سو پایا
تسپر اسکو ہزار فخر و ناز
اُس فنجنبدر مین کچھ بھی بعد گر تھی
اُن نے ہملوگون سے بھی یاری کی
زرد مٹی کو باندھ دی جلدی
بس تم اس بستی مین میانجی رہے
مین بھی پیسے لگا کے لیتا ہون
دیوے بجا وہی جو تھا دھنیا
ویسے کاغذ مین ہاتھ لنبا کر

کوئی گھورا کرے کوئی بھونکے | خفتہ خفتہ بھی شور ہی جو نکے

ساتھ ہو کے قیامت آئی ایک | شور عف عف ہو آفت آئی ایک

گلہ گلہ گھر و نین بھرنے لگے | روٹی ٹکڑے کی بو پہ کرنے لگے

ایک نے آکے دیکھا چاٹا | ایک آیا سو کھا گیا آٹا

ایک نے دوڑ کر دیا پھوڑا | پھر بیا آکے تیں اگر چھوڑا

گھور نے ایک لگا اندھیرا کر | ایک نے اور ایک پھیرا کر

گھر مین چھینکے اگر تھے توڑ دئے | ہانڈی باسن گرا کے پھوڑ دئے

لوگ سوتے ہین کتے پھرتے ہین | لڑتے ہین دوڑتے ہین گرتے ہین

جبکہ ہڈی پہ چار چار اڑتے ہین | گوشت پر بھیڑے سے بھڑتے ہین

ایک کے پیچھے ایک روز و شب | لنڈسے وان نہ نیند ہے نہ ہی تب

کتے ہی وان دو چار رہتے ہین | دو گھڑی بھی تو چار رہتے ہین

جاگتے ہو تو دو بدو کتے | سو کر اٹھو تو رو برو کتے

سر پہ دربان کی بلا ہی رہے | کتا ایک آدھ گھر مین ہی رہے

منھ مین کف دور دور کرنے سے | حال بیحال شور کرنے سے

تو کہی سنکے وہ گلا پھاٹا | باؤلے کتے نے اسے کاٹا

کار پردازون کو تقید ہے — شور ہے گالی ہے تشدد ہے
وے بچارے بہا ذکر تی ہین — رات دن لوگ چو کی بھرتے ہین
کہتے اُن سے تو یہ ملے ہر جوا — کسکے گھر سے بنا دین لا کے تنا
ہمکو کھانے ہی کا تردد ہے — صبح بقال کا تشدد ہے
بنیا منہہ کو چھپائے جاتا ہے — روٹی کا فکر کھائے جاتا ہے
حال کب پوچھنے کے ہین قابل — ہم فقیرونکے رنگ ہین سائل
سوچین ہین جب تو جھولتے ہین — بات کہتے ہین بھول جاتے ہین
تمکو دیوار پا لکھے ہینگے یاد — ہمکو کرنا نہین خدا آزاد
کسکو موسین کہان سو کچھ لا دین — دال آٹا جو تمکو پہونچا دین
تم کہو دال ماش کی ہے بون — یان بہم پہونچی ہے فکر ہر جو
تم کہو آٹا کھس کھسا کھایا — یان کلیجہ لپا تو ہاتھ آیا
اور دو چار روز یہ بھی ہی — ایک غم سینہ سوز یہ بھی ہے
فضل ہونے ابھی نہین پائی — پیٹ گی سب سے قرض لے کھائی
جس سے چھوٹے ہوئے ہین ہم بسبال — چوہا وہ کہے ہے سا ہو کا
ماش کی دال کا نگر یے گلا — گوشت یان ہی کبھو کسو کو ملا

جنسے مالوف تھی وہین رہتے — اُنسے کچھ کچھ لگا ہوں مین کہتے
کیا نفاست مزاج کی کہیے — ستھرے اتنے کہ دیکھ ہی رہیے
خال جون پھول گل کترتی ہین — یا کہ نقشون مین رنگ بھرتی ہین
چوہے چڑیا یا اُن ذکب کی نظر — جح کا کرنا نہ فرض تھا اسپر
موہنی بھی تو تھی بہن اسکی — نسبت اسکی تھی وہ بہت گھسکی
پاوے جو کچھ سو مار کھاوے ہی — ایک کیا چار چار کھاوے ہے
جانور مارنا تو ہے پاپ سو — تیز پنجہ کیا نہ اُن نے کبھو
یہ نزاکت اسی کو بن آوے — موش دشتی کو دیکھ ڈر جاوے
ان نے ماری ہین کتنے ڈھونس — گھونس دیکھی تو ہووے کوئی گھونس
یہ چھچھوندر کے بو لیتے بھاگی — وہ بڑی سوتی بھی ہو تو جاگی
چھپکلی سے یہ پھیر منھ کو لے — وہ جفا کار جیفہ پر جی دے
یہ پری سی تھی جو خرام کرے — وہ جو اُچھلے تو دھوم دھام کرے
کبک اسکی خرام کے عاشق — جانور اسکے نام کے عاشق
عوض افسوس کی جگہ بلی — اب کہان گو کہ چھانیے دلی
ایسی بیگم مزاج بلی کہو — بیگم آباد ہم گئے یارو

کھانے پینے کی کچھ نہین ہے بات
دیر کچھ کی طرح سے گذری رات
صدقے مین انکے بھی اتارے گئے
ہو گئے بخت گھر ہمارے کے
مین کیا تم ان کی جی کہیو
مجھ سے آزردہ دل نہ اتنی ہو
نعمتے کھانے مین کچھ کھلاتے ہین
نعمتے مجھ سے بھی آرہے جاتے ہین
بارے جون تون ہوئی وہ رات تمام
صبح کو صاحبون نے کو ٹھہرا مقام
یہ بھی دن شب ہوا سحر ہوا کوچ
غازی آباد کو گئے سب پوچھ
راہ طے کر سرا مین جا اترے
پھر سکم دین پاس آ اترے
صاحب اُترے حویلی مین آکر
باغ مین انکے سب نفر جاکر
بار ور تھے درخت سب
پھل ولیکن کسھون نے پایا بھی

تگ و دو ہر طرف لگے کرنے
تسپہ پڑتی تھی منہہ کے بھرتے

کوئی میدان مین کوئی چھپر مین
کوئی در مین کوئی کسو گھر مین

گھر ملا صاحبون کو ایسا تنگ
جس سے بیت الخلا کو آوے ننگ

بیٹھنے دین نہ جب کہ صاحب کو
کون پوچھے نفر مصاحب کو

ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے سرا پائی
ویسے گھر جھوٹے ویسی جا پائی

رہنا بھٹیاری کے غنیمت جان
جو کہا اُن نے ہم گئے سب مان

کچھ پکانے کا کچھ سوال کیا
مین نے اظہار اپنا حال کیا

یان جو لائے ہین مجکو اپنے ساتھ
زندگانی مری ہی انکے ہاتھ

پھونچے ہے انکے رو برو سو طعام
صبح کا صبح مجکو شام کا شام

اور پکوائے تو زاید ہو
خامے سے اپنے اور عاید ہو

جو کچھ آیا سو کھا لیا مین نے
کچھ رہا سو اٹھا دیا مین نے

سنکے اک دل سی کھینچی ان نے آہ
اور بولے کہ واہ صاحب واہ

ہم تو جانا تھا آدمی ہو بڑے
چار پانچ آدمی ہین پاس کھڑے

کچھ یہ کھا دینگے کچھ کھلا دینگے
ہم کچھ انکے سبب سے پا دینگے

سو تو نکلے ہو کورے بالم تم
ہو گدا جیسے شاہ عالم تم

مثنوی (۵۸۶)

[illegible]

بیچ مین ہوتے کچھ اگر اسباب
تھہ اٹھانے کی جی مین ہوتی تاب

سو تو کمل نہ پٹو نہ ٹوپی
سایہ گستر نہ ابر بن کوئی

ابر ہی بیکسی پہ روتا تھا
ابر ہی سر کا سایہ ہوتا تھا

کیچ پانی مین کپڑے خوار ہوے
وہین گاڑی مین جا سوار ہوے

زہر دی کا کیا جو ہمنے میل
بھنیس جہلیے کی تھی ہمن کی بیل

آسمان آب سب زمین سب کیچ
خاک ہے ایسی زندگی کے بیچ

شب کے دریا پہ ہو کے راہ پڑتی تھی
پانی کی سطح پر نگاہ پڑی

لجی لطمی کا کہون مین اوج
باتین کرتی ہے آسمان سے موج

دامن ابر پاٹ دریا کا
دی گرہ تو کہے کہ باندھا تھا

ہوش جاتا تھا دیکھ جوش آب
گوش کرتا تھا گر خروش آب

آب تہ دار اور تیرہ بہت
لہر اٹھتی جو تھی سو خیرہ بہت

پانی پانی تھا شور سے طوفان
دیکھ دریا کو سوکھتی تھی جان

ہمرہ موج سیکڑون گرداب
ساتھ تھے صد تری کرشمہ حباب

ناؤ مین پاؤن ہمنے بار رکھا
خوف کو جان کے کنارے رکھا

جزر و مد سب حواس کھوتا تھا
خضر کا رنگ سبز ہوتا تھا

مشکل حصول کام ہے یان حاصل کلام | باتون ہی باتون کام ہوا خلق کا تمام
اے جھبھ دل مرا بھی بہت دردناک ہے | ان کا زبون سی صبح نمط جیب چاک ہے
اک فرد دستخطی تھی مری ایک شخص پاس | دیکھا جو خوب اسکو تو مطلق نہین ہے پاس
تھا مین فقیر پر نہ گیا شاہ کے حضور | اتنے لیے کہ رتبہ عزت مرا ہے دور
آداب سلطنت سے نہین مجکو رابطہ | حرکت نہوتی مجھسے کوئی غیر ضابطہ
مزرائی مجھسے کھنچتی نہین ہر عزیز کی | پھر شعر و شاعری بھی نہین ہے تمیز کی
صحبت خدا ہی جانے پڑے کیسے اتفاق | کیا بات آدمی بیچ مین بدرنگی ہے شاق
مین مضطرب گھر سے گیا اٹھ کے پانچ بار | کہنے لگا زبان سے یہ ہوتی ہے دو چار
تقصیر میری اسمین نکریگا کچھ خیال | صاحب کہین خموشی کرو نہین یہ کیا مجال
لیکن یہ حرف اس بھی سیہ کار رکھے یاد | انداز سے یہ لوگ سخن کرتے ہین نہ یاد
بہتیری ایسی فردین یہ رکھتے ہین جیب مین | رکھتے ہین یو ہین لوگونکو برسون فریب مین
دکھلاؤنگا چلا ہون سوال آپ کا لیے | مین نے کہا فقیر کہو کس طرح جیے
بولا نہوگا سعی مین ادھر سے کچھ قصور | پھر دیکھیے کہ پردے سے ہوتا ہے کیا ظہور
اک آدھ ایسی بات بنا کر کھسک گیا | دل اس خبر کے سننے سی بیدردھڑک گیا
یہ عرضیان حضور کو پہونچین ہین صبح شام | دستخط جو ہو کے آئے کوئی سوا اسی کے نام

۵۸۴۰

...ے گل رہے نہ یکدم بلبل آہ و نالے	محبوب ہی کسو کو یارب نہو جدائی
...ل تک ہمنسانہ مجھسی بلبل نہ ہوئی ہرگز	کس کس کی بیدماغی بزم یار مین اٹھائی
...ہم بھی رہی ہوا وہ جبتک جو ان جان	کی عمر رفتنی نے بار ہی نہ بیوفائی
...احوال زمانہ کی تو کیا جانین لگی کہ	لگتی ہی جسکے دلکو وہ جانتا ہی بھائی
...ہے دامگاہ دنیا ہر جا فریب آمیز	دیتی نہین دکھائی اپنی مجھے رہائی

گذری جو کچھ سو گذری یاری مین لبرونکی
میر اب کسو سے تم تو کریو نہ آشنائی

تمام شد

مثنوی دیگر

...اے جھوٹھ آج شہر مین تیرا ہی دور ہے	شیوہ یہی جہان کا یہی سب کا طور ہے
...اے جھوٹھ تو شعار ہوا ساری خلق کا	کیا شہ کا کیا وزیر کا کیا اہل فقر کا
...اے جھوٹھ تجھ سے ایک خرابی ہے شہر مین	ای جھوٹ تو غضب ہے قیامت ہی شہر مین
...اے جھوٹھ رفتہ رفتہ ترا ہو گیا رواج	تیری متاع بابت ہی ہر چار سو مین آج
...اے جھوٹھ کیا کہون کہ بلا زیر سر ہی تو	ای جھوٹھ سچ یہ ہی کہ عجب فتنہ گر ہی تو

دو طرف سیم بندی کردی ہے / سونے روپے سے راہ بھردی ہے

شمعین لاکھون کنول مین ہین روشن / روز پھولا ہے کاغذی گلشن

واہ آتش زنان آتش دست / دارو پیکر بھرد ہو کیسے مست

تو بن کیا ڈھالین ہین یارو نکی / کھوئی رونق فلک کے تارون کی

تارے موقوف کچھ سما پہ نہین / تو مین چھوٹین مگر ہوا پہ نہین

ماہ بھی چشم روشنی کیلیے / ہے چراغان ستارگان لیے

گنج چھوٹے ہین یا کہ باڑ چھری / یا ہوائی ہے جگنیو ون کی جھری

گل نشان ہین ٹرین جو پھلجھڑیان / کھلتیان ہین دلونکی گلجھڑیان

چھوٹتے ہین انار مہتابی / رنگ ہین دلبرونکی مہتابی

باڑ سے دودے ہوئی گرما / دغین مہتابیان کہ نکلے چاند

آؤ اے مطربان سیر آہنگ / ساتھ اپنے لیے رباب و چنگ

ہو غزل خوان بزم عیش و طرب / پر نکر یون خیال ترک ادب

منعقد مجلس شہانہ ہے / آدب آصف زمانہ ہے

آؤ ساقی مجھے قرابہ دے / در بغل شیشہ ساتھ اپنے لے

بحر بخشش کی لہرین اب آئین / زرو گوہر کی کشتیان لائین

غزل

جشن نوروز ہند ہولی ہے ۔۔۔ راگ رنگ اور بولی ٹھولی ہے

عشق ہر اے گردہ آتش زن ۔۔۔ دو نو رستے چراغ ہین روشن

ٹھاٹھ کیا روشنی کے باندھے دے ۔۔۔ شہر مین نام روشن اپنے کیے

دور دوستے خیال الگ آئے ۔۔۔ گھوڑی دامن سوار کیا لائے

روشنی فوارسے ہے تا ز ملک ۔۔۔ گل کا کاغذ ہے فرق خاک زملک

در دولت سے لگیے تا سر آب ۔۔۔ ہے چراغ اور شمع ہیگی تاب

پھر سر پل سے تا عمارت نو ۔۔۔ جلتے ہین مجتمع دے سو سو

ہاتھی رنگے گئے پڑی ہر دھوم ۔۔۔ جیسے ابر سیاہ آئے جھوم

خیمہ استادہ کر چلے شب باز ۔۔۔ تیلیون نے کیا جشن م ناز

یان کی صحبت کا تھا نمونہ سب ۔۔۔ شاہ و دستور حکم و کار ادب

آئے شکلین بنا کے صورت باز ۔۔۔ ڈوم ڈھاڑی بنے بجا کر ساز

نقل معقول کی سو حاجی بنے ۔۔۔ سج کے عمامے سر پہ کتنے جنے

کوئی جوگی کوئی فقیر بنا ۔۔۔ کوئی ڈاڑھی لگا کے پیر بنا

کوئی بنیا بنا کوئی اوباش ۔۔۔ نقل کرتی تھی ان سبھونکی معاش

کوئی شاعر بنا نہ جس کی نظیر ۔۔۔ یعنے مستغرق خیال تھا میر

کہین دو دو جام مے سے ہون سرمست
جائینگے تھوڑی دور دست بدست

مچلے بن جائینگے کسو کو دیکھ
پھیر آگے کسو کے رو کو دیکھ

اب گلابے کھلین گے بھر بھر ہم
باقی ساقی پئین گے بھر کر ہم

کہین آرایش آکے دیکھین گے
کاغذین باغ جاکے دیکھین گے

کسو ہوش سے ہو وینگے گلباز
کھینچینگے اک ردوم کے اسکے ناز

آؤ ساقی مے دو آتشہ دے
اسی مے کا بغل مین شیشہ دے

گرم ہو جو دماغ انسان کا
لطف آوے نظر چراغان کا

جسطرف دیکھیے چراغان ہی
شیشہ و شمع ہی نمایان ہی

باغ سے روشنی ہوئی ہی یار
ہے یہ ہنگامہ تا جلال آباد

شمع و فانوس کا بہت ہی ہجوم
شمعے رنگون نے کر رکھی ہی دھوم

لوٹیے اُن گلون کی اب تو بہار
گو کسو کے گلے کا ہو جیسے یار

اتنوا او دہم ہی مچگیا ہر سو
دارو پی کر پھرین چلین ہم تو

تارسے ہین چراغ چار طرف
آسمان پر زمین رکھے ہی شرر

غنچہ غنچہ دیو نکو دیکھین ہجا
کسو گل سے رکھین صحبت و انس

کہین نوبت کو چلکے سنئے گا
نے کے بجنے پہ سر کو دھننے لگا

[illegible]

۵۸۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی

آؤ ساقی شراب نوش کرین — شور سا ہی جہان مین جوش کرتیا

آؤ ساقی بہار پھر آئی — ہولی مین کتنی شادیان لائی

شادیان ہی شگون ہر نہر — کوچے سو شہر کے برابر ہین

ست دستور ہی جو زر افشان — پھر جہان کہن ہوا ہی جوان

دو نو رستے عمارت خوش ہی — تازہ کاری و شہر دلکش ہی

در بازاری رنگ لائی ہین — ساری رنگین ستون لگائی ہین

۵۷۹

گئے اسطرف لے جدھر تھی چتا
ولے مالنیت کا کس کو جگر
ہوئی جاتے جاتے نظر سے نہان
بہت سے ہوئے لوگ گرم سراغ

نظر کرتے تھے واقعی یہ سہی
کہ حیران سب رہ گئے دیکھ کر
گیا عشق کیا جانے لیکر کہان
انھون نے نہ پایا نشان غیر داغ

نہ کر میر اب عشق کی گفتگو
قلم اور کاغذ کو رکھدے بھی تو

فسانے ہین اسکے ہزارون ہزار
بہت خاک جل جل کے یان ہو گئے

یہی کشت و خون کا ہے یہ گرم کار
رہے عشق مین جی بہت کھو گئے

غرض ایک ہی عشق بے خوف و باک
کئے دونون معشوق عاشق ہلاک

تمام شد

ہوا تا کہاں شوہر زن مریض
نہایت ہوئی تپ طویل و عریض

نشست ہوا تپ کا دل کے تئین
کھینچے رفتہ رفتہ دق و سل کے تئین

نزاری سے دل ہو گیا زار تر
ہوا خشک ہو کر وہ بیمار تر

بدن کاہ سا رنگ کاہی ہوا
بہت حال اسکا تباہی ہوا

دموں پر بھی وہ زندگی کم رہا
ٹھہر کر گئے دم ہوا ہو گیا

فنا یعنی طاری ہوئی ہو چکا
اسے دار دوستہ بہت رو چکا

جلانے کی طیاری کرنے چلے
چلی زن بھی تا ساتھ اسکے جلے

کھلی دعوی سوختن مین زبان
کیا پاس ظاہر سے نقصان جان

لگی جلنے چھوڑا نہ اصرار کو
خبر پہونچی یہ اس گرفتار کو

اٹھا وان سے بیتاب آیا چلا
اسے دیکھ جلتے بہت جی جلا

جھکا آگ کی اور کر اضطراب
کہ جی مین نہ طاقت تھی مطلق نہ تاب

لکھا ہمکو کیا کہتے ہو اسگھڑی
نظر اُسکی جلتے جو اُسپر پڑی

کہا آئے ہو تو چلے آؤ تم
شتابی کرو جو ہمین پاؤ تم

یہ بیتاب تھا آگ پر پھر پڑا
تنگ سا اُس آگ پر گر پڑا

لگے آتے تھے کتنے انفار ساتھ
وہین کھینچ لائے اُسے ہاتھوں ہاتھ

(۵۷۷)

[illegible]

کوئی طور ملنے کا ایجاد کر | نہ جور رحم سے ہو تو بیداد کر
پیام ایک کا یہ کہ ای باد دم | کہہ اسکو محبت سے کچھ بھی ہے شرم
تن زار بیجان کیونکر جیے | جگر مین نہو خون تو کیا پیے
ملاقات کا رکھے کیونکر خیال | رہے کیونکہ جان نا امید وصال
اگر دیکھین آنکھین ہین دو اسطرف | وگر منھ ہمارا ہے سو اسطرف
اسے دیکھنا ہی ہو ارمان بھی | ادھر ہی چلی جاے ہی جان بھی
کہ اس سے کہ مرتے ہین تیرے لیئے | کیا عشق یا جرم ہمنے کیے
نہین صبر آتا ترے بن ملے | لبون سے جگر تک بھرین ہین گلے
کسو سے کسو کو نہو جائے لاگ | کہے تو لگائی ہے سینے مین آگ
کسو کا کسو کو نہ لگ جاے دل | کہ کہنا پڑے ہاے دل واے دل
کسو کی نہ اچھی لگے کوئی آن | کہ جا بنے الم ناک دیجیے جان
کسو کے مجعد نہ کھل جائین بال | کہ ہو دل کے عقد و نکی واشد محال
کسو لالہ رخ کا نہ اٹھے نقاب | کہ ہون داغ دونون مہ و آفتاب
قد آرا نہو فتنہ در سر کوئی | کہ سر پر قیامت رکھے ہر کوئی
کسو کی نہ جا ہے زنخ مین گرین | مبادا کہ وان سے نہ جیتے پھرین

(۵۷۶)

[illegible]

[illegible]

(۵۷۵)

تناسب بہت اسکے اعضا خوب — سراپا مین دیکھو تو ہر جا ہی خوب

زبان نرم طالع وری زصلاح — نہ طنز و کنایہ نہ رمز و مزاح

خوش اندام خوش رو و پاکیزہ خو — کسو وقت رہتا نہ تھا بے وضو

جوانی کا ہنگام طاعت کا صرف — لب سرخ پر دلبرن کا نہ حرف

حیا کو سیاہی سے پلکون کی راہ — نکلتی تھی باہر نہ گاہے نگاہ

بہت پاک دامن معیشت ہوئی — نظافت نزاہت مین مدت ہوئی

کہ ناگاہ اس راہ یک زن گئی — جیون پر خدا جانئے کیا بن گئی

جو انکی نظر شرمگین جا لڑی — وہ شرمائی آنکھ اسکے اوپر پڑی

یہ دل مستقل ناشکیبا ہوا — دل طرف ثانی بھی بیجا ہوا

حیادار تھی زن گئی اپنے گھر — وفادار تھا یہ رہا دیکھ کر

کیا چند شرط وفا ہی کا پاس — لگے رہنے دونون گھر دمین اوس

کبھی دن مین ہندو زن آنے لگی — لیے پانی اس راہ جانے لگی

نگاہین ہوئین ہمہ گر آشنا — محبت کا دونون نے پانی بھرا

یہی مدتون دیکھا دیکھی رہی — دلون کی کسو سے نہ ہرگز کہی

جیون مین شب روز مرتے رہے — ولے پاس ظاہر کا کرتے رہے

شب و روز رہتا ہا بیان اضطراب — کیا نون نے کام کو کیا خراب کوئی

قرار و سکون دل تک ہم آئے نہین — خیالات [illegible] جاتے نہین

[illegible]

محبت ہے نیرنگ ساز عجیب | فسانے ہین اسکے عجیب و غریب
کوئی عشق کرنا دھرا تھا درے | گئے میکدے سے بھی صوفی ترے
نہ وان مکر و نے شید و طامات سے | خرابات جانا کرامات سے
کہین عشق نے آ زر وکش کیے | گئے خوش جو عاشق سو ناخوش گئے
کہین سہل تر یار مرنے لگے | کہین لوگ دشوار مرنے لگے
کہین کام ان نے کیے ہین عجب | فسانہ ہوئی بزم عیش و طرب
کہین بادشہ اس سے درویش ہین | کہین اس سے درویش دلریش ہین
لیا کاہ کا کوہ سے کین کہین | لڑائی کہین آسمان و زمین
کہین پڑ گئے اس سے فتنے فساد | رہی زیر شمشیر حد سے زیاد
یہ عالم کا آشوب ہر دہر سے | مراد خطر گہ ہے اس شہر سے
ہوئے عشق مین زہد کیشان خراب | رہے دل شکستہ پریشان خراب
اٹھا عشق کا شور غزلت گزین | گئے دشت گردی کو کر ترک دین
ہوا عشق سے مجلس نال دہر | تو اجد لگے کرنے شیخان شہر
کیا عشق مین ترک صوم و صلوات | گئے اہل مسجد سوے سومنات
مسلمان ہوے عشق مین برہمن | گئے کعبے کو چھوڑ دین کہن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی دیگر

چمن سے عنایت کئے بادام وار
الٰہی زبان دے مجھے مغز دار

صفت عشق کی تا کرون مین بیان
رہون عشق کہنے سے مین تر زبان

عجب عشق ہے مرد کار آمدہ
جہان دو نون اسکے ہین بر نمودہ

جہان جنگ صف کی یہ ظالم لڑا
صف الٹی جہان ایک مار اٹہا

اگر لوگ مارے گئے سر بسر
ہوئی فتح اسکی ہے یہ طرفہ تر

کوئی کشتنی جو طرف ہو گیا
تہ تیغ اسکے تلف ہو گیا

جہان جس کسو سے اسے چاہ ہے
وہین اسکے تا قتل ہمراہ ہے

[illegible]

مین پڑھوں مین اسکے آگے شعر گہ — اپنے ہان گویا بز اخفش ہے یہ
بکروں کی ڈاڑھی کٹین جاتی ہین سب — کہ ریشی بکری کی ہے بو العجب
رنگ سر سے پانون تک اسکے تھا — چکنے ایسے خستہ کم ٹھہرے نگاہ
چار لستان اسکے آئے دید مین — دو جہان ہوتی ہین ہین بید مین
ایک مین اتنین سی تھا مطلق نہ شیر — ایک کو کہتے ہین اندھی خرد و بیر
اسپہ کالے بکرے دو کھیلا جنے — ناز پرور تھے یہی پھر اسے تمنے
چارہ میٹھے کھاتے اک انداز سے — دے ٹہیہ تو ہو خوش اس ناز سے
دودھ ہو چھاتی مین تو بچا ہیئے — میٹھا دیکھے اسطرف منھ کو کئے
بھوک سے گرم تظلم وے ہوے — اپنی شایان ترحم وے ہوے
دودھ منگوایا کئے بازار سے — پھوہون سے دینا کیا انکار سے
گھاس دانہ پا کے کچھ کھانے لگے — گرتے پڑتے پاس بھی آنے لگے
پرورش سے حق کی بارے جی گئے — آب و دانہ دوڑ کر کھا پی گئے
اب جوانی پر جو ہین وہ شیر مست — کودنے مین ہر زمان ہے گرم جست
ہستی اپنی پلہ کرتی شاد ہین — عاقبت بکرے ہی کی اولاد ہین
زور و قوت حریفونکی ہین ڈینگ — آ ہوے جنگی کو دکھلاتی ہین سینگ

ـٗن دیو نکی عکس سی ڈوبیگا آب — آئینہ کے سطح کی رکھتا تھا تاب

شتیونمین جو دلیے بھر کر چلے — پانی مین شعلونکے ریلے ہی چلے

منعکس تھو جو چراغان تہ تلک — آب کی وسعت تھی برانجم فلکن

کیا ہوائی چھوٹنے کا ہی بیان — ذو ذنب جیسے ستارے ہون عیان

جای جو ہی چھوڑ نا ہی یا بو دو تو — روشنان ذو ذوانب تھی نمود

تیج چھوٹے ایکسے وشن تھے — دو طرف جسطرح سی جھڑتی ہی باڑ

س روش سی تھے ستارے چھوٹتے — ناگہان جو ہو وین ناری ٹوٹتی

دیکھے جاتے تھے چراغان آب مین — شعلے تھے لہرون کی پیچ وتاب مین

ہر دو جانب چن گئے ناریان — گلفشانی سے اٹھونکی تھی بہار

ماہتابی اک طرف سی جو دغی — چاندسا نکلا ہوے حیران سبھی

آفرین صناع لوگون آفرین — کیا لگا یا باغ آکر کا غذین

گل کتر کر پھول گل ہی کر دیے — رنگ تازی کا غذونمین بھر دیے

متصل تو ہین ستارونکی دہنین — لوگونکی آنکھین فلک سے جالگین

دیکھیان کیا کیا نہ شعلہ خیزیان — تھین ہوا مین سی ستارہ ریزیان

اندر کو نواب کے اہل فرنگ — لکیے آتش بازی آئی رنگ رنگ

غزل

مثنوی دیگر

(۵۰۴)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی در بیان ہولی

ہولی کھیلا آصف الدولہ وزیر
رنگ صحبت سی عجب ہین خرد و پیر

جشن نوروزی اہل ہند سب
یہی ہی تب محو عشرت ہینگے اب

شیشہ شیشہ رنگ صرف دوستان
صحن دولت خانہ رشک بوستان

اس چمن سی باغ پر گل سرخ و زرد
نکہت گل چھا رہینگے وان آ کی گرد

پھول گل آدین نظر دیکھو جدھر
لالہ و صد برگ سب باغ نظر

دستہ دستہ رنگ مین بھیگے جوان
جیسے گلدستے تھے جو وُن پر روان

کھڑے ہون تو تھرائی ران او ساق — جبین بیٹھے کیونکر کہ جینا ہی شاق
جو یون پانون چلنے بچلتے رہے — تو دیکھو گے ہم پانسے چلتے رہے
اگر ضعف سے چپ ہی رہتے ہین ہم — یہ سوچو تو کیا کیا نہ کہتے ہین ہم
گئے ہین نہین اٹھ تک پا و دست — کیا خاک مین مجکو پیری نے سخت
جو بازو ہین اپنے وہ بازو نہین — اگر منہ کو دیکھو تو وہ رو نہین
بدن کی ہوئی میری صورت ہی اور — وہ آنکھین نہین وہ نہ چتون کے طور
جسد نا توان جاے جہان تنگ — سخن منہ پہ آدہی وداعی کے رنگ
لبون پر نہایت ضعیف ایک آہ — در و بام پر حسرتون سے نگاہ
تشکن جلد مین دل کو پژمردگی — غریزی حرارت مین افسردگی
برودت بہت جسم مین آگئی — مزاجی تھی گرمی سو بجھا گئی
چھڑکتا ہون منہ پہ مین آب کاس — کہ ہوتا رہے روح کا انتفاس
وگرنہ دیا سا بجھا جای ہی — پھر اوٹھ بیٹھون تو جی جلا جاے ہے
سیہ روی شب اک ستم کر گیا — لکھون کیا کہ مین جیتے جی مر گیا
تم رکھدے کر میر ختم کلام — تمام اپنی صحبت ہوئی والسلام

تمام شد

بجا ہی کیا کوس رحلت مدام — کنھون نے نہ کیتا سنا یان مقام
یہ بیٹھے جو ہین سامنے ہین کہان — جہان جملہ ہے ایک بزم روان
جسے دیکھو چلنے کا گرم تلاش — یہ منزل نہین جائی بود و باش
گدا ہو کہ ہو شاہ عالی تبار — تہ خاک سب کا ہے دار القرار
نہ یک بوی خوش ہی ہوا ہو گئی — وہ رنگینئ باغ کیا ہو گئی
ملے خاک مین جھڑ کے گلہائی تر — پریشان ہوی مرغ گلشن کے پر
تپنگون نے گر خاک مسکن کیا — چراغون نے بھی خانہ روشن کیا
گئی خاک دامن فشانی کیساتھ — رہا آب سو بھی روانی کیساتھ
وہی راکھ ہو کر اگر آگ تھی — رکن ہے جہان باد کی لاگ تھی
نہ جدول رہیگی نہ سرو روان — گلستان کہا دینگے ہو کا مکان
زمین کا رہیگا یہی کیا سبھاو — لپٹ جائینگے آسمان جیسے ناو
سکون یان کا دیکھا جو ہر شتاب — چلے جاتے ہین کوہ جیسے سحاب
جہان ایک ماتم سرا ہے عجب — نہین جائی باش در جا ہی عجب
بھلا جی کے جانے کا کیا ہے بیان — عیان ہے کہ کہتے ہین جانکو روان
جوانی گئی موسم شیب ہے — شہود ایک دو روز کو غیب ہے

مرغ کا مرغ ہووے مرغ انداز | مرغ ایسا ہو تو بجا ہے ناز
یعنے اپنا حریف جب پاوے | پر ہلانے نہ دیوے کھا جاوے
سینہ کیا سینہ بال کیا پر بال | جیسے چشم خروس آنکھین لال
بازی بدبد کے جب لڑاتے ہین | کلنٹے لوہے کے باندھ لاتے ہین
آیا حلقوم کے کہ حلق کے پار | پھوٹا چھاتی مین ایک لگ کے دوسار
ہاتھ جس مرغ باز کے تھا وہ | پانی کرنے لگا ترا گردہ
کچھ تو ٹھہرا تو دم دیا اونچ | تعبیہ کر کے رکھ لیا اون نے
اور جو سست ہو ہوا تھیلا | دونون بازو کر پر دیے پھیلا
دم سے کیا ہو یہ بیدم و مجروح | قصد پرواز مین تھا مرغ روح
ہو چکا ہو چکا ہوا یہ شور | ڈھلکی گردن گیا وہ سارا زور
پھیلا پانی مین وہ غم جانسوز | دل زدہ پھر ہین مرغ دست آموز
جانور رنگ باختہ سب ہین | یعنی حیران باختہ سب ہین
مرغ قبلہ نما کو وحشت ہے | بال کھولے ہین پر نہ طاقت ہے
ورنہ اڑ کر کہین چلا جاتا | دیر اپنے مقام پر آتا
جیسے منگل کو پالی کی دھوم | گلیونمین روز حشر کا ہے ہجوم

[illegible]

مثنوی دریای عشق [illegible]

یعنی اس سرا مرغ رہتا کوئی [illegible]

۵۶۶

کبتک آئینے کا یہ حسن قبول — منہ ترا سا طرف کبھو بھی ہو

ہو تیرا سا رنگ گل کا ہے — رکھیں ہم تب جب ایسی بو بھی ہو

ہے غرض عشق صرف ہر لیکن — شرط یہ ہے کہ جستجو بھی ہو

سرکشی گل کی خوش نہیں آتی — ناز کرنے کو ویسا رو بھی ہو

کسکو بلبل ہر دم کشی کا دماغ — ہو تو گل ہی کی گفتگو بھی ہو

دل تمناکدہ تو ہے پر میر
ہو تو اسکی ہے آرزو بھی ہو

تمام شد

مثنوی در بیان مرغ بازان

دلّی سے ہم جو لکھنؤ آئے — گرم پرخاش مرغ بان پائے

پر دپر زار و رست و یکساں ہے — مرغ تصویر کا بھی حیران ہے

مرغ ہے ایک ایک جیسی کلنگ — قانہ و سار میں ہی جنگ جبکا ننگ

حوصلہ کسقدر خواصیل کا — ذکر کیا گر کس تیتر ول کا

لات کی گھات کر جو مر جاوے — سر طائر کا رنگ اڑ جاوے

وجد میں لا تو مے پرستوں کو | یا ر دی تاک سر دستوں کو

آؤ ساقی کہ روشنی ہے خوب | محو آرائش آج ہیں محبوب

کاغذیں باغ کیا تماشا ہے | پھول کترا کہ گل ترا شا ہے

نگی سے شعلوں کا ہوں بند | نور کا ماہ نے کیا چندا

شیشہ شیشہ شراب ہے در کار | صحبت عیش کو چھکا یکبار

لالہ رنگِ رُخِ نکویان کو | مایۂ ناز خوب رویان کو

اس پری کو نکال شیشے سے | رنگ مجلس میں ڈال شیشے سے

ہولی سرمست ہو تماشائی | حکم کش ہے سپہر مینائی

چھوڑ آمین بردباری کا | سیر کرنے ترک سواری کا

چل گلابی کو ہاتھ میں ڈالے | ایکدم جام متصل ہوے

ہے سواری کی فیل کی وہ دھوم | جیسے ابر بہار آوے جھوم

آئے دولت سرے سے ہو کر سوار | لعل ناب دو گہر میں صرف نثار

اک مہابت کے ساتھ فیل نشان | آگے مانند کوہ زر کے روان

اور ہاتھی ہیں جھومتے جاتے | جیسے آویں جوان مدماتے

جل زربفت کی ہے ساری شب | رد کشِ انجمِ فلک ہیں سب

۵۶۵

غزل

شب شادی کی دھوم کی کیا بات
روز روشن تھی روشنی سے رات
آسمان کی طرف ہی تکتے ہیں
آؤ ساقی کہ جمع ہیں احباب
سب مہیا ہیں عیش کے اسباب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی در بیان کدخدائی نواب آصف الدولہ

ہے جہانِ کہن تماشاگاہ
آصف الدولہ کا رچا ہی بیاہ

آؤ ساقی کہ کدخدائی ہی
طبع نواب دھر کو آئی ہی

دل خوش احباب شاد بھر ہر
بستہ آئین دو رستہ ہی شہر

نئے سر سے جوان ہوا ہی جہاں
عیش و عشرت کے محو خورد و کلاں

ہر طرف شہر مین ہی آرائش
رہروان کی نہیں ہی گنجائش

شیشہ باز فلک ہی آتش باز
کہکشان سی ہوا ہوائی ساز

۵۶۴

نرالے غزل ایک رباعی کہو
سخن آگے مو قوف جیکے رہو

بہت کچھ کہا ہے کرو میر بس
کہ اللہ بس اور باقی ہوس

جواہر تو کیا کیا دکھایا گیا
خریدار لیکن نہ پایا گیا

متاع ہنر پھیر لیکر چلو
بہت لکھنؤ مین رہے گھر چلو

غزل

کرو تامل کہ حال ہم مین کہا نہین ہے غمو نکی کے
جو کچھ ہے آہ جنونیہ تھا سو شکیب و تاب و توان سدہارے

لگے ہو ہے غارتِ قیامت ابھو گہو تک کبھی مین لٹک
جو ٹک بھی دیکھو وہ غور سے تو جراحت اُسکو دکھا ئین سارے

ہماری آنکھین بھین ہی اتنی کا ب ہے یا محیط عالم
کہین کہین جو ہین دم سو بیٹھے وہین ہے کچھ کنارے

کرین تحمل کہا ہے یہ ہم ملام جنجو ہمیشہ غش ہے
گئی ہے طاقت تو لیسے شاید نہین ہے آیا جگر ہمارے

کبھو سرنہ پہر ہے تب نالہ کبھو سنان فغان جگر ہے
کسو سے کہنے کا کچھ بھی حاصل گئی ہین بن جو ہو تو دو ستارے

بھری تھی آتش کہانکی ہا رینالی جگہ مین جو نصف شب کے
لگا جو رونے تو جانی آنسو مری مژہ سے گرے شرارے

قبول عشق و محبت اتنا ہوا ہے اے میر سیر قابل
ملام جانی دکھائی دون ہمین کبھو جانے کہا کہ آرے

رباعی

چلنے کو ہوئے بلائے سے ہم جو کہو
ملنے کے اتفاق بہتیرے پڑے

مجنون نے کہا مین بھی آتا ہون
آیا نہ رہِ راہ مین ہم دیر کھڑے

تمام شد مثنوی مسمی صید نامہ

ہمارا لطف غارت دل تلک بس
نہین اب تو بندے سے ہم جا سلامت
گریبان کو لگی چاک کی کرے گین سے
رکھا رکھ گلستان بے نیازت
اٹھا کر نہ ایک زخم شمشیر اس کا
غزل حسرت اٹھائی ملامت
بجا تھی تہمت صورت ملاقے سے دلی
کسی بیوفا سے دل اپنا اٹھا مت
کوئی فصل گل مین بھی توبہ کرے ہے
رہے گی ہمین دیر اس کی ندامت
کہین دل لگی لاگین لگین چھپیان ہین
کہ چہرے کی زردی بڑی ہے علامت
رہ عشق مین پیشتر تھی جوانی
لگی سو گئی میر آئندہ جانت
زمانے مین ہے نام رہنے کی جاگہ
امیر اس سے ہے نام رہنے کی جاگہ
کسی کے ہوئی شاہ نامے کی قاف
کہ مجنون کا ہو گا کرتے ہین یاد

نوارڑو نکلی سیر اسمین ہر شام گہ | وہی سیر گاہ وہی دام گہ
وہین صید ہو مرغ و ماہی تمام | مقام ایسے ہووین تو کریئی مقام
ہوا خیمہ آکر جو نواب کا | فلک ساری تھا فرق سی آب کا
ہوا ہوتا دان کا فرش و آبند | ہوے جیسے شالبۂ شیر تر
عجب ڈھب کی رونقینی چند عجب | کہ دین چھوڑ نادین و دھوپ سب
جدا ہو دین تو غنچہ غنچہ چراغ | لے جیسے عاشق کی چھاتی کی داغ
دری روشنی شعلہ انگیز ناز | پڑی سطح پانی کا آئینہ وار
ہوئین کشتیان کچھ دری سے پرے | چراغون سے موجون کو جو بھرے
حبابون کی تھی جو چراغون کی تاب | حبابی تھا آئینۂ سطح آب
نمودار چرخ پر انجم تھی شب | دلون سے وہ پھیلاؤ پانی کا سب
غرض روشنی کی عجب کچھ تھی لاگ | لگا دے ہے گویا کہ پانی مین آگ
غزل میر کوئی کہا چاہیے | کسو تو زمین پر رہا چاہیے

غزل

کب آویگا کیا جانئے وہ سرو قامت | ہمارے تو سر پر ابھی ہے قیامت
نماز سفر ہے اشارت اسی سی | کہ تھوڑا ہے یان ہر وقت اقامت

ختم (۵۶۲۰)

در ... جان نامہ ...
دل ناتوان ... عشق کی داستان
سنو ... کہانے سے ہے داستان
... آصف الدولہ ... [illegible]
[illegible]

مددگار تھی حضرت زندہ فیل | پکڑ لاتے تھے لوگ تب زندہ فیل
بحیرہ نہ دریای اعظم سے کم | اٹھا کرتے تھے موجے نقش بہم
ہر اک موج اسکی سمندر کی لہر | کنارے پہ گرداب غرقاب تھے
یہی جنگل اُس جھیل کے آس پاس | درختون کا انبوہ زکا اکاس
اسی بن مین شیر اور بوزہ پلنگ | اسی بن مین گور و گوزن ای رنگ
اسی بن مین نیلا تھی وہین گرگدن | وہین فوج سرزن ہمین ہرن
اسی بن مین لنگور سبندر رہی تھے | وہین ایک دو ہم قلندر رہی تھے
اسی بن مین پاڑھا وہین نیل گاو | اسی بن مین یہ صید بندی کا چاو
اسی بن مین تھی حضرت بو حمید | اسی بن مین تنسا سی انکو مرید
اسی بن مین تھی خوک جا ہو سے تنگ | کیا اس سور بن نی لوگون کو تنگ
اسی بن مین رہنما اسی بن مین راہ | وہین شام کا حسن لطف پگاہ
اسی بن مین وہ جھیل گہری بہت | ہوئی صید بری و بحری بہت
وہین مچھلی بکتی تھی دمڑی کی سیر | ولیکن نہ کھاتا تھا ہو کوئی سیر
کہ اُس آب کا ہضم دشوار تھا | کہ جون آب شمشیر دم دار تھا
شغال اور خرگون جیسے گگے | شکاری سگ انکو اچک لیگئے

غزل

۵۶۱

کنارہ کنارہ ہو اسکے ہر راہ | چلے جاتے ہین گو ہو وے بناہ
جہانتک ہے آب خراب جائینگے | سمین دیکھین گے جو نظر آئینگے
جبل سے ہوئے ظاہر آثار آب | برسنے لگا قطرہ قطرہ سحاب
ہمین پر نہین ہے کچھ ہو گیا ستم | کہین گرگ آدمی کو بھی ہے یہ غم
کہین ایسے شکرہ ہین حیوان دشت | کہ ٹکرے کرو تو ہو نگم گشت
یہ نکلے ہے ہاتھی تو بوٹے ہے شیر | کوئی یوز پکڑے ہے سو بعد دیر
اسد مکیط فہد یوز کیسو رہے | عجب یہ ہے باندھی گئی از دہے
نہ پوچھو کھچا دور کار شکار | نہ اب دشت دور مین ہے شہر خار
شکار افگنا راہ کرتے تھے | لیے جاتے تھے خاک مین دشت نے
نہ پیرون کو جنگل مین طاقت رہی | نہ گمرون کو پانی مین فرصت رہی
اسوار ہو جاتے تھے رنگ کی مثال | نہ جھوتے تھے یوز و گرگ و غزال
ملا ایک چقر اگر یا گدھا | تو کثرت سے تو نیزہ پانی چڑھا
بہت شکلون سے کیا ہے عبور | کہ یک یک قدم راہ سو سو فتور
غزل بحر کامل مین تہ دار کہ | کہ اڑ جاے تیر بحری کی تہ

غزل

(۵۶۰۴

روتا ہون کیونکہ ہے یہ سند میرے بیچ
جو نقش روزگار سے صفحے سے محو ہو
ہستی مری کہ ہیچ تھی مین منقول رہا

جون ابر میرے دل پہ غم عشق چھا گیا
صورت پذیر پھر نہین ہوتا ہے سا گیا
اس شرم سے ندان زمین مین سما گیا

داغ دلِ خراب شبونکو چلے ہے میر
عشق اس خرابے مین بھی چراغ اک جلا گیا

چلے صبح کو دامن کوہ کو
تماشا کنان فوج انبوہ کو

درختون مین چلنا تو دشوار تھا
دلے راستہ بھی قدم وار تھا

گذارا ہوا یون نہین اک آدھ کوس
پہ ٹیلے پہ ہنگامہ آرا تھی اوس

نیستان مین چھپتا تھا گھوڑ سوار
اگر ہو تو وان شیر کا ہو شکار

نہ رہتے تھے سو شیر خرزہ بھی وان
نہ ہاتھی کے پائون کا پایا نشان

یہ ٹیلے سے کیلے کا جنگل ملا
پھر آگے وہین یہ جو دنگل ملا

عجب کشمکش درمیان آگئی
بہیر اک بلا تھی جہان آگئی

نہ لینے کی جاگہ نہ چلنے کو راہ
سر بہیر کھڑے سب فیل سیاہ

خطر فیل دشتی کا ہر ہر قدم
گئے شہر کے ہر قدم پر قدم

کنار آب کے لوگ اترے تمام
ہوئی دامن کوہ مین کچھ مقام

کون وہ ایسا نام تھا استاد فن عیاری کا | آتے سن مین حضور تجکو ایسی سیکھاتے ہین

میر مقدس آدمی ہین تھے سبحہ بکف میخانے مین
صبح جو ہم بھی جا نکلے تو دیکھ گیا شرمائے ہین

کیا ایک نالے سے ہمنے گذر | ہوئی قائم اس جا یہ حشر دگر
اگر ہو گاڑی چھکڑ و پیادہ سوار | کہ مقصد تھا سب کا عبور ایک بار
گذارا جو فیلون کا پہلا ہوا | ملا خاک مین آب جہلا ہوا
کمر تک لگے دھنسنے دلدل بیچ | کہ نالہ کا پانی تھا یکدست کیچ
پھنسے گاؤ اشتر گری بار خر | ہوئے سب اشتر بھی زیر و زبر
اگر چند باندھے تھے وہ جبر نام | ہوگئے ایک ریلے مین دونون تمام
نہ دیکھی تھی آگے کبھو یہ ہمین | ولیکن خدا نے اتارا ہمین
سلامت لے ہا اپنا اسباب سب | رہے لوگ لشکر کو کرتے عجب
چلے وانسے آگے نہ ڈیلا ملا | کیا ان نے ایک ایک کو دو دو لا
عجب راہ پر خوف مشکل گذار | نہ ہوتے تھے معلوم ہاتھی سوار
خطر شیر کا شور ہنگام کا | عجب وان کے جانے کا غم راہ کا
کہ جاؤ زمین کچھ ہویدا نہ تھی | کہین اسمین کچھ ندی پیدا نہ تھی

لطف سخن بھی پیری مین رہتا نہین میر
اب شعر ہم پڑھے ہین تو وہ شد و مد نہین

کسو ایسے بن سے نکلنا ہوا | کہ کوسون تلک اس مین جلنا ہوا
کشیدہ قد اس بن کے سار و درخت | چمن کے ہر نو بادگان سبز بخت
برابر ہیر ابر کھڑے سر بسر | پھرے دیر اودھر کو جا کر نظر
پری چال کہ آیا تر ادم بہت | خبر اسمین جا کر ہوئی کم بہت
کہین راہ نکلے تو چلتے ٹری | رہے بال و پر تل بہ شان کھڑے
کہ تھا خون نے تھا جمک ملا تی تھی | بہت آگے جا جا کے آئے تھے پھر
نہی راہ در پیش کثرت ہوئی | قیامت کئے دیر قیامت ہوئی
سرون پر اودھر توپ آئی چلی | پڑی تھی اودھر گون مین کھلبلی
کہین اسپ اشتر کہین فیل مست | زمین ہر سر گام بالو ہبت
گذر جسطرح اس طرح سی کیا | روندون نے خون جگر ہی پیا
وہین بیچ آیا ہیانا مرا | کوئی دیکھتا رنج اٹھانا مرا
سواری سے مجکو ندامت ہوئی | کہ چارون طرف سی ملامت ہوئی
لگے کہنے آیا فرنگی کہان | کہ جو پانی کی رسم چھوڑی سی یان

میر

٥٥٦

چلے ہر طرف اب جو آگر تفنگ ۔ نہ اوقات صلح و نہ ہنگام جنگ
لگی آگ جنگل مین جارا گیا ۔ بن آئی نہ کچھ مفت مارا گیا
ہوا چہرہ کوئی تو جون شیر سنگ ۔ نہ شیری دلیری نہ پھر سیر نگ[…]
لگی گولی پڑنے نہ پھر چل سکا ۔ نہ جا گہہ سے اُگسا نہ ٹک ہل سکا
چلے ہم جو بہراج سے پیشتر ۔ ہوی صید دریا کے وان بیشتر
ٹھہرے فقط ہی سحر تو دیہات تھہر ۔ کہے تو کہ سوتے رہے دو دو پہر
گھسے گولیون سے مگر بیشمار ۔ رہے سو نس گھڑیال چندین […]
جو کچھ زخم پانی مین لیکر گئے ۔ وہین ہو گئے نا سور مر گئے
لگا کہنے باخا سرا اپنا جھکا ۔ کہ پانی تو جا بون سو سا بار[…]
اگر جائے تہ کو دھس جائی ۔ وگر گاڑ لے سر تو پھنس […]
عجب مخمصہ ہے بچے کیونکہ جان ۔ یہی موت ہی سوجھتی ہے ندان
جواب اسکا گھڑیال زبون دیا ۔ گھڑی ایک دو کا ہے قصہ ر[…]
پڑی سر پہ بجتی ہے فرصت نہین ۔ پھر اسکو کھینچتے ہین اب کیا کہین
تحمل ہو کچھ بھی تو تدبیر ہے ۔ کرین کیا اگر یو نہین تقدیر[…]
کوئی دشت قیمد شت نے زار تھا ۔ رکھو وان قدم پانون اکا[…]

[illegible]

غزل

[illegible]

۵۵۵

[illegible]

بہت رہ گئے زیر شمشیر و تیر
بہت آئے لشکر مین ہو کر اسیر

لدے ہاتھیون پر جو ہو کر شکار
مین ہون بوجھ سی پشت فیلان فگار

کئی گم ہو گینڈے نے اپنے حواس
کھڑا ہو رہا آ کے بھینسون کے پاس

کہ بھینس اسکو بھی جان کر لشکری
چلے جائین صرصر نمط سرسری

نہ چھوڑا ہے طیر ایک عصفور تک
نہ وحشی گئے اور لنگور تک

لگی جا کے شاہین دستور یون
پڑے کبریو مین کہین گرگ جیون

کلنگ ایسے بازو لئے آئے ستوہ
کہ کابل سے آگے گئے صد گروہ

نہین فوج سرزن نہ اہل فرنگ
ہوئے قید باصید کیا بیدرنگ

غضب کر گئے جرّے جواب کے
اڑا کھا گئے خیل سرخاب کے

نہ لگ لگ نہ تیتر رہا دشت مین
نہ غمخوار اک آیا نظر کشت مین

سبھون مین جو تھی قاز و سارس سرس
ہوئے صید یوں جن پہ آیا ترس

حواصل کو ہوتا اگر حوصلہ
تو گرتا نہ کھیتون مین ہو دہلہ

کہین سارے طاؤس مرتی گئے
ادھر لوگ افسوس کرتے رہے

کہین جی اٹھے تھو زمین العدم گر
نہان اسکے خوش قد بسیار برگ

نہ بستی سے صحرا تلک سبز تھے
نظر جائے جس جا تلک سبز تھے

[illegible]

تستر مرغ سیمرغ از بس ہراس	نہین آتے کوہِ شمالی کے پاس

غزل کہ کہ ہے میر لطف ہوا
بیابان خوش آیند و خوش فضا

سبزہ ہی آج جو ہے فصل بہار بھی ہے	سرگرم جلوہ دیکھو پہلو مین یار بھی ہی
یہ تو نہین کہ ہم پر ہر دم ہی بید ماغی	آنکھین کھاتی ہین تیرہ کو نمین پیالہ بھی ہی
گل ہمکنار ہوگا ہنس کر کبھو چمن مین	پر کم بغل ہی بلبل اسکو قرار بھی ہی
ہون عدہ گاہ مین تو مین ہی جانتا ہون	کچھ اضطراب بھی ہے کچھ انتظار بھی ہی
جون موج ہم بغل ہون نایاب اس گہر سے	دریا کی سیر بھی ہی بوس و کنار بھی ہی
ہم جبر یون ہی کیا ہو بیدست و پا و عاجز	کہنے کو کہتے ہین تو کچھ اختیار بھی ہی
کون اس بھبوکے سا ہی دیکھو ٹک بھی تو تم	شمع و چراغ و شعلہ برق و شرار بھی ہی
جانا مسلم آیا اس خاکدان ہی گو پھر	مشکل گذر ہے رستہ گرد و غبار بھی ہی

دل تنگ میر کیون ہی ہمرہ وزیر کی تو
دریا فضا ہوا ہے سیر و شکار بھی ہی

اٹھا فوج مین سے یہ گرد و غبار	کہ منہہ پر تھا خورشید آئینہ دار
فلک کہری سے تھا دہوان سا نمو	سمان شب کا رکھتا اٹھا ملک شو

ہمین سے کیا وہ جادو گر ہنو لگا — کہو دشمن نے اسکا منھ کیا بند
نہین تھمتا ہے اب پلکون سے رونا — بہت خاشاک سے دریا رہا بند
ہمین منظور ہر صورت مین ہے دید — کھلی ہو چشم جون آئینہ پابند
نہین کام آتی اتنی تیز گامی — سمندِ عمر ہوتا کاش جا بند
زبردستونکی کشتی ہوگئی پاک — نکالا عشق زور آور نے کیا بند

یہی انداز باندھے ہین یہی ناز
قیامت میر صاحب ہین ادا بند

شکار نامہ

کر ہے نواب کو قصد صید — بیابان پہنا ور اب ہونگے قید
روان بحر لشکر ہوا موج موج — گئی چشم خورشید تک گرد فوج
بحار و صحاری پہ ہے عرصہ تنگ — مگر یان سراسیمہ ہین وان پلنگ
ہین بیٹھے ہین شیر ببری لباس — کرین لوگ شاید فقیری لباس
چکارے ہرن دونون اندیشہ مند — دلون مین ہراس کمان و کمند
ہین گرگِ وادی کو فکر گریز — نظر ایدھر اودھر کرے تیز تیز
نو نہین ہے آشوب کو ہو نہین ڈر — بیابان وطن سارے گرم سفر

۵۵۳

غزل

نہین خون لستکلی کہ چشم تر بند
ہوا جستہ کے تیغ چشم تر بند
ہماے گرم مرا بر شانہ شانہ
ہماں مین سخن کہ مرا یاد گار
عداوہ ہے بہ یون ہی دشمن شکار
ہین عالم کش اسکے دزد آوران

ہوا خیمہ ایستادہ ایسی جگہہ	کہ آنے لگے دیر وانسے نگہہ
روان دو طرف اسکے ایک آب کم	کہ دل کالیے جائے سب ننگ غم
جہاں تک نظر کیجیے بد نظف	ہوا موج زن کوہ کے تا کمر
نظر والونکے جی بھی ڈھلنے لگے	گرفتہ دل اس جائے کھلنے لگے
وہ پانی چلا وانسے دریا ہوا	روان گرم تر سوے صحرا ہوا
بہا دامن کوہ مین سنگ پر	کیا سنگریزونکو بھی رنگ بر
کہ لوگ انکو ہاتھو نمین لیکر لگے	جواہر کے رنگون پر کہنے لگے
کہاں رون کا کیا عظم کیجیے بیان	بہا بر کھڑے تھے وہ کوہ گران
انہین مین سے تھی راہ اس آب کی	وہین بھیڑ رہتی تھی احباب کی
ہوئے دامن کوہ مین کچھہ مقام	سفر کی بھی مدت ہو شاید تمام
کوئی روز گہائی کی بھی سیر ہے	سبھون کے ہے معلوم پھر خیر ہے
جو ہمین کو سیر کا دین نشان	نظر آئے یا کوئی بیل و بان
تو اورا ایکدو دن کی ہوتی ہے	وہ ہاتھی بند ہی کہیے گا یا وہ شیر
شکار ایسا دیکھا ہی اس بار کا	کہ جھاڑا ہوا دشت کہسار کا
کئی دیکھیے کب تک بہاڑ اور جھاڑ	ملے چھاتی پر سے کہین یہ پہاڑ

۵۵۲

کہین بید کے برگ خنجر گذار
کہین پا نہ رکھنے دین سر تیرہ خار

تنک دو درختون کے اودھر ہو
نیستان پھرتے ہی پھرتے ہوے

اگر بید آئے تو بن بید بانت
نہ آئی نظر دور تک ساده صنت

اگر بانس تھو وان تو تھو دشت دشت
کہ دشوار تھا دو قدم کا بھی گشت

ہمین چار نالے اُترنے پڑے
کنارے پہ دو دو گھڑی تھو کھڑے

رہا ہر قدم گرنے ہی کا خطر
چلے دو قدم راہ پائے اگر

بہت لوگ دشت و قلم کو گئے
بہت اسپ و اشتر عدم کو گئے

لگے ہاتھ فیلان وحشی کی راہ
ولے ڈر نہ ہو فیل کوئی سیاہ

نہ ہاتھی ملا کوئی بارہ نہ شیر
ہوئی خیر گو ملے ہوئی راہ دیر

شجر سر کشیدہ بہت کیا کہون
جو دیکھون تو پگڑی سنبھالے رہون

چنار اُن درختون کے تھو پائمال
سفیدار رکھتے تھے حکم نہال

اگر کوئی دریاچہ آتا ہے بیچ
تو لوگون کی روندو نسی ہوتا کیچ

تل کوہ رفعت نمودار ہو
گیا آمد و شد مین ہموار ہو

کوئی گل زمین آئے ایسی نظر
کہ عالم نے اودھر لگائے نظر

کہین سبزہ تر سے جی جا لگے
کہین سرسون پھولون کی ٹھیکے لگے

دل اپنا ہے لطف سخن کا اسیر
غزل اس زمین پر بھی کہتی ہے میر

غزل

قریب یک منیا پہاڑی تھی وان — لگا اس سے کم کم تھا آب روان
پہاڑی کہ تودا کہون خاک کا — کہ انبار تھا خار و خاشاک کا
محاذی تھا اُس کوہ کے ایک دشت — کہ دشوار تھا اسمین آدم کا گشت
ہوا بد بہت اور پانی سے گے — قدم راہ چلتے ہوے ڈگمگے
چلے باؤ تو ایک ہو جش ہی شور — رکھے پانون دامن کو کھینچے بزور
فقط خار بن کیا کہ پہاڑ تھا — کہ بوٹا بھی وان جھاڑ جھنکار تھا
چلو ہے چلو ہے یہ جیتے نہین — کہ اشجار آگے سے ٹلتے نہین
نہ ٹوٹین نہ سرکین نہ کانٹے کٹین — مگر پچھلے پانون ہر رہرو ہٹین
کہین ہاتھی آیا ہے ٹھر کا ہی اونٹ — کھڑے لوگ پیتے ہین لوہو کے گھونٹ
کہین ہا گیے انفار سر گرم جنگ — گرے ٹٹو پرتل کا عرصہ ہی تنگ
قیامت نمودار ہر ہر قدم — چلے کوئی کیا رکھ کے سر پر قدم
کہین بچ کے نکلے کہین جھک چلے — کہین مضطرب تھے کہین رک چلے
اسی طور منزل کو کر قطع راہ — پہنچتے دہی ہم بحال تباہ
شجر جمع تھے کچھ تر کوہ بھی — فرود آیا اسجا پہ انبوہ بھی
زمین اونچی نیچی خشونت بہت — اسی سے تھی وان کم سکونت بہت

نکلتا ہوا کھینچ کر یہ عذاب
ملا بستر ایک تہ در آب

روان تھا کسو کیطرف تند و تیز
ہوا اسکے چلنے کی غمی پیش خیز

حباب اسکا چشمک زنان موج پر
کہ یون گرو جاتے ہین اہل نظر

طلبگار کرتے نہین سادگی
نہو جون گہر ایسے استادگی

کنارے پہ اسکے اترنا ہوا
دوبالا ہوئی ڈھنڈ مرنا ہوا

نہ رکھتے تھے جون رند مفلس لباس
نہ آنسے ہوا اپنے جامہ کا پاس

غزل کہنے کی یہ بھی جا خوب ہے
جو اچھی ہو موزون تو کیا خوب ہے

غزل

حیف اس شکار پیشہ کو ہمسے خبر نہین
ہم ہین شکار خستہ ہماری جگر نہین

ہم خاک منہ سے ملکے بھرے جیتے رہے
افسوس ہے کہ ہو دل پارہ ادھر نہین

آنکھین نکال اسکی قدم کے تلے رکھین
تو بھی ہماری حال پہ اسکو نظر نہین

کیا کیجیے جو نہ کیجیے اندازہ دام کا
گلزار کے تو قابل پرواز پر نہین

نکلے پڑی ہے میان سے کا ہیکو ہر گھڑی
لاگ اسکی تیغ تیز کو ہمسے اگر نہین

سر رکھ کے اسکے تیغ تلے مرگئے شتاب
یان پاؤن پٹ پٹکے آئے اگر نہین

آنکھین ہین اسکی راہ پہ جون نقش پا لگے
پر میر اسکو کچھ سر سیر و سفر نہین

شغال اور خرگوش ہم زور نہیان
شکاری سگون نے کیے نوش جان

ہوا پر جو تھے مرغ پرواز مین
گرے سیکڑون ایک آواز مین

بہت جانور کھا گئے کر کباب
ہوئے آشیانے ہزارون خراب

حواصل تھا کیا جو کہون تھا کہین
کہ تعداد کشتون کی پاتے نہین

بہت مضطرب جھکیتو نہین پھر ے
سلامت نہ آخر گئے بر سرے

انھون ہی مین سیمرغ بھی تھا مگر
کہ پر مارتا ہے نہین کو دپر

نہین فیل مرغ اور شتر مرغ اب
کہ بعضو نکی طعمون کے کام آئے سب

کسو نمین تھے نیستان اور کانس
چلے راہ وان لے نسکتے تھے سانس

برس مینھ دود نین کھل بھی گیا
ولیکن ہے کہرا لطیفہ نیا

کہ اندھیر تھا جیسے ظاہر ہو دود
ہوے ہو نٹھ سڑی سی سبکے کبود

بلا دھوم سے کوئی گھبرا پڑے
جنھین دیکھو وے کانپتے ہین کھڑے

ہوا سرد ہو کر گیئی جان مار
اٹھایا بڑا لطف سیر و شکار

دل اس دود تیرہ سے گھبرا گیا
کہین آگ دیکھے تو جی آگیا

یہی چال تھی ایک دو چار کوس
ہوا ٹھنڈ ٹھنڈی پڑی ایسی اوس

کسو کوہ کے پاس نکلی جو راہ
گئی کوہ کی تیغ تک کم نگاہ

۵۴۴

قنات اور تنبو سب سر گئے
کھڑے تھے جو گندے اتر سب گئے

بھرا پانی لشکر مین پھیلا ہوا
اگر فرش بستر تھا بھیلہ ہوا

ہوا سرد از بس ہوئی ایکبار
کلیجون کے ہوتی تھی برچھی سی پار

پھرے بادسے لوگ منھ ڈھانپتے
جگر چھاتیو نین رہے کانپتے

رہا ایسی سردی مین کیدھر شکار
ہوے لوگ خیمونکے اندر شکار

بہت پیر جب جی کو تجنے لگے
جوانون کے بھی دانت بجنے لگے

تہ تیغ خورشید پنہان ہوا
ندیکھا مگر روے جانان ہوا

بہت اسپ اشتر موے پانون پیٹ
نکالا انھین خیمہ گہہ سے گھسیٹ

غزل میرپان کوئی موزون کرو
تامل کرو دل جگر خون کرو

غزل

وہ دل شکار آن جو نکلا شکار کو
انداز یک نگاہ سے مارا ہزار کو

چلنا پڑے ہی رکھ کے قدم تیغ تیز پر
کس ڈھب سے کاٹین اس رہِ مشکل گذار کو

اڑنے لگے ہی باد مین تو جانگزا ہی پھر
خجلت ہے اسکے زلف مین ہی تیر مار کو

سو بار منھ چڑھاتے ہو کچھ بولتے نہین
یہ بات کیا چڑھو ہو کہے اپنے یار کو

آتا نہین نظر کہ حصولِ امید ہو
کیا تھام تھام رکھئے دلِ بیقرار کو

نہ پر تھا نہ پرزا نہ بازو نہ پا — کسھون نے بھی پوچھا نہ یون تھا کیا

نہ زردی کو دیکھا نہ پایا کبود — نکالا ہے لوگون زبانی سے دود

سپہ کی بلا ترک تازی رہے — نہ سارس کی وہ سرفرازی رہے

کماندار مردم سے چارہ گیا — کسو کھیت پر سخت مارا گیا

نہ جو فیل وحشی کی مستی گئی — وہین مٹ گیا اسکی ہستی گئی

سنا نو کی نوکو نیہ پھر بٹ گیا — وہ کوہ گران سنگ سب چھٹ گیا

بہت جانور چھوڑ آ کھر گئے — لگے دون بہت جل گئے مر گئے

اگر بن ہے گویا بنا ہے اُسے — کرے قصد وانکا تو کیونکر گھسے

مگر زور سے کم نکلتا ہے کام — بہت رنج کھینچے سے پڑتا ہے کام

خبردار دستار سر خار بن — زمین پر رکھو پانون کانٹو کو چن

کئی گام یون راہ چلنا پڑے — پھر اُس دامگہ سے نکلنا پڑے

تو آگے بیابان پر خار ہے — کہین جھاڑ بوٹا کہین خار ہے

اگر اس مین پانی نظر پڑ گیا — کنارہ پہ اسکے یہ چڑھکر گیا

ہوا حال اپنا پریشان بہت — پھرے مضطرب اور حیران بہت

نرائی جو دان سے گذرنا ہوا — کماروں کے سر چڑھ اترنا ہوا

کوئی شیر غران کہ جیل دمان
نہ سبزہ نہ کھیتی نہ آب روان
سو وہ شیر مارا گیا مثل سنگ
کوئی دشت ایسا کہ تھا سبزہ زار
اگر آ ہو گیری کا ہوتا نہ عیب
سطح زمین میل در میل تھی
نہ دریا یہ تھا کوئی نہ جھیل تھی

غزل

محیط آبگیرون کو تھے مردکار — ہوئے مالک مخزن چندین ہزار

بہت دام پانیکے جانب جھکے — کھڑے رہ گئے زرد کیا کیا رُکے

ٹھٹک سوس گھڑیال رہ رہ گئے — مگر مچھ بجانے کدھر بہ گئے

یہ قشقل غسلی نہ سرخاب ہے — تمام اُنکے لوہو سے سُرخ آب ہے

عجب روغن ناز ملتے تھے یار — کہ قاز و نکو لیتے ہوا مین سمار

منگاتے تھے بطخ کی چربی ظریف — سو وہ چربی اب پھینکدین ہین حریف

ہوئے کتنے اقسام ماہی شکار — نہ آوے قسم کھائی بن انتبار

مگر مرگ ماہی تھی جانونکی بیچ — کہ یون مچھلیان سب نکالین اُلیچ

نہ ارنب ہی جنگل مین نے سوسمار — کوئی بدری کیا کھاوے پروردگار

کلنگون کی اُلٹی گئی صف کی صف — ہوئی بیچ مین قرقری بھی تلف

نہ جیسے گئے سبزہ کھا کھا کے چیت — بٹڑ ویسے ہے آئے کھیتونمین گھیت

بٹیر اور تیتر کا ہے کیا شمار — کہ باز آگئے جرے کرتے شکار

ہوا لندو سنبرک بہت لمین ڈر — نمد مو ہوا گرد سے شانہ سر

خطرناک تھا دشت کیا کہیٔ مور — دبا یون بھرے جیسے بنا ہی چکور

نہ پاڑھا نہ نیلا نہ چیتل کوئی — نیونمین جو دون تھی گیا جل کوئی

۵۴۵

باز قدم رنجہ فرمودن آصف الدولہ بہادر روز دیگر برائے شکار

چلا پھر بھی نواب گردون شکار
اسد باد کے گھوڑے پر ہو سوار

روانہ ہوئی فوج دریا مثال
نہنگون کی اب کھینچی جاویگی کھال

گیا شور نا آسمان برین
ہوئی گرد افواج گردون قرین

زمین ہوگئی پای خوف و خطر
فلک کو لگے دیکھنے شیر نر

چڑھا بسکہ دریاے فوج گران
اُتر ہاتھیون کی گئین مستیان

دبے چپ لگا چینے بھیڑ دنگی چال
پریشان ہی گرگ بغل زن کا حال

پلنگون نے کہسار سے راہ لی
نہنگون نے دریا کی جا تھاہ لی

بچیرے جو تھے دام سے چھا گئے
کشف نیچے ڈھالون کر گھبرا گئے

درندے پرندے چرندے کھپے
گزندون کے منہ گرد نیچے ڈھپے

تلف جانور ہین جہان کے تہان
گوزن اور گور اور آہو کہان

رہے گو رہ یک شاخ و یکسو غزال
تزلزل مین ہین کیا شجر کیا نہال

شغال اور روباہ و خرگوش سے
نہین بحث کچھ یہ ہین بیہوش سے

ہوا حائل راہ بحر عمیق | کہ ہو وہم ساحل پہ جسکے غریق
قریب آکے اُتری یہ خائف تھی فوج | کہ بڈ دل اُٹھتی تھی ہر ایک موج
مہیب اور آلودۂ خاک آب | بعینہ بھنی آنکھ تھا ہر حباب
غضب لجہ خیز سے بلا جوش پر | تلاطم قیامت لئے دوش پر
چلے بس تو کچھ کوئی چارہ کرے | مگر دیکھ ہی کر کنارہ کرے
تردد مین ہر اک کے ہون کیونکہ پا | کنارے پہ سرگشتہ گرداب وا
روان آب ایسی روانی کو ساتھ | کہ جو رفتگی ہو جوانی کے ساتھ
لگے پانون جلنے جہان شور تھا | کہ کم آب مین بھی بڑا زور تھا
تامل سے اقبال نواب دیکھ | توقف کیا پہلے تو آب دیکھ
پھر اُس پار جاکر اشارہ کیا | کہ لشکر نے وہین گذارا کیا
شبا شب اترنے لگے لشکری | نہ جوش آب کا وہ نہ ویسی تری
وہ سوتا جگاتا تھا جس کا خطر | اٹھا شور سی فوج کے چونک کر
نشہ اسکے سر سے اتر سا گیا | چڑھائی سے لشکر کے ڈر سا گیا
کچھ اک نادین لے کچھ شجر کاٹ کر | شتابی سے دریا کتین پاٹ کر
اُترنے لگا لشکر بے بہا ان | گران ناگران تھا یہ محشر عیان

اگر ٹک بھی اٹکا تو مارا گیا ۔ پڑے سیکڑون پھاند چارا گیا
دگر سرکشی سے کی استادگی ۔ تو پیش آئی اک طرفہ افتادگی
پہاڑ ایک ہاتھی مقابل ہوا ۔ بزور آمد و شد کا حائل ہوا
جٹے دونون وہ دیو میدان مین ۔ اٹھا شور محشر بیابان مین
جہان دونون فیلونکی تھی سرزنی ۔ نتر مرغ سے وان نہ ہو پرزنی
جو اس مار کھانے پہ اکڑا رہا ۔ کئے روز رسون سے جکڑا رہا
رہے کسطرح پھٹ گیا تھا جگر ۔ ہوا ادھ موا پھر مین لہو موت کر
اگر سرکشی سے نہ اپنی ہٹا ۔ نہ میدان مین ٹک وہ اٹک گھٹا
اشارہ ہوا اسکے چو رنگ کا ۔ سبھون کو ارادہ ہوا جنگ کا
برسنے لگا مینھ تیرون کا زور ۔ ہوا فیل باران کا جنگل مین شور
لگی پڑنے بجلی سی تیغ سیاہ ۔ پریشان ہوا جیسے ابر سیاہ
نہایت وہ ہاتھی ہوا لخت لخت ۔ گرا یون کہ جیون پارۂ کوہ سخت
رکھا لا کے لشکر مین اُٹھا کر اُسے ۔ سر اسکا کٹا لا کے برج سیاہ
رہی کہتے اس دن عجب سب ہی یہ ۔ سر فیل ہے یا سر شب ہے یہ
اگر دیو ہین سرگرانی کے ساتھ ۔ نہ اس تیرگی و کلانی کے ساتھ

۵۴۲

بسم الله الرحمن الرحيم

مثنوی

جال داروں سے سب نے کام لیا	آخر ان کو اسیر دام کیا
نکلے باہر دلے موے نکلے	دونوں دست و بغل ہوئے نکلے
ربط چسپاں بہم ہویدا تھا	مر گئے پر بھی شوق پیدا تھا
ایک کا ہاتھ ایک کے باہیں	ایک کے لب سے ایک تو تسکین
جو نظر ان کو آن کرتے تھے	ایک قالب گمان کرتے تھے
کیا لکھوں مل رہی وہ وصلی وار	ہمدگر سے جدا ہوے دشوار
کیوں نہ دشوار ہو ہوا انکا فصل	جان دیدے ہوا ہو جنکا وصل
حیرتِ کار عشق سے مردم	شکل تصویر آپ میں تھو گم

مقولہ شاعر

میر اب شاعری کو کر موقوف	عشق ہے ایک فتنۂ معروف
قدرت اپنی جہاں دکھاتا ہی	اسے جو تو کہے سو آتا ہے
کتنی وسعت تری بیان نہیں ہی	کتنی طاقت تری زبان نہیں ہی

لب پہ اب مہر خامشی بہتر
یاں سخن کی فراموشی بہتر

تمام شد

٥٤١

جس کسو سے یہ پیار رکھتا ہی — عاقبت اسکو مار رکھتا ہی

جذب سے اپنے جب کری ہی کام — عاشق مردہ سے بھی لے ہی کام

صبح گاہان وہ غیرت خورشید — اس جگہ سے روان ہوئی نومید

پہونچے نصف النہار دریا پر — روئی بے اختیار دریا پر

حد سے افزون جو بیقرار ہوئی — دایہ کشتی مین لے سوار ہوئی

حرف زن یون ہوئی کہ اى دایہ — یان گرا تھا کہان وہ کم مایہ

موج سے تھا کدھر کو ہم آغوش — تھا تلاطم سے کسطرف ہمدوش

تجکو آیا نظر کہان آکر — پھر جو ڈوبا تو کس جگہ جاکر

مجکو دیجو نشان اُس جا کا — مین بھی دیکھون خروش دریا کا

ہون مین نا آشنای سیر آب — نا شناسای موجہ و گرداب

لجہ کیا لطمہ کسکو کہتے ہین — گھر مین ہم نام سنتے رہتے ہین

ہین میسر کہان یہ سیر عبور — اتفاقی مین اسطرح کے امور

مکر مین گرچہ دایہ تھی کامل — لیک تہ سے سخن کے تھی غافل

یہ نہ سمجھی کہ ہی فریب عشق — ہی یہ مہ پارہ ناشکیب عشق

بیچ دریا کے جا کہا یہ حرف — یان ہوا تھا وہ ماجرای شگرف

بے خبر کار عشق کی تہ سے | جست کی اُن نے اپنی جاگہ سے
تھا سفینے مین پا کر دریا مین | موج زنجیر ہو گئی پا مین
کھچ گیا قعر گو یہ گوہر ناب | تھی کشش عشق کی مگر تہ آب
کہتے ہین ڈوبے اُچھلتے ہین | ڈوبے ایسے کوئی نکلتے ہین
ڈوبے جویان کہین وہ جا نکلے | غرق دریاے عشق کیا نکلے
عشق نے آہ کھو دیا اُسکو | آخر آخر ڈبو دیا اُسکو
جبکہ دریا مین ڈوب کر وہ جوان | کھو گیا گوہر گرامی جان
دایہ حیلہ گر ہوئی دلشاد | وان سے کشتی چلی برنگ باد
خار خار دلی سے فارغ ہو | لیگئی پار اُس گل نو کو
یہ نہ سمجھی کہ عشق آفت ہی | فتنہ سازی مین اک قیامت ہی
خاک ہو کیون نہ عاشق بیدل | کام سے اپنے یہ نہین غافل
وصل جیتے نہو میسر اگر | لاوے معشوق کو یہ تربت پر
یان سے عاشق اگر گئے ناشاد | خاک خوبان بھی اُن نے کی برباد
قصہ کوتاہ بعد ایک ہفتہ | آئی وہ رشک مہ ز خود رفتہ
کہنے لاگی کہ اب تو اے دایہ | ہو گیا غرق وہ فرومایہ

ناز وخوبی نے دل دیا نہ تجھے
اب تغافل نہ کر تلطف کر
گوش زد دایہ کے ہوئے یہ سخن
پاس اسکو بلا تسلی کی
کاے ستم دیدۂ غم دودی
زار نالے نہ کر شکیبا ہو
دل قوی رکھ نہ جی کو کاہش دے
سخت دل تنگ تھی یہ غیرت ماہ
گرچہ یہ حسن اتفاق سے ہی
ترے آنے سے دل کشادہ ہوا
بزم عشرت کرینگے باہم ساز
دیکر اسکو فریب ساتھ لیا
لیک در پردہ اُن نے یہ ٹھانی
یہ تو دل تفتۂ محبت تھا
وقت نزدیک تھا جو آپہونچا

رحم سے آشنا کیا نہ مجھے
حال پر میرے ٹک تاسف کر
تھے وہ اُستاد کار حیلۂ و فن
وعدہ وصل سے تشفی دی
ہو چکا اب زمانہ مہجوری
عشق کا راز تا نہ رسوا ہو
چل کوئی دم کو دادخواہش لے
قطع تجھ بن نہو سکے بھی راہ
اُسکی بھی جذب اشتیاق سے ہی
تشنۂ دوستی زیادہ ہوا
ہو جیو تو اب اپنے دوست کا
دل عاشق کو اپنے ہاتھ لیا
کیجے اس سے خصمی جانی
سخت دارفتۂ محبت تھا
تا سر آب با بپا ہونچا

سب محافے مین اُسکو کرکے سوار	ساتھ دی ایک دایۂ غدار
یار دریا کے جلد رخصت کی	اس طرح فکر رفع تہمت کی
گھر تھا اک آشنا کا دنگاہ	وان ہو روپوش تا یہ غیرت ماہ
ہووے جب اس بلا سے خاطر جمع	نور افزاے خانہ ہوون جون شمع
گھر سے باہر محافہ جب نکلا	اس جوان پاس ہوکے تب نکلا
طپش دل سے ہوکے یہ آگاہ	ہو لیا ساتھ اُسکے بھر کر آہ
وان کے رہنے سے اُسکو کام نتھا	وہ گلے اُسکا کچھ مقام نتھا
جس سے جی کو کمال ہو اُلفت	جس سے دلکی درست ہو نسبت
جنبش اُسکی پلک کو گردان ہو	دل مین یان کاوش نمایان ہو
وان اگر ہو شکست کا سو باب	یان رگ جان کو ہووے پیچ و تاب
وان اگر پاؤن مین لگے ہی خار	دل سے یان سر نکالی ہی یکبار
یار کو درد چشم گر ہووے	چشم عاشق لہو مین تر ہووے
چاک دامن ہین وان نے زینت	یان گریبان ہی چاک گل کی صفت
وان دہن تنگ یان ہی دلتنگی	حسن اور عشق مین ہی یکرنگی
دست افشان وہ یا ہر کو یان یہ	تھا محافے کے ساتھ گرم رہ

ایکدم آه سرد بھرا وٹھنا ۔ نالهٔ گرم گاه کرا وٹھنا

جی مین کہتا که آه مشکل ہی ۔ اسطرف یک نگاه مشکل ہی

دوست کو میرے نام سے ہی ننگ ۔ دشمنون سے ہی جی په عرصه تنگ

چشم تر سے لہو بہا کرتا ۔ صبح کے باد سے کہا کرتا

کای نسیم سحر یه اُس سے کہ ۔ مست تغافل کرا ور غافل ره

اُن بلاؤن مین کوئی کیونکه جیے ۔ جان پر آبنی ہی تیرے لیے

جان دون تیرے واسطے سو تو ۔ آنکھ اُٹھا کر ادھر نه دیکھے کبھو

رفته رفته ہوا ہون سودائی ۔ دور پہونچی ہی میری رسوائی

نام کو بھی ترے نجانا آه ۔ تجھسے کیونکر سخن کی نکلی راه

نا امیدانه گر کرون ہون نگاه ۔ دیکھتا ہون ہزار روز سیاه

سخت مشکل ہی سخت ہی بیداد ۔ ایک مین خون گرفته سو جلاد

کوئی مشفق نہین که ہووے شفیق ۔ بیکسی بن نہین ہی کوئی رفیق

ناله ہوتا ہی گر گئے دل جو ۔ گریه آنسو سے پونچھتا ہی کبھو

آه جو ہمدمی سے کرتی ہی ۔ ابتو وه بھی کمی سی کرتی ہی

چشم رکھتا ہی وصل کی یه دل ۔ جی ہی اس سے اسیر آب و گل

وہ تو کبھی نہ تھی خیال اسکا　　کسطرح ہووے تو کر خیال اسکا

جھاڑ دامن کے تئین وہ مہ پارہ　　اٹھ گئی سامنے سے یکبارہ

وہ گئی اسکے سر بلا آئی　　خاک مین مل گئی وہ رعنائی

دلبہ کرنے لگا طپیدن ناز　　رنگ چہرے سے کر چلا پرواز

ہاتھ جانے لگا گریبان تک　　چاک کے پہنچے پانون دامان تک

طبع نے اک جنون کیا پیدا　　اشک نے رنگ خون کیا پیدا

سوزش دل نے جی مین جاگہ کی　　داغ نے آ جگر کو آتش دی

بستر خاک پر گرا وہ زار　　درد کا گھر ہوا دل بیمار

خاطر افگار خار خار ہوئی　　جان تمناکش نگار ہوئی

اسکے منہ پر پڑی جو اسکی نگاہ　　ناامیدی کے ساتھی سرکی آہ

خود ہوئی نالۂ حزین کے ساتھ　　رابطہ آہ آتشین کے ساتھ

منہ سوکھے تو خون ناب پلا　　خواب و خور دونون کو جواب ملا

خلق اسکی ہوئی تماشائی　　پر جو وہ دیکھنے کبھو آئی

کچھ کہا گر کسو نے شفقت سے　　رو دیا اُن نے ایک حسرت سے

جاکے اسکے قریب در بیٹھا　　قصد مرنے کا اپنے کر بیٹھا

آرزو تھا امیدواروں کی | دردمندی جگر فگاروں کی
نمک زخم سینہ ریشان ہے | تمہ یا زہر کیشان ہے
حسرت آلودہ آہ تھا یہ کہیں | شوق کی یک نگاہ تھا یہ کہیں
کشش اسکی ہے یک اعجوبہ | ڈوبا عاشق تو یار بھی ڈوبا
کون محروم وصل یاں سے گیا | کہ نہ یار اسکا پھر جہاں سے گیا
کام تن پے عشق یکا ہے | ہاں یہ نیرنگ ساز یکا ہے
جستجو ہو اسکی التفات نصیب | ہو وہ نہ زنہ چند روزہ غریب
ایسی تقریب ڈھونڈھوتا ہے | کہ وہ تا جارجی سے جاتا ہے

آغاز قصہ جانگداز

ایک جا اک جوان رعنا تھا | دلبر خسرو سرو بالا تھا
عشق رکھتا تھا اسکی جانی ارم | دل نہ رکھتا تھ سوے بھی نرم
شوق تھا اسکو صورت خوش سے | انس رکھتا تھا وضع دلکش سے
تھا طرحدار آپ بھی لیکن | رہ نہ سکتا تھا اچھی صورت بن
کوئی ترکیب اگر نظر آتی | صورت حال اور ہو جاتی
دیکھتا گر وہ کوئی خوش رفتار | رہتا خمیازہ کش ہی لیل و نہار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی دریاے عشق

عشق ہی تازہ کار تازہ خیال — ہر جگہ اُسکی اک نئی ہی چال
دل میں جاکر کہیں تو درد ہوا — کہیں سینے میں آہ سرد ہوا
کہیں آنکھوں سے خون ہوکے بہا — کہیں سر میں جنون ہوکے رہا
کہیں رونا ہوا ندامت کا — کہیں ہنسنا ہوا جراحت کا
گہ نمک اسکو داغ کا پایا — گہ پتنگا چراغ کا پایا
واں طپیدن ہوا جگر کے بیچ — یاں تبسم ہی زخم تر کے بیچ

خصوصاً وہ عاشق ہوا پر خجل ۔۔۔ ندامت ہوئی یہ جیسے متصل
نتھا اگلی خجلت ہی سے روے حرف ۔۔۔ ہوا دوسرا ماجراے شگرف
تفکر کے دریا مین ڈوبا ہوا ۔۔۔ کنارے پہ بیٹھا تھا روتا ہوا
کہ یو پوچھینگے جو اُسکے داماندگان ۔۔۔ تو یہ واقعہ کیا کرونگا بیان
کہون کیونکر یکبار وہ جل گیا ۔۔۔ کفِ خاک ہو خاک مین ملگیا
کھنچی جرم کو بیگناہی مری ۔۔۔ ہوئی شہر مین روسیاہی مری
وہ شعلہ جلاتا مجھے کاشکے ۔۔۔ لیے ساتھ جاتا مجھے کاشکے

مقولہ شاعر

اگر ہی یہ قصہ بھی حیرت فزا ۔۔۔ ولے میر یہ عشق ہی بد بلا
بہت جی جلائے ہین اس عشق نے ۔۔۔ بہت گھر لٹائے ہین اس عشق نے
فسانون سے اسکے لبالب ہی دہر ۔۔۔ جلائے ہین اس تند آتش نے شہر

محبت نہو کاشش مخلوق کو
نچھوڑے یہ عاشق نہ معشوق کو

تمام شد

کہ ہو کر فروغ اک سوے آسمان — تڑپنے لگا جیسے آتش بجان

کوئی دم مین دریا پہ آیا فرود — ہوا نیزہ بالا بھبھوکا نمود

لب آب وہ شعلۂ جان گداز — تڑپ کر بہت بازبان دراز

پکارا کہان ہی پرسرام تو — محبت کا ٹک دیکھ انجام تو

کرین جلد تن آتش تیز ہون — دل گرم سے شعلہ انگیز ہون

بھڑکتی ہی جب آگ دل کی مری — لب آب اترا ہون غم مین ترے

مگر سوزش دل ہو کم آب سے — بجھے جی مرا اس تب و تاب سے

سو یہ آب رکھتا ہی روغن کا کام — کیا عشق نے آہ دشمن کا کام

یہ بیتاب سنکر ہوا بیقرار — سفینے سے اوترا بصد اضطرار

ہوا ہمدم اس آتش انگیز سے — کہا اس بلاے دل آویز سے

کہ مین ہون پرسرام خانہ خراب — مرا دل بھی اس آگ سے ہی کباب

مرے بھی جگر مین یہی سوز ہی — یہی مجکو جلنا شب و روز ہی

محبت تری برق خرمن ہوئی — تری دشمنی جی کی دشمن ہوئی

سخن مختصر کچھ وہ شعلہ جلا — کچھ اک اپنی جا گہ سے یہ دل جلا

بہم گرمجوشی سے یک جا ہوئے — کہ گذری تھی مدت بھی تنہا ہوئے

گیا وہ یہ کہکر سوے آسمان — رہے ہی مجھے رات دن خوف جان
سنا حال شعلہ کا صیاد نے — وہوان ایک اٹھا جان ناشاد سے
ہوا شعلہ شوق دل سے بلند — رہا لوٹتا آگ مین جون سپند
گئی رات جون تون ہوئی صبح جب — زیادہ ہوئی عشق کی تاب تب
محبت نے کی اشتعالک کہ وہ — سراسیمہ آیا چلا اس جگہ
جہان سے اٹھی تھی یہ آتش سلگ — پھر اُسکے جگر کو لگی گھر کو لگ
تبسم کنان وان یہ اُن نے کہا — کہ کلفت مین غم کی بہت مین رہا
چلو سیل گشتی کو ہنگام شب — لب آب خالی کرین دلکو سب
ہوا سو ہوا یو نہین تقدیر تھی — جہان سوز اُلفت کی تاثیر تھی
نہوتے جو دلگیر یان متصل — نہوتی یہ آتش کبھو مشتعل
کیا عقل کی اُن نے باتین جو وان — وہ عاشق جو تھا در پئے امتحان
لگا کہنے یہ آرزو تھی مجھے — کہ اک روز ہشیار دیکھون مجھے
سو یہ دن خدانے دکھایا مجھے — سخن تیرے منہ کا سُنایا مجھے
ندامت سے ہو تنگ شاہد ہین سب — گرفتار ہون مین بحال عجب
نہ خجلت سے رو ہی جو کچھ مین کہون — نہ قدرت اجل پر کہ مر بھی رہون

اٹھا یہ جو ڈوبے خرد بے حواس
گرا آ کے اس پیکر مردہ پاس

لگا کہنے اے مایۂ زندگی
مجھے منھ سے تیرے ہے شرمندگی

کیا جلد رخت سفر تونے بار
نہ میرا کیا آہ ٹک انتظار

نہ میری سنی کچھ نہ اپنی کہی
مرے تیرے دونون کے جی مین رہی

زمین پر سے آخر اٹھایا اُسے
لب آب جا کر جلایا اُسے

جب آگ اُسکے پیکر پہ سب چھا گئی
محبّت عجب داغ دکھلا گئی

یہ سرگرم فریاد و زاری ہوا
لہو اُسکی آنکھونسے جاری ہوا

جگر غم مین یک لخت خون ہو گیا
رکا دل کہ آخر جنون ہو گیا

گئے ہوش و صبر اسکے ایکبارگی
طبیعت مین آئی اک آوارگی

سراسیمگی سے بگولا ہوا
پھرے اسطرح جیسے بھولا ہوا

نہ جی کو تسلی نہ دل کو قرار
گئی غم مین سر رشتہ اختیار

کبھو یاد کر اُسکو نالان رہے
کبھو ٹک جو بھولے تو حیران رہے

کبھو یان کبھو وان بحال خراب
وہی بیقراری وہی اضطراب

رہے گھر تو آشوبگہ وہ گلی
چمن مین جو لیجائین تو بیکلی

کبھو متصل ہونٹھ پر آہ سرد
کبھو دست بر دل کہ دلمین ہے درد

یہ سنکر کہا اُس دل افگار نے	ستم کشتۂ دوری یار نے
کہ مجھکو نہین تیری باتین قبول	یہ مکر زنان ہی تو اینر نہ بھول
دغا کیتنے ان ناقصون مین سے کی	موا شوے کسکا کہ وہ پھر نہ جی
بظاہر ہین ہر چند ہون رشک ماہ	ولیکن ہین باطن مین مار سیاہ
خدا مکر سے انکے دے ہی خبر	نہین اُنسے کوئی فریبندہ تر
جہان مین فریب اُنکا مشہور ہے	زبانون پہ مکر انکا مذکور ہے
پئے امتحان عاقبت یک نفر	مقرر ہوا تا کہ جا اُسکے گھر
کہے غرق دریا ہوا یہ سرادم	ہوئی زندگانی کی صبح اسکی شام
گیا تھا نہانے کو وقت سحر	سو ڈوبا وہ خورشید روشن گہر
کیا موج دریا نے سر سے گذار	اُٹھا طبع نازک سے اسکے غبار
وہ گیسو جو بکھرے تھے بالائے آب	سو وے موج دریا کو ہی پیچ و تاب
پھری تھین جو مے انکھڑیان آب مین	سو وے گردشین اب ہین گرداب مین
تمنا مین تھے جسکے سب دل فگار	سو دریا کو اب ہے وہ بوس و کنار
نہ سمجھا وہ نافہم اسرار عشق	نہ سوچا وہ ناتجربہ کار عشق
کہا غرق دریا ہوا یہ سرام	ہوا کام اُس رشک مہ کا تمام

۵۲۷

کوئی دل ستم کشتہ اک نگاہ
کوئی جان ہونٹھون پہ موقوف آہ

کسو پر فسون گردش چشم کا
کسو پر غضب غمزہ و خشم کا

کوئی دست بر دل کوئی بیقرار
کوئی بیخبر کوئی بے اختیار

انھون مین سے اک عاشق زار تھا
اُس آفت کو اُس سے سروکار تھا

محبت مین تھا جذب کامل اُسے
مراد دل اپنی تھی حاصل اُسے

شب و روز ہم بستر کام دل
ہمیشہ ہم آغوش آرام دل

دم اسکے مین یہان تک تو تاثیر تھی
کہ صحبت اس آتش در گیر تھی

بہم ربط چسپان بہم اختلاط
نہ کم ہوتی گرمی نہ کم اختلاط

مرے کوئی غم سے کوئی ہو ہلاک
وہ شعلہ اُسے خس سے رکھتا تپاک

کہان حسن مین تھا وفا کا یہ پاس
یہ سینے کہ ہیگا خلاف قیاس

بہت سے بہت اُسکا مالوف تھا
اُسی کی تسلی سے مصروف تھا

کہ ناگہ وہ دلبر ہوا کدخدا
رہا اپنے عاشق سے چندے جدا

زن و شو مین اخلاص باہم ہوا
اُس آشفتہ سے رابطہ کم ہوا

نگاہین ہم دلمین کاوش کرین
سخن سے وفا مین تراوش کرین

ہوا ربط چسپان بہم اسقدر
کہ دشوار اُٹھے ہمدگر یک نظر

ستم اس بلا کی ہی سہتے گئے
سب اُس کو عشق کہتے گئے

اس آتش سے گرمی ہو خورشید مین
یہی ذرے کی جان نومید مین

اسی سے دل ماہ ہی داغدار
کتان جگر ہو سراسر فگار

کھلا نشے میں جو پگڑی کا پیچ اوسکے میر
سمند ناز پہ ایک اور تازیانہ ہوا

کیا دن تھے جب کہ یاں بھی دل آرمیدہ تھا | رو آشیاں طائر رنگ پریدہ تھا
قاصد جو واں سے آیا تو شرمندہ میں ہوا | بیچارہ گریہ ناک گریبان دریدہ تھا
اک وقت ہم کو تھا سر گریہ دشت میں | جو خار خشک تھا سو وہ طوفاں رسیدہ تھا
جس صیدگاہ عشق میں یاروں کا جی گیا | مرگ اُس شکارگہ کا شکار رمیدہ تھا
مت پوچھ کس طرح سے کٹی رات ہجر کی | ہر نالہ میری جان کو تیغ کشیدہ تھا
حاصل نپوچھ گلشن مشہد کا بوالہوس | یہاں پھل ہر اک درخت کا حلق بریدہ تھا

دل بیقرار گریۂ خونیں تھا رات میر
آیا نظر تو بسمل در خون طپیدہ تھا

کثرت داغ سے دل رشک گلستاں نہوا | میر دلخواہ جو کچھ تھا وہ کبھو یاں نہوا
جی تو ایسے کئی صدقے کئے تجھ پر لیکن | حیف یہ ہے کہ ٹک تو بھی پشیماں نہوا
آدمی کب کے کہ سرمایۂ دو زخ نہوئے | کون سا اشک مرا منبع طوفاں نہوا

قطعہ

گو توجہ سے زمانے کی جہاں میں مجھکو | جاہ و ثروت کا میسر سر و ساماں نہوا

دھوپ مین جلتی ہین غریب الوطنی کی لاشین
ابر نے کوچے مین مگر سایۂ دیوار نہ تھا

صد گلستان تہ یک بال تھی اوسکی صحبت
طائر جان قفس تن کا گرفتار نہ تھا

حیف سمجھا ہو نہ وہ قابل دان ورنہ
بے گنہ مارنے قابل یہ گنہگار نہ تھا

عشق کا جذب ہوا باعث سودا ورنہ
یوسف مصر زلیخا کا خریدار نہ تھا

نرم تر موم سے بھی ہم کو کوئی دیتی قضا
سنگ چھاتی کا تو یہ دل ہمین درکار نہ تھا

رات حیران ہون کچھ جب ہی مجھو تک گئی میر
درد پنہان تھے بہت پر لب اظہار نہ تھا

جی اپنا مین کیے تیرے لیے خوار ہو دیا
آخر کو جستجو نے تری مجھکو کھو دیا

بیطاقتی سکون نہین رکھتی ہے ہمنشین
رفتہ نے ہر گھڑی کے مجھے تو ڈ [illegible]

ای ابر اس چمن مین نہو گا گل امید
یان تخم یاس اتنک مین بھر کے ڈبو دیا

پوچھا جو مین نے درد محبت کے میر کو
رکھ ہاتھ اون نے دلپہ ٹک اک اپنے رو دیا

خط منہ پہ آئے جانان خوبی یہ جان دیگا
ناچار عاشقون کو رخصت کے پان دیگا

سارے رئیس اعضا ہین معرض تلف مین
یہ عشق ہمچا با کس کو امان دیگا

پائے پر آبلہ سے مین گم شدہ گیا ہون
ہر خار بادیے کا میرا نشان دیگا

ایسی ہیبت بے مہر سے ملتا ہے کوئی
دل میر کو بھاری تھا جو پتھر سے لگایا

دل جو زیر غبار اکثر تھا
کچھ مزاج اندنون مکدر تھا

اوس پہ تکیہ کیا تو تھا تسکین
رات دن ہم تھے اور بستر تھا

سرسری تم جہان سے گذرے
ورنہ ہر جا جہانِ دیگر تھا

دل کی کچھ قدر کرتے رہیو تم
یہ ہمارا ابھی ناز پرور تھا

بعد ایک عمر جو ہوا معلوم
دل اوس آئینہ رو کا پتھر تھا

بار سجدہ ادا کیا تہ تیغ
کب سے یہ بوجھ میرے سر پر تھا

کیون نہ ابر سیہ سفید ہوا
جب تلک عہد دیدہ تر تھا

اب خرابا ہوا جہان آباد
ورنہ ہر یک قدم پہ یان گھر تھا

قطعہ

بے زری کا نہ کر گلہ غافل
رہ تسلی کہ یون مقدر تھا

اتنے منعم جہان مین گذرے
وقت رحلت کے کس کنے زر تھا

صاحب جاہ و شوکتِ اقبال
اِک از انجملہ اب سکندر تھا

تھی یہ سب کائنات زیر نگین
ساتھ مور و ملخ سا لشکر تھا

لعل و یاقوت ہم زر و گوہر

یک قطرہ خون یہ دل طوفان ہے ہمارا

آدم خاکی سے عالم کو جلا ہے ورنہ
آئینہ تھا یہ ولے قابل دیدار نہ تھا

دھوپ

مطلق نہ اعتنا کی احوال پر ہمارے
نامے کا نامے پیچ و تاب نکلا
شان تغافل اپنی تو خط کی کیجیئن ہم
قاصد ولے نہ اسکے منہ سے جواب نکلا
کس کس کی گوشہ گیری تھی میر دو سجدے
محراب میں کہ زاہد مست و خراب نکلا

دامان کوہ میں جو میں دہاڑ مار رویا
اک ابر وان سے اوٹھ کے بے اختیار رویا

چوری میں دل کے وہ ہنر کر گیا	دیکھتے آنکھوں میں گھر کر گیا
دیر میں میں خاک بسر ہی رہا	عمر کو اس طور بسر کر گیا
دل نہیں ہے منزل سینہ میں اب	یہاں سے وہ بیچارہ سفر کر گیا
حیف جو وہ نسخۂ دل کے اوپر	سرسری سے ایک نظر کر گیا
کسکو مرے حال سے تھی آگہی	نالۂ شب سب کو خبر کر گیا
گو نہ چلا نامزہ تیر نگاہ	اپنے جگر سے تو گذر کر گیا

مجلس آفاق میں پروانہ سان
میر بھی شام اپنی سحر کر گیا

وہاں وہ تو گھر سے اپنے پیکر شراب نکلا	یہاں شرم سے عرق میں ڈوب آفتاب نکلا
آیا جو واقعے میں درپیش عالم مرگ	یہ جاگنا ہمارا دیکھا تو خواب نکلا
دیکھا جو اوڑ کے گلشن میں ہم تو آخر	گل کا وہ روی خندان چشم پرآب نکلا
پردے ہی میں چلا جا خورشید تو ہے بہتر	اک حشر ہے جو گھر سے وہ بیحجاب نکلا
کچھ دیر ہی لگے نہ دل کو تو تیر لگتے	اس صید ناتوان کا کیا جی شتاب نکلا
ہر حرف غم نے میری مجلس کے تئین رولایا	گویا غبار دل کا پڑھتا کتاب نکلا
روی عرق فشانکو مت پونچھ گرم مت ہو	اس گل میں کیا رہیگا جسکا گلاب نکلا

ردیف ن

۳۹

دشمن نہ کدورت سے مری سامنے جو ہو
تلوار سے لڑکے مرے کیجو حوالا

ناموس مجھو صافی طینت کی ہو ورنہ
رستم نے مرے تیغ کا حملہ نہ سنبھالا

دیکھے ہو نے مجھے دیدۂ پرخشم سے وہ میر
میرے ہی نصیبوں میں تھا یہ زہر کا پیالا

پل میں جہان کو دیکھتے میرے ڈبو چکا
اک وقت میں یہ دیدہ بھی طوفان رو چکا

افسوس میرے مردے پر اتنا نکر کہ اب
پچھتانا یون ہی سا ہی جو ہونا تھا ہو چکا

لگتی نہیں پلک سے پلک انتظار میں
آنکھیں اگر یہی ہیں تو پھر نیند سو چکا

یک چشمک پیالہ ہے ساقی بہار عمر
جھپکی لگی کہ دور یہ آخر ہی ہو چکا

ممکن نہیں کہ گل کرے ویسی شگفتگی
اس سرزمین میں تخم محبت میں بو چکا

پایا نہ دل بہایا ہوا سیل اشک کا
میں پنجۂ مژہ سے سمندر بلو چکا

ہر صبح حادثے سے یہ کہتا ہے آسمان
دے جام خون میر کو گر منھ وہ دھو چکا

دیر و حرم سے گذرے اب دل ہے گھر ہمارا
ہے ختم اس آبلے پر سیر و سفر ہمارا

پلکوں سے تیری ہم کو کیا چشم داشت یہ تھی
ان برچھیوں نے بانٹا باہم جگر ہمارا

دنیا و دین کی جانب میلان ہو تو کہیے
کیا جانیے کہ اس بن دل ہے کدھر ہمارا

لبریز شکوہ تھے ہم لیکن حضور تیرے
لے چشم نم رسیدہ پانی جوانی کوئی
یہ بخت سبزہ دیکھو باغ زمانہ مین ہے

کار شکایت اپنا گفتار تک نہ پہونچا
وقت اخیر اوسکے بیمار تک نہ پہونچا
پژمردہ گل بھی اپنی دستار تک نہ پہونچا

قطعہ

مستوری عبروئی دونون جمع ہو دین
یوسف سے لیکے تا گل پھر گل سے لیکے تا شمع

خوبی کا کام کسکی اظہار تک نہ پہونچا
یہ حسن کسکو لیکر بازار تک نہ پہونچا

افسوس میر ڈے جو ہوئے شہید آئے
پھر کام انکا اوسکی تلوار تک نہ پہونچا

اوسکا خیال چشم سے شب خواب لے گیا
کن نیند دن اتنو سوتی ہی چشم گریہ ناک
آوے جو بیخانہ مصطبع مین تعسن لوکہ رہ
سے نول رہا بجا ہی صبر و حواس ہوش
میری حضور شمع نے گریہ جو سر کیا
احوال اسکا شکار زبون ہی جارہ حرم

قسمے کہ عشق جی سے مری تاب لے گیا
مژگان تو کھول شہر کو سیلاب لے گیا
واعظ کو ایک جام مے ناب لے گیا
آیا جو سیل عشق سب اسباب لے گیا
رویا مین اسقدر کہ مجھے آب لے گیا
جس ناتوان کو مفت نہ قصاب لے گیا

منہ کی جھلک سے یار کے بے ہوش ہوگئے

پند گودون نے بہت سینے کی تدبیریں کہیں / آہ تا اب بھی نہ نکلا یہ گریبان یکجا

تیرا کوچہ ہے ستمگار وہ کافر جاگہ / کہ جہان مارے گئے کتنے مسلمان یکجا

سر سو باندھا ہے کفن عشق میں تیرے یعنی / جمع ہمنے بھی کیا ہے سر و سامان یکجا

کیونکہ پڑتی ہے ترے پاؤن نسیم سحری / اوسکو جیسے صد گنج شہیدان یکجا

تو بھی رونیکو ملا دل ہے ہمارا بھی بھرا / ہو جی ہی لبریا یا نہیں گریبان یکجا

بیٹھ کر میر جہان خوب نہ رویا ہووے / ایسا کوچہ نہیں ہے تیرا ہی جانا یک جا

فلک کا منہ نہیں اس فتنہ کے اوٹھانیکا / ستم شریک ترا آمار ہے زمانے کا

ہماری ضعف کی حالت سے دل قوی رکھیو / کہیں خیال نہیں یہان بحال آنیکا

ترے ہی راہ میں مارے گئے سبھی آخر / سفر تو ہم کو بھی درپیش جیسے جانیکا

بسان شمع جو مجلس سے ہم گئے تو گئے / سراغ کیجو نہ پھر تو نشان پانیکا

چمن میں دیکھ نہیں سکتے تنک کہ چھبتا ہے / جگر میں برق کے کانٹا مجھ آشیانیکا

تنک آ تو تا سر بالین نہ کر تعلل کیا / تجھے بھی شوخ یہی وقت ہے بہانیکا

قطعہ

سرہانے ترا ہاتھ جن نے دیکھا زخم / شہید ہو نہیں تری زنغ کے لگانیکا

دکانین حسن کی آگے تری تختہ ہوئی ہونگی | جو تو بازار مین ہوگا تو یوسف کب بکا ہوگا
معیشت ہم فقیرون کی سی اخوان زمان سے کر | کوئی گالی بھی دے تو کہہ بھلا بھائی بھلا ہوگا
خیال اس بیوفا کا ہمنشین اتنا نہین اچھا | گمان رکھتے تھے ہم بھی یہ کہ ہم سے آشنا ہوگا
قیامت کر کے اب تعبیر جسکو کرتی ہے خلقت | وہ اس کوچے مین ایک آشوب سا شاید ہوا ہوگا
عجب کیا ہے ہلاک عشق مین فرہاد و مجنون کے | محبت روگ ہے کوئی کہ کم اس سے جیا ہوگا
ہو کیون غیرت گلزار وہ کوچہ خدا جانے | لہو اس خاک پر کن کن عزیزون کا گرا ہوگا
بہت ہمسائے اس گلشن کے زنجیری رہا ہو نہین | کبھو تمنے بھی یہ شور نالون کا سنا ہوگا
نہین جز عرش جاگہ راہ مین لینے کو دم اسکی | قفس سے تن کے مرغ روح میر جب رہا ہوگا

کہین ہین میر کو مارا گیا شب اوسکے کوچے مین
کہین وحشت مین شاید بیٹھے بیٹھے اوٹھ گیا ہوگا

یان نام یار کس کا ورد زبان نہ پایا | پر مطلقاً کہین ہم اسکا نشان نہ پایا
وضع گزیدہ اسکی رکھتی ہے داغ سب کو | ینوتا کسو سے ہم وہ ابرو کمان نہ پایا
پایا نہ یون کہ کرے اوسکی طرف اشارہ | یون تو جہان مین ہمنے اوسکو کہان نہ پایا
یہ دل کہ خون ہووے بر جاتا تھا وگرنہ | وہ کونسی جگہ تھی اوسکو جہان نہ پایا
فتنے کہ گرچہ باعث آفاق مین وہی تھے | لیکن کمر کو اوسکی ہم درمیان نہ پایا

بار ہا گورِ دل جھکا لایا
اب کی شرطِ وفا بجا لایا

قدر رکھی نہتی متاعِ دل
سارے عالم مین مین دکھا لایا

دل کہ یک قطرہ خون نہین ہے بیش
ایک عالم کی سر بلا لایا

سب پہ جس بار نے گرانی کی
اوسکو یہ ناتوان اوٹھا لایا

دل مجھے اس گلی مین لیجا کر
اور بھی خاک مین ملا لایا

ابتدا ہی مین مرگئے سب یار
عشق کی کون انتہا لایا

اب تو جاتے ہین بتکدے سے میر
پھر ملین گے اگر خدا لایا

۳۵

کیا عجب پل مین اگر ترک ہو اس جا کا
ہو جو رحمی کسو برہم زدن مژگان کا

اوٹھتے پلکوں کے گری پڑتے ہین لاکھون آنسو
ڈول ڈالا ہے مری آنکھوں نے اک طوفان کا

جلوۂ ماہ نہ ابر تنک بھول گیا
ان نے سوتے مین ڈپٹے سے جو منھ کو ڈھانکا

لہو لگتا ہے ٹپکنے جو پلک مارون ہون
اب تو یہ رنگ ہے اس دیدۂ اشک افشان کا

اوٹھ گیا ایک تو اک مرنے کو آ بیٹھے ہے
قاعدہ ہے یہی مدت سے ہمارے یان کا

کار اسلام ہے مشکل ترے خال و خط سے
رہزن دین ہے کوئی دزد کوئی ایمان کا

چارۂ عشق بجز مرگ نہین کچھ اے میر

غافل نہ رہیو ہرگز نادان داغ دل سے — بھڑکے گا جب یہ شعلہ تب گھر جلا رہیگا
مرنے پر اپنے مت جا سالک طلب مین اُسکے — گو سر کو کھو رہیگا پر اوسکو پا رہیگا
عمر عزیز ساری دل ہی کے غم مین گذری — بیمار عاشقی یہ کس دن بھلا رہیگا
دیدار کا تو وعدہ محشر مین دیکھکر کے — بیمار غم مین تیری تب تک تو کیا رہیگا

کیا ہے جو اوٹھ گیا ہے پر بستہ وفا ہے
قید حیات مین ہے تو میر آ رہیگا

جو یہ دل ہے کیا سر انجام ہوگا — تہ خاک بھی خاک آرام ہوگا
مرا جی تو آنکھون مین آیا یہ سنتے — کہ دیدار بھی ایک دن عام ہوگا
نہ ہوگا وہ دیکھا جسے کبک تو نے — وہ اک باغ کا سرو اندام ہوگا
نہ نکلا کر اتنا بھی بے پردہ گھر سے — بہت اسمین ظالم تو بدنام ہوگا
ہزارون کی یان لگ گئین چھت سے آنکھین — تو اے ماہ کس شب لب بام ہوگا

جگر چاکی ناکامی دنیا ہے آخر
نہین آتے جو میر کچھ کام ہوگا

خواب مین تو نظر جمال پڑا — پر مرے جی ہی کے جنجال پڑا
وہ نہانے لگا تو سایۂ زلف — بحر مین تو کہے کہ جال پڑا

[illegible]

لکنت تری زبان کی سحر جس سے شوخ	یک حرف نیم گفتہ نے دل پر اثر کیا

بے شرم محض ہے وہ گنہگار جن نے میر
ابرِ کرم کے سامنے دامانِ تر کیا

ناکسی سے پاس میرے یار کا آنا گیا	بس گیا میں جان سو اب اُس سے یہ جانا گیا
کچھ نہ دیکھا پھر بجز یک شعلۂ پر پیچ و تاب	شمع تک ہمنے تو دیکھا تھا کہ پروانا گیا
ایک ہی چشمک تھی فرصتِ احباب کی	دیدۂ تر ساتھ لی مجلس سے پیمانا گیا
گل کھلے صد رنگ تو کیا بے پری رویے ای نسیم	مدتیں گذریں کہ وہ گلزار کا جانا گیا

دور تجھسے میر نے ایسا تعب کھینچا کہ شوخ
کل جو میں دیکھا اسے مطلق نہ پہچانا گیا

ہاتھ سے تیرے اگر میں ناتوان مارا گیا	سب کہینگے یہ کہ کیا اک جانسے مارا گیا
ایک نگہ سے بیش کچھ نقصان نہ آیا اسکے تئین	اور میں بیچارہ تو اے مہربان مارا گیا
وصل و ہجران ہی جو دو منزل ہیں راہِ عشق کے	دل غریب ان میں خدا جانے کہاں مارا گیا
دل نے سر کھینچا دیارِ عشق میں اے بوالہوس	وہ سراپا آرزو آخر جوان مارا گیا

کب نیاز عشق ناز حسن سے کھینچے ہے ہاتھ
آخر آخر میر سر بر آستان مارا گیا

[illegible]

ہوش جاتا نہیں رہا لیکن
جب وہ آتا ہے تب نہیں آتا

صبر تھا ایک مونسِ ہجران
سو وہ مدت سے اب نہیں آتا

دل سے رخصت ہوئی کوئی خواہش
گریہ کچھ بے سبب نہیں آتا

قطعہ

عشق کو حوصلہ ہے شرط ارنہ
بات کا کس کو ڈھب نہیں آتا

جی میں کیا کیا ہے اپنے اے ہمدم
پر سخن تا بہ لب نہیں آتا

دور بیٹھا غبارِ میر اس سے
عشق بن یہ ادب نہیں آتا

[illegible]

غافل

اگر دیوانہ تھا گل بھی کسو کا	کہ پیراہن میں سو جا گہ رفو تھا
کہیں کیا بال تیرے کھل گئے تھے	کہ جھوکا باؤ کا کچھ مشک بو تھا

ندیکھا میر آوارہ کو لیکن
غبار اک ناتوان سا کو بکو تھا

راہ دور عشق میں روتا ہے کیا	آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا
قافلے میں صبح کے اک شور ہے	یعنی غافل ہم چلے سوتا ہے کیا
سبز ہوتی ہی نہیں یہ سرزمین	تخم خواہش دل میں تو بوتا ہے کیا
یہ نشان عشق ہیں جاتے نہیں	داغ چھاتی کے عبث دھوتا ہے کیا

غیرت یوسف ہے یہ وقت عزیز
میر اوسکو رایگان کھوتا ہے کیا

رونا تک اک تھما تو غم بیکران بہا	دس دن رہو جہاں نہیں ہم بدھا وہاں
پہلو میں اک گرہ سے نہ خاک سا تھا ہے	شاید کہ مر گئے پہ بھی خاطر میں کچھ ہا
آنکھوں نے رازداری محبت کی خوب کی	آنسو جو آتے آتے رہے تو لہو بہا
آئے تھے ایک امید پہ تیری گلی میں ہم	سو آہ اس طرح چلے لو ہو میں نہا

کسی کسی طرح سے میر نے کاٹا ہے عمر کو

ردیف ی ۲۲

آج رہتی نہین خامہ کی زبان رکھیے معاف
حرف کا طوق بھی جو میر گھٹا یا نہ گیا

گلی مین اوسکی سے جو بو آئی تو آیا نہ گیا
ہمکو بن دوش ہوا باغ سے لایا نہ گیا

آہ جو نکلی مری منہ سے تو افلاک کی پاس
اوسکی آشوب کے عہد بسے بر آیا نہ گیا

گل نے ہر چند کہا باغ مین رہ پر اس بن
جی جو اوچٹا تو کسیطرح لگایا نہ گیا

سر نشین بہ میخانہ ہون مین کیا جانون
رسم مسجد کے تئین شیخ کہ آیا نہ گیا

حیف ہے جنکی وہ اسوقت نہین پہنچا جسوقت
ان کہی حال اشارونسے بتایا نہ گیا

خطر راہ محبت کہین جو حرف سے
جس سے اوسطرف کو قاصد بھی چلایا نہ گیا

خوف آشوب سے غوغاء قیامت کیلیے
خون خوابیدۂ عشاق جگایا نہ گیا

میر مست عذر گریبان کے پھٹے رہنے کا کر
زخم دل چاک جگر تھا کہ سلایا نہ گیا

ادھر آکر شکار افگن ہمارا
مشبک کر گیا ہے تن ہمارا

گریبان سے رہا کوتہ تو پھر ہی
ہمارے ہاتھ مین دامن ہمارا

گئی جون شمع اس مجلس مین جلتے
سبھون پر حال ہے روشن ہمارا

بلا جس چشم کو کہتے ہین مردم
وہ ہے عین بلا مسکن ہمارا

نمود کر کے وہین بحرِ غم مین بیٹھ گیا
کہے تو میر بھی اک بلبلا تھا پانی کا

ہوا ہین سجدہ مین پر نقش میرا یار رہا ۔۔۔ اُس آستان پہ مری خاک سی غبار ر...
جنون مین اکی مجھے اپنے دل کا غم ہی یہ حیف ۔۔۔ خبر لی جبکہ نہ جامے مین ایک تار ر...
بشر ہو وہ پہ کھلا جیسے اُسکا دام زلف ۔۔۔ سر رہ اُسکی فرشتے ہی کا شکار ر...
کبھو نہ آنکھون مین آیا وہ شوخ خواب کیطرح ۔۔۔ تمام عمر ہمین اُس کا انتظار ر...
شرابِ عیش میسر ہوئی ہے جسے یکشب ۔۔۔ پھر اوسکو روز قیامت تلک خمار ر...

قطعہ

بتان کے عشق نے بے اختیار کر ڈالا ۔۔۔ وہ دل کہ جسکا خدائی مین اختیار ر...
وہ دل کہ شام و سحر جیسے پکا پھوڑا تھا ۔۔۔ وہ دل کہ جسے ہمیشہ جگر فگار ر...
تمام عمر گئی اسپہ ہاتھ رکھتے ہمین ۔۔۔ وہ دردناک علی الرغم بیقرار رہا
ستم مین غم مین سر انجام اُسکا کیا کہیے ۔۔۔ ہزارون حسرتین تھین تسپہ جیسکو مار ر...
بہا تو خون ہو آنکھونکی راہ بہ نکلا ۔۔۔ رہا جو سینۂ سوزان مین داغدار ر...
سو اوسکو ہمسے فراموش کارون لیگئے ۔۔۔ کہ اس سے قطرۂ خون بھی نہ یادگار ر...

گلی مین اُسکی گیا سو گیا نہ بولا پھر

وہ دن گئے کہ آنکھیں دریا سی بہتیاں تھیں	سوکھا پڑا ہے اب تو مدت سے یہ دو آبا
باہم ہوا کریں ہیں دن رات نیچے اوپر	یہ نرم شانے لونڈے ہیں مخمل دو خابا
ان صحبتوں میں آخر جانیں ہی جاتیاں ہیں	نے عشق کو ہے صرفہ نے حسن کو محابا
ہر چند ناتواں ہیں پر آ گیا جو جی میں	دینگے ملا زمیں سے تیر افلاک قلابا
منہ دھوتے وقت اسکے اگر تو کھائی دیکھے	خورشید سے رہا ہے اک روز آفتابا
اب شہر ہر طرف سے میدان ہو گیا ہے	پھیلا تھا اس طرح کا ہیکو یہاں خرابا

دل تفتگی کی اپنی ہجراں میں شرح کیا دوں
چھاتی تو میر میری جل کر ہوئی ہے تابا

دکھ اب فراق کا ہمسے سہا نہیں جاتا	پھر اس پہ ظلم یہ ہے کچھ کہا نہیں جاتا
ہوئی ہے اتنی تری عکس زلف کی حیران	کہ موج بحر سے مطلق بہا نہیں جاتا
نہیں گذرتی گھڑی کوئی مجھ خراب کی آہ	کہ جسمیں غم سے ترے جی ڈہا نہیں جاتا
ستم کچھ آج گلی میں ترے نہیں مجھپر	کہ آپ کو خونمیں میں یاں نہیں نہا جاتا

خراب مجکو کیا اضطراب دل نے میر
کہ ٹک بھی اس کنج اس بن رہا نہیں جاتا

سمجھے تھے میر ہم کہ ناسور کم ہوا	پھر اند نو نمیں دیدۂ خونبار نم ہوا

سوراخ ہے سینے مین ہر اک شخص کے تجھسے
اس دل کے تراتیر نگہ پار نہ پایا

مربوط ہین تجھسے بھی یہی ناکس و نااہل
اس باغ مین ہمنے گل بیجا رنہ پایا

دم بعد جنون مجھ مین نہ محسوس تھا یعنے
جامے مین مرے یارون نے اک تار نہ پایا

آئینہ بھی حیرت سے محبت سے ہوئے ہم
پر سیر ہو اس شخص کا دیدار نہ پایا

وہ کھینچکے شمشیر ستم رہ گیا جو میر
خون ریزی کا یان کوئی سزاوار نہ پایا

گیا مرے آسنے پہ تو اے بت مغرور گیا
کبھی اس راہ سے نکلا تو تجھے گھور گیا

لیگیا صبح کے نزدیک مجھے خواب اے وائے
آنکھ اسوقت کھلی قافلہ جب دور گیا

گو سے نالی نہین اوٹھتے تو نئے آئے تھی
جی گیا پر نہ ہمارا سر پر شور گیا

چشم خون بستہ سے کل رات لہو پھر ٹپکا
ہمنے جانا تھا کہ بس اب تو یہ ناسور گیا

ناتوان ہم ہین کہ ہین خاک گلی کی اوسکے
اٹھو بیطاقتی سے دل کا بھی مقدور گیا

لے کہین منھ پہ نقاب اپنے کہ اے غیرت صبح
شمع کے چہرۂ رخشان سے تو آب نور گیا

نالۂ میر نہین رات سے سنتے ہم لوگ
کیا ترے کوچے سے اے شوخ وہ رنجور گیا

خواہ مجھسے لڑ گیا اب خواہ مجھسے ملگیا
کیا کہون اے ہمنشین مین تجھ سے حاصل لگیا

[illegible]

اب سعی کر سپہر کہ میری ہوس گئے	اُسکا مزاج مہر پہ آیا تو کیا ہوا
مت رنجہ کر کسیکو کہ اپنی تو اعتقاد	دل ڈھا بیکر جو کعبہ بنایا تو کیا ہوا
مین صید ناتوان بھی تجھے کیا کرونگا یاد	ظالم اک اور تیر لگایا تو کیا ہوا
کیا کیا دعائین مانگی ہین خلوتمین شیخ یون	ظاہر جہانسے ہاتھ اوٹھایا تو کیا ہوا
وہ فکر کر کہ چاک جگر پاوے التیام	ناصح جو تونے جامہ سلایا تو کیا ہوا

جیتے تو میر اون نے مجھے داغ ہی رکھا
پھر گور پر چراغ جلایا تو کیا ہوا

گرچہ سردار مزونکا ہو امیری کا مزا	چھوڑ لذات کے تئین لے تو فقیری کا مزا
ایک آزادی تک چکھ نمک غم کباب	تو تو جانے کہ یہ ہوتا ہو اسیری کا مزا

ہمتو گمراہ جوانی کے مزون پر ہین میر
حضرت خضر کو ارزانی ہو پیری کا مزا

دل جو تھا اک آبلہ پھوٹا گیا	رات کو سینہ بہت کوٹا گیا
طائر رنگ حنا کی سی طرح	دل نہ اوسکے ہاتھ سے چھوٹا گیا
مین نہ کہتا تھا کہ منھ کر دل کی اور	اب کہان وہ آئینہ ٹوٹا گیا
دل کی ویرانی کا کیا مذکور ہے	یہ نگر سو مرتبہ لوٹا گیا

[illegible] ہوا ہوگا
دشمن [illegible] جو [illegible] ہوا ہوگا
اب تک [illegible] چمن میں [illegible] دیا ہین
[illegible] کیا ہوا ہوگا
وہ [illegible] گور غریبان [illegible] ہین
ان ظالم [illegible] ہوا ہوگا
یہ قاعدہ [illegible] ہوا ہوگا
دل [illegible] جو ہوا ہوگا

ردیف ی ۲۷

اس کہنہ خرابی مین آبادی نہ کر منعم
ایک شہر نہین یان جو صحرا نہوا ہوگا
آنکھون سے تری ہمکو ہے چشم کہ اب ہووے
جو فتنہ کہ دنیا مین برپا نہوا ہوگا
[illegible] کل تو حاصل [illegible]
ایک قطرہ [illegible] جو دریا نہوا ہوگا
صد نشتر مژگان کے لگنے سے نہ نکلا خون
آگے تجھے میر ایسا سودا نہوا ہوگا

عالم مین کوئی دل کا طلبگار نہ پایا
اس جنس کا یان ہمنے خریدار نہ پایا
حق ڈھونڈھنے کا آپکو آتا نہین ورنہ
عالم ہے سبھی یار کہان یار نہ پایا
[illegible]

[illegible]

قطعہ ۲۶۰

[illegible]

مطلع

[illegible]

رہی خیال تنک ہم بھی روسیاہون کا
لگے ہو خون بہت کرنے بیگناہون کا

نہین ستارے یہ سوراخ پڑ گئے ہین تمام
فلک حریف ہوا تھا ہماری آہون کا

گلیم بخت سیہ سایہ دار رکھتے ہین
لباس فقر ہے وان فخر بادشاہون کا

تمام زلف کے کوچے ہین مارپیچ اوسکے
تجھی کو آوے دلا چلنا ایسی راہون کا

اسی کی خوبی سے لائق نہیں تجھے قیامت ہین
تو حرف کن نہ کیا گوش دادخواہون کا

تمام عمر رہین خاک زیر پا اوسکے
جو زور کچھ چلے ہم عجز دستگاہون کا

کہان سے تہ کرین پیدا یہ ناظمان حال
کہ پوچ بافی ہی ہی کام ان جلاہون کا

حساب کاہیکا روز شمار مین مجھسے
شمار ہی نہین ہی کچھ مرے گناہون کا

تری جو آنکھین ہین تلوار کی تلے بھی ادھر
فریب خوردہ ہی تو میر کن نگاہون کا

اسکا خرام دیکھ کے جایا نہ جائیگا
ای کبک پھر بحال بھی آیا نہ جائیگا

ہم کشتگان عشق ہین ابرو و چشم یار
سر سے ہمارے تیغ کا سایا نہ جائیگا

ہم رہروان راہ فنا ہین برنگ عمر
جاوینگے ایسے کھوج بھی پایا نہ جائیگا

پھوڑا سا ساری رات جو پکتا رہیگا دل
تو صبح تک تو ہاتھ لگایا نہ جائیگا

اپنے شہید ناز سے بس ہاتھ اوٹھا کہ پھر
دیوان حشر مین اسے لایا نہ جائیگا

[illegible]

تلوار مارنا تو تمھین کھیل ہی ووے	جا نثار ہے نہ جان کسو بیگناہ کا
بدنام و خوار و زار و نزار و شکستہ حال	احوال کچھ پوچھیے اس روسیاہ کا
ظالم زمین سے لوٹتا دامن اوٹھا کے چل	ہوگا کمین مین ہاتھ کسو دادخواہ کا
اے تاج شہ نہ سر کو فرو لاؤن تیرے پاس	ہے معتقد فقیر نمد کی کلاہ کا

بیمار تو نہ ہووے اجی جب تلک کہ میر
سونے نہ دے گا شور تری آہ آہ کا

دل سے شوق رخ نکو نہ گیا	جھانکنا تاکنا کبھو نہ گیا
ہر قدم پر تھی اوسکی منزل لیک	سر سے سودائے جستجو نہ گیا
سب گئے ہوش و صبر و تاب و توان	لیکن اے داغ دل سے تو نہ گیا
دل مین کتنے مسودے تھے ولے	ایک پیش اوسکے رو برو نہ گیا

سبحہ گردان ہے میر ہم تو رہے
دست کوتاہ تا سبو نہ گیا

گل و بلبل بہار مین دیکھا	ایک تجھکو ہزار مین دیکھا
جل گیا دل سفید ہین آنکھین	یہ تو کچھ انتظار مین دیکھا
آبلے کا بھی ہونا دامن گیر	ترے کوچے کے خار مین دیکھا

۲۵

قطعہ

دل سے مٹ جا کہ حیف اُسکا وقت
جو کوئی اِس مکان سے نکلا

اُسکی شیرین لبی کی حسرت مین
شہر پانی ہو نستان سے نکلا

نامرادی کی رسم میر سے ہے
طور یہ اِس جوان سے نکلا

گرمی سے مین تو آتش غم کی پگھل گیا
راتو نکو روتے روتے ہی جون شمع گل گیا

ہم خستہ دل ہین تجھسے بھی نازک مزاج تر
تیوری چڑھائی تو نے کہ یان جی نکل گیا

گرمئ عشق مانع نشو و نما ہوئی
مین وہ نہال تھا کہ اُگا اور جل گیا

مستی مین چھوڑ دیر کو کعبے چلا تھا مین
لغزش بڑی ہوئی تھی ولیکن سنبھل گیا

ساقی نشے مین تجھسے لنڈھا شیشۂ شراب
چل اب کہ دخت تاک کا جوبن تو ڈھل گیا

ہر ذرہ خاک تیرے گلی کی ہے بیقرار
یان کونسا ستمزدہ ماٹی مین رل گیا

عریان تنی کی شوخی سے دیوانگی مین میر
مجنون کی دشت خار کا دامن بھی جل گیا

سنا ہے حال ترے کشتگان بیچارون کا
ہوا نہ گور گڑھا ان ستمزدہ کے یارون

ہزار رنگ کھلے گل چمن کے ہین شاید
کہ روزگار کے سر خون ہے ہزارون

ملا ہے خاک مین کس کس طرح کا عالم یان
نکل کے شہر سے ٹک سیر کر مزارون

سینکڑون خرچمن نکلے مین پھاڑ گئے انکلی لیک
عذر ہی چاہی چلا اُسکے دل ہر خواہ کا

گر کوئی پیرمغان مجکو آرے تو دیکھے پھر
میکدہ سارا بکا سارا ہی جو صرف اللہ کا

کاش تیری غم رسیدونکو بلاویں حشر مین
ظلم ہی اک خلق پر آشوب ونکی آہ کا

جو سنا ہشیار اس میخانہ مین تھا بیخبر
شوق ہی باقی رہا ہمکو دل آگاہ کا

باندھ مت رونیکا تار ای نافہم حسرت
اس سے پایا جای ہی سررشتہ جسکی چاہ کا

شیخ مت کر ذکر ہر ساعت قیامت کا کہ ہے
عرصۂ محشر نمونہ اوسکی بازی گاہ کا

شہر مین کس منہ سے آوے سامنے تیری کہ شوخ
چھائیون سے بھر رہا ہی سارا چہرہ ماہ کا

سرفرو لاتی نہین ہمت مری ہر اک کے پاس
ہون گدائے آستان میر حضرت شاہ کا

ایسی یہ گلی آیا شہر اسلام نہین رکھتا
جس کوچے مین وہ بت صد بدنام نہین رکھتا

آزار ندے اپنے کانونکے تئین اے گل
آغاز مرے غم کا انجام نہین رکھتا

ناکامی صد حسرت خوش لگتی نہین ورنہ
اب جی سے گذر جانا کچھ کام نہین رکھتا

ہو خستگی تو بہتر ہے وہ ہاتھ بہار نہین
مانند نے نرگس جو نام نہین رکھتا

مین اسکے ہم آغوشی نایاب نہین اسے
مدت سے بغل مین دل آرام نہین رکھتا

مین داڑھی تمہی اعظ مسجد ہی مین منڈواتا
پر کیا کرون تھا اپنی حجام نہین رکھتا

۲۳

قطعه

یون سنا جاہو کہ کرتا ہی سفر کا عزم جزم | ساتھ اب بیگانہ وضع نکے ہمارا آشنا
شعر صائب کا مناسب ہے ہماری ور سے | سامنے اوسکے پڑھو گریہ کوئی جا...
تا بجان با ہمہ ہم و تا بمنزل دیگران | فرق باشد جان ما از آشنا تا آشنا

داغ ہو تابان علیہ الرحمان کا چھاتی پہ میر
ہو نجات اوسکو بچارا ہم سے بھی تھا آشنا

گل کو محبوب ہم قیاس کیا | فرق نکلا بہت جو پاس کیا
دل نے ہم کو مثال آئینہ | ایک عالم کا روشناس کیا
کچھ نہیں سوجھتا ہمین اُس بن | شوق نے ہم کو بیحواس کیا
عشق مین ہم ہوئے نہ دیوانے | قیس کی آبرو کا پاس کیا
دور سے چرخ کے نکل نہ سکے | ضعف نے ہم کو مورطاس کیا
صبح تک شمع سر کو دھنتی رہی | کیا پتنگے نے التماس کیا

ایسے وحشی کہان ہین اے خوبان
میر کو تم عبث اوداس کیا

صفت آبروے زاہد علامہ لے گیا | اک مغبچہ اوتار کے عمامہ لے گیا

[illegible]

سر کے قابل ہے دل صد پارہ اُس نخچیر کا
جسکے ہر ٹکڑے مین ہو پیوست پیکان تیر کا

سب کھلا باغ جہان الا یہ حیران و خفا
جسکو دل سمجھے تھے ہم سو غنچہ تھا تصویر کا

بوی خون سے جی رکا جاتا ہے اے باد بہار
ہو گیا ہے چاک دل شاید کسو دلگیر کا

کیونکہ نقاش ازل نے نقش ابرو کا کیا
کام ہے اک تیرے منہ پر کھینچنا شمشیر کا

رہگذر سیل حوادث کا ہے بے بنیاد دہر
اس خرابی مین نکرنا قصد تم تعمیر کا

بس طبیب اٹھ جا مری بالین سے مت دے درد سر
کام جان آخر ہوا اب فائدہ تدبیر کا

نالہ کش ہین عہد پیری مین بھی سنتے ہیر درد پہ ہم
قد تم گشتہ ہمارا حلقہ ہے زنجیر کا

جو تری کوچے مین آیا پھر وہین گاڑا اُسے
تشنۂ خون ہون تو ہون اس خاک دامنگیر کا

نالہ کش ہین عہد پیری مین بھی سنتے پر درد پہ ہم
مفت مین جاتا رہا مرنا ایک بے تقصیر کا

لخت دل سے جو چھری پہلو تلی گوندھی ہے دل
فائدہ کچھ اے جگر اس آہ بے تاثیر کا

گور مجنون سے بجا دینگے کہین ہم مینوا
عیب ہے ہم مین جو چھوڑین ڈھیر اپنے پیر کا

کس طرح سے مانیے یارو کہ یہ عاشق نہین
رنگ اوڑ جاتا ہے ٹک چہرا تو دیکھو میر کا

شب درد و غم سے عرصہ مرے جی پہ تنگ تھا
آیا شب فراق تھی یا روز جنگ تھا

کثرت مین درد و غم کی نہ نکلی کوئی طپش
کوچہ جگر کے زخم کا شاید کہ تنگ تھا

[illegible]

قطعہ

[illegible]

قطعہ

[illegible]

قطعہ

[illegible]

سودائی ہو تو رکھے بازار عشق میں پا
سر مفت بیچتے ہیں یہ کچھ چلن ہے وانکا

سو کا ہی ایک چشمک اتنا سلوک تو ہے
اوباش خانہ جنگ اس خوش چشم بدزبان کا

ناحق یہ ظلم کرنا انصاف کیا ہے
[illegible]

[illegible]
طاعت سے سوبرس کی سجدہ اس آستان کا

[illegible]
احوال کیا لکھوں میں اس مجلس رواں کا

قطعہ

یاروں نے یاد والایا اپنی تو یون گذری
کیا ذکر ہم صفیران یاران شادمان کا

آخر کو مر گئے ہیں اُسکی ہی جستجو میں
جی کے تئین بھی کھویا لیکن اسے نہ پایا

لگتی نہیں ہے دارو ہیں سب طبیب حیران
اک روگ میں پھنسایا جی کو کہان لگایا

کہہ ہیچ اُسکے منھ کو جیسین ڈرا بہا نتو
یاری وہ شوخ اپنی خاطر میں کچھ نہ لایا

ہونا تھا مجلس آرا اگر غیر کا تجھے تو
مانند شمع مجکو کاہے کے تئین جلایا

تھی یہ کہان کی یاری آئینہ رو کہ تو نے
دیکھا جو میر کو تو بے ہیچ منھ بنایا

شکوہ کرون میں کبتک اُس اپنے مہربان کا
القصہ رفتہ رفتہ دشمن ہوا ہے جان کا

گریے پہ رنگ آیا قید قفس ہے شاید
خون ہو گیا جگر میں اب داغ گلستان کا

لے جھاڑو ٹوکرا ہی آتا ہے صبح ہوتے
جاروب کش مگر ہے خورشید اُسکے یان کا

دی آگ رنگ گل نے وان اے صبا چمن کو
یان ہم جلے قفس میں سن حال آشیان کا

ہر صبح میرے سر پر اک حادثہ نیا ہے
پیوند ہو زمین کا شیوہ اس آسمان کا

قطعہ

ان صید افگنون کا کیا ہو شکار کوئی
ہوتا نہیں ہے آخر کام اونکے امتحان کا

تب تو مجھے کیا تھا تیروں سے صید اپنا
اب کرتے ہیں نشانہ ہر میرے استخوان کا

فتراک جنکا اکثر لوہو میں تر رہے ہے
وہ قصد کب کرے ہے اس صید ناتوان کا

[illegible]

تھی عشق کی وہ ابتدا جو موج سی اٹھی کبھو	آبدیدہ تر کو جو تم دیکھو تو ہے گرداب سا
جھکے جو ہم مست آگئے سو بار مسجد سے اٹھا	واعظ کو مارے خوف کے کل لگ گیا جلاب سا

رکھ ہاتھ دل پر میر کے دریافت کر کیا حال ہے
رہتا ہے اکثر یہ جوان کچھ ان دنوں بیتاب سا

مرہتے جو گل بن تو سارا یہ خلل جاتا	نکلا ہی نہ جی ورنہ کانٹا سا نکل جاتا
پیدا ہے کہ پنہاں تھی آتش نفسی میری	میں ضبط نہ کرتا تو سب شہر یہ جل جاتا
میں گریۂ خونی کو روکے ہی رہا ورنہ	یکدم میں زمانے کا یاں رنگ بدل جاتا
بن پوچھے کرم سے وہ جو بخش نہ دیتا تو	پرسش میں ہماری ہی دن حشر کا ڈھل جاتا
استادہ جہاں میں تھا میدان محبت میں	واں رستم اگر آتا تو دیکھ کے ٹل جاتا
وہ سیر کا وادی کے مائل نہ ہوا ورنہ	آنکھوں کو غزالوں کی پاؤں تلے مل جاتا
بیتاب و تواں یوں میں کاہے کو تلف ہوتا	یاقوتی تر اس لب کی ملتی تو سنبھل جاتا
اس سیم بدن کو تھی کب تاب و تعب اتنی	وہ چاندنی میں شب کی ہوتا تو پگھل جاتا

مارا گیا تب گذرا بوسے ترے لب کے
کیا میر بھی لڑکا تھا باتوں میں بہل جاتا

سنیو جب وہ کبھو سوار ہوا	تا بروح الامین شکار ہوا

۱۹

شاید کسو کے دل کو لگی اس گلی مین چوٹ
میری بغل مین شیشۂ دل چور ہوگیا

اس ماہ چاردہ کا چھپے عشق کیونکہ آہ
اب تو تمام شہر مین مشہور ہوگیا

دیکھا یہ ناو نوش کہ نیش فراق سے
سینہ تمام خانۂ زنبور ہوگیا

پہونچا قریب مرگ کے وہ صید ناقبول
جو اس کی صیدگاہ سے ٹک دور ہوگیا

قسمت تو دیکھ شیخ کو جب لہر آئی تب
دروازہ شیرخانی کا معمور ہوگیا

اک چشم منتظر ہے کہ دیکھے ہے کب سے راہ
جون زخم تیری دوری مین ناسور ہوگیا

دیکھا جو مین نے یار تو وہ میر ہی نہین
تیرے غم فراق مین رنجور ہوگیا

نابلد ہوکے رہِ عشق مین پہونچو تو کہین	ہمرہِ خضر کو یان کہتے ہین گمراہ سنا
کوئی ان طور و نسی گذری ہو تری غم مین آہ	گاہ تونے نہ سنا حال مرا گاہ سنا

خوابِ غفلت مین ہین یان شب کو عبث جاگا میر
بیخبر دیکھا اونھین ہین جنھین آگاہ سنا

جب جنون سے ہمین توسل تھا	اپنی زنجیر پا ہی کا غل تھا
بسترا تھا چمن مین جون بلبل	نالہ سرمایۂ توکل تھا
یک نگہ کو وفا نہ کی گویا	موسم گل صفیر بلبل تھا
اُن نے پہچان کر ہمین مارا	منہ نکرنا ادھر تجاہل تھا
شہر مین جو نظر پڑا اس کا	کشتۂ نازیا تغافل تھا
اب تو دل کو نہ تاب ہے نہ قرار	یاد ایام جب تحمل تھا
جا پھسا دام زلف مین آخر	دل نہایت ہی بے تامل تھا
یون گئے قد کی خم ہوے جیسے	عمر اک رہرو سر پل تھا

خوب دریافت جو کیا ہم نے
وقت خوش میر نکہت گل تھا

آگے جمال یار کے معذور ہوگیا	گل اک چمن مین دیدۂ بے نور ہوگیا

فرہاد ہاتھ تیشے پہ ٹک رہ کے ڈالتا
پتھر تلے کا ہاتھ ہی اپنا نکالتا

بگڑا اگر وہ شوخ تو سنیو کہ رہ گیا
خورشید اپنی تیغ و سپر ہے سنبھالتا

[illegible] ۱۸

[illegible]

تھی

اس رنگ سے چمکے ہے پلک پر کہ کہے تو ٹکڑا ہے ترا اشک عقیق جگری کا
کل سیر کیا ہمنے سمندر کو بھی جا کر تھا دست نگر پنجۂ مژگاں کی تری کا
لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

ٹک میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے
کیا یار بھروسا ہے چراغ سحری کا

منھ تکا ہی کرے ہے جس تس کا حیرتی ہے یہ آئینہ کس کا
شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے دل ہوا ہے چراغ مفلس کا
تھے برے مغبچوں کے تیور لیک شیخ میخانے سے بھلا کھسکا
داغ آنکھوں سے کھل رہے ہیں سب ہاتھ دستہ ہوا ہے نرگس کا
بحر کم ظرف ہے بسان حباب کاسہ لیس اب ہوا ہے تو جس کا
فیض اے ابر چشم تر سے اٹھا آج دامن وسیع ہے اس کا

تاب کسکو جو حال میر سنے
حال ہی اور کچھ ہے مجلس کا

وہ اک روش سے کھولے ہوئے بال ہو گیا سنبل چمن کا مفت میں پامال ہو گیا
اولجھاؤ پڑ گیا جو ہمیں اوسکے عشق میں دل سا عزیز جان کا جنجال ہو گیا

استغنا کی چوگنی ان نے جوں جوں میں ابرام کیا	کام ہوے ہیں سارے ضائع ہر ساعت کی سماجت سے
سحر کیا اعجاز کیا جن لوگوں نے تجھکو رام کیا	ایسے آہوے رم خوردہ کی وحشت کھونی مشکل تھی

میر کے دین و مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو ان نے تو
قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا کب کا ترک اسلام کیا

جمال یار نے منھ اسکا خوب لال کیا	چمن میں گل نے جو کل دعوی جمال کیا
برنگ سبزۂ نورستہ پایمال کیا	فلک نے آہ تری رہ میں ہمکو پیدا کر
سو اسکی تیغ نے جھگڑا ہی انفصال کیا	رہی تھی دم کی کشاکش گلے میں کچھ باقی
نہ کہہ کہ نیند میں ہے تو یہ کیا خیال کیا	مری اب آنکھیں نہیں کھلتیں ضعف سے ہمدم
چمن کو یمن قدم نے ترے نہال کیا	بہار رفتہ پھر آئی ترے تماشے کو
کسو نے حشر کو ہمسے اگر سوال کیا	جواب نامہ سیاہی کا اپنی ہے وہ زلف

لگا نہ دل کو کہیں کیا سنا نہیں تو نے
جو کچھ کہ میر کا اس عاشقی نے حال کیا

وابستہ تری مو کا پریشان رہیگا	دیکھیگا جو تجھ رو کو سو حیران رہیگا
اس دم تئیں مجھ میں اگر جان رہیگا	وعدہ تو کیا اس سے دم صبح کا لیکن
پر آپ کوئی رات ہی مہمان رہیگا	منعم نے بنا ظلم کی رکھ گھر تو بنایا

۱۶

کلیات ۱۵

اوسکا منھ دیکھ رہا ہوں سو وہی دیکھ رہا ہوں	نقش کا سا ہو سما میری بھی حیرانیکا

بت پرستی کو تو اسلام نہین کہتے ہین
معتقد کون ہے میر ایسی مسلمانی کا

جامۂ مستیٔ عشق اپنا مگر کم گھیر تھا	دامن تر کا مری دریا ہی کا سا پھیر تھا
دیر مین کعبے گیا مین خانقہ سو اب کی بار	راہ سو میخانیکی اُس راہ مین کچھ پھیر تھا

بلبلون نے کیا گل افشان میر کا مرقد کیا
دور سے آیا نظر تو پھولون کا اک ڈھیر تھا

اس عہد مین الٰہی محبت کو کیا ہوا	چھوڑا وفا کو اُن نے مروت کو کیا ہوا
امیدوار وعدۂ دیدار مر چلے	آتے ہی آتے یارو قیامت کو کیا ہوا
کبتک نہ ظلم آہ بھلا مرگ کے تئین	کچھ پیش آیا واقعۂ رحمت کو کیا ہوا
اسکی سنے پر ایسے گئے دیسے ہمنشین	معلوم بھی ہوا نہ کہ طاقت کو کیا ہوا
بخشش نے مجکو ابر کرم کے کیا خجل	ای چشم جوش اشک ندامت کو کیا ہوا
جاتا ہے یار تیغ بکف غیر کیطرف	ای کشتۂ ستم تری غیرت کو کیا ہوا

تھی صعب عاشقی کی بدایت ہی میر پر
کیا جانیے کہ حال نہایت کو کیا ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تھا مستعار حسن سے اوسکے جو نور تھا
ہنگام گرم کن جو دلِ ناصبور تھا
پہونچا جو آپ کو تو مین پہونچا خدا کی تئین
آتش بلند دل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم
مجلس مین رات ایک ترے پرتوے بغیر
منعم کے پاس قاقم و سنجاب تھا تو کیا
ہم خاک مین ملے تو ملے لیکن اے سپہر

خورشید مین بھی اُس ہی کا ذرہ ظہ
پیدا ہر ایک نالے سے شور نشو
معلوم اب ہوا کہ بہت مین بھی دو
یک شعلہ برق خرمن صد کوہ طو
کیا شمع کیا پتنگ ہر اک بھجو
اُس ندی کی بھی رات گذر گئی جو کہ
اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضر

قطعہ

گرد اسکے گرچہ ہوجاے بلند
پھر زمین و آسمانمین ہو حجاب

جاوے دشمن جون سگ پا سوختہ
وقت گرگ و میش نے منہ پر نقاب

داوری و منصفی سُن دلبران
چھوڑ دین عشاق پر کرنا عتاب

رفع بدعت چاہے تو پھر کیا مجال
اٹھ سکے جو نغمۂ چنگ و رباب

منع می ہووے تو پھر قدرت ہی کیا
جو گلے سے شیشے کی اوترے شراب

بحر کیا ہی جو کرے تہ سے سوال
کوہ یزدی علم کا کیا دے جواب

خوبیان ہین خوبیان سر تا قدم
تب کیا صانع نے تجکو انتخاب

لطف طبع صاحب مجلس کہون
یا لکھون پاکیزہ اس صحبت کا داب

نکلی مستعمل نہایت ورنہ شب
چاندنی کی جاے بچھتی ماہتاب

گر نہو ممدوح علم ظاہری
پر نہین ہوتی ہے یہ راے صواب

جو کہے تو چاہیے وہ لکھ رکھین
حرف ہر یک تیرے منہ کا ہی کتاب

کر دعا پر تیر اب ختم سخن
تو کہے جو کچھ کرے حق مستجاب

زیر دست اسکے رہین گردنکشان
تا قیامت وہ رہے مالک رقاب

دوست اسکے جوش زن جیسے محیط
خاک بر سر مدعی جیسے سراب

قصائد تمام شد

جو میدانِ جنگ کی ہو یہ اشہب — تو گھوڑا نہ کہیو کہ چیلِ ہمان ہے
لگی گر کہیں ٹاپ طبقِ زمین پہ — فلک صدمے سے آنسوے لامکان ہے
دعا پر کرون ختم اب یہ قصیدہ — کہا تک کہون تو جنین ہے چنان ہے
رہے وقت ایسا ہی روزِ جزا تک — کہ جو دوست تیرا ہے تو شادمان ہے
تری عمر ہو میری طولِ امل سے — کرم کا سا سر رشتہ اک تیری ہان ہے

قصیدہ در مدح آصف الدولہ بہادر

رات کو مطلق نہ تھی یان جی کو تاب — آشنا ہوتا نہ تھا آنکھو نسے خواب
لوٹتا تھا سوزِ غم سے آگ مین — دل جگر سکنے تھے دونون جون کباب
ہر زمان تھی ساتھ اپنے گفتگو — کیا کرون شہر اور مین دونون خراب
تھام کر شیوا جھونکا اوٹھ گئے — نیمتھے بیٹھے کھینچتے کبتک عذاب
چاہیے کسکے در او پر کون ہے — ملیے کس سے کون ملنے کا ہے باب
لے جوانی سے پھرے پیری تلک — امتحا نہین آ گئے سب شیخ و شاب
ناگہان مجھسے لگا کہنے سروش — رہگذر سے لطف کی کر کر خطاب
ہے کریم اب بھی وزیر ابن وزیر — آصف الدولہ فلک قدر و جناب
آسمان زینہ ہے جس کا آستان — ناز کر طالع پہ جو ہو بار یاب

مطلع ثانی

۱۲

بہت ہرزہ خوان ہیگا اے ہیر تو بھی	وظیفہ ترا کیا یہ ذکر زبان ہے
جو مرکوز خاطر ہے اُس پر بھی آجا	فراغت کا عرصہ بھی ہی زمان ہے
سُن اے ہمنشین شخص غائب کی خاطر	یہ مطلع کہ مطلب سے جو توامان ہے

مطلع ثالث

قلم چل ابھی چلتی تیری زبان ہے	کہ پھر بات کہنے کی فرصت کہان ہے
ولیکن تجاوز نہو وے ادب سے	کہ ممدوح اب شاہ ہندوستان ہے
دماغ اب نہین ہے جو تمہید کرلے	کہ کل رات ہو اور یہ داستان ہے
بھٹی تری تیجے یہ دل چاہتا ہے	تری شکر نعمت مین قاصر زبان ہے
ترا عہد یکسر خوشی ہی جو ہے بھی	گنہگار سا ایک غم بھوشان ہے
تری یان ہی سب راستی و درستی	مگر صدق سچ کا ہی خاندان ہے
زیارت کئی صدق آتا ہو جسکی	ترا جبہۂ راستان آستان ہے
لکھے کیا ثنا کوئی ہمت کو تیرے	جہان صبح اس خوان پر میہمان ہے
زیادہ ہو یہ وسعت رزق تیری	کہ مشرق سے تا غرب ستار خوان ہے
کرے ہمسری کیا وہ خورشید اوپر	فلک پاس کیا ہی سبھی ایک نان ہے
ترے ہاتھ کی ریزش جود آگے	خجالت سے یہ ابر قطرہ زنان ہے

مطلع رابع

۱۱ کلیات

وہ اس عرصے مین ایک سنگ گران ہے

مری آہ کیا برچھیان مارتی ہے
گرفتار کو مرغ چمن پر فشان ہے
ہجوم آوے سب سایہ برگ گل مین
کچھ پاس یک دل داغ دل سوزبان ہے
جو ہو زاد مرگ تشنہ بیان ہو کے جاوے
سخن کو کیا پیش کی کاروان ہے
یہین پس ماندہ قافلہ دل جلا ہون

تو مرجائیگا یون تو رستے ہی رہ کے
کہ اندوہ و غم آفت ناگمان ہے

غزل لطف کر میر صاحب کی کوئی
کہ اونکی زبان ہیچ سحر بیان ہے

کہا مین نے مطلع غزل کا یہ سنکر
کہ ہر ظرف سے جسکے بو ہو روان ہے

مطلع ثانی

ترے ہاتھ جبتک کہ تیر و کمان ہے
شکار زبون کی بھی خاطر نشان ہے

کیے آنکھ شکل مثالی ہون اپنے
مرا جسم اس لطف سے ناتوان ہے

تری اور اے سادہ رو بعد میرے
مرا نامہ نوشتہ ہر استخوان ہے

نہ پوچھ اس طلسمات عالم کی صنعت
کہ اس آشکارا مین کیا کیا نہان ہے

خوشامد گر بلبل کہ سائیمن گل کے
کہین مشت پر ہے کہین آشیان ہے

لگے ہو نہ اب عطر دان اوسکے منہ کو
نہ اس بوئے خوش ساتھ گل کا وہان ہے

غرور و خرابات چل شیخ دیکھین
جو ترسا بچہ ہے سو پیر مغان ہے

نہ کہ خانوادے تھے یان کیسے کیسے
خرابا ہی ہو خب فلک یہ جہان ہے

دم امتحان میر ہم کیا کرینگے
ہماری گرہ مین تو اک نیم جان ہے

چل اے طبع مشتاق وصف بتان پر
کہ غم انکا دل مین مرے یک جہان ہے

یہی شغل ہین خوب پیش فقیران
کہ ذکر خدا ہے کہ وصف بتان ہے

جلے ہے جو ہین داغ ہجران پریشان
گویا خزان دیدہ اک گلستان ہے
رخ زرد پر اشک سرخ آگئے ہین
ادھر بھی اک ابر بہاری سمان ہے
خط و زلف و کاکل مین دل جا کے الجھا
سمجھا یہ شاداں کہ ہندوستان ہے

قطعہ ۱۰

چمن زار عالم کی خوبی پہ مت جا
دل اس سے بتاتی پچھتر و زمان ہے
بیک رنگ یان کا نہین ہے قراری
بہار آئی اور پھر وہی فصل خزان ہے
فلان بن فلان ہے وہین فلان ہے

بسرد مہری شیرین بکینۂ خسرو | بگرم جوشی فرہاد سختی کہسار
بعشق دیر بطوف حرم بسعی تمام | بلوح مشہد عاشق بسوز شمع مزار
بآب و رنگ گلستان بہ بیکسی اسیر | کہ اسکو کنج قفس ہی رہے ہے باد بہار
بساغر مے گلگون بتوبۂ سنگین | بدلنوازی ساقی بابر دریا بار
بدستگیری چاک و بہ بیقراری جیب | بسینہ کاوی دشنہ بزخم دامن دار
بحسرت رخ جانا بچشم وا ماندہ | بسعی باطل ناخن بعقدۂ دل کار
بہ قلقل و بہ سبو و بلغزش ہر دم | بہ مستی مے ناب و بخاطر ہشیار
بہ پوچ گوئی بیتابی و بہ بے خوابی | بکم زبانی صبر و بدیدۂ بیدار
بدیر و برہمن و کفر و با صنم گوئی | بشیخ و مسجد و تسبیح و رشتۂ زنار
بسیل خانہ خراب و بوادی مجنون | بجرگہ جرگہ غزالان بدیدۂ خونبار
بخوشہ خوشۂ سرشک و بدار بست مژہ | بقطرہ قطرہ شراب و بجام دست یار
بضعف جسم نزار و بطاقت سرکش | بجان عاشق مسکین کہ یار پر ہو نثار
بخاک عاشق بے خانمان کہ باد صبا | نہیں دکھاتی اسے بعد مرگ کوچۂ یار
باضطراب چراغ و بدشمنی نسیم | بخاطر دل آخر کہ اس سے ہو بیزار
بدور گردی رنگ قبول و یاس دعا | باعتراز اجابت بحلقۂ اذکار

قصیدہ

جو ہو چکی قیامت تو آہ و فغان ہے
سے ہاتھ میں دامن آسمان ہے
کوئی آج سے ہے فلک مدعی کیا
ہمیشہ مرے حال پر مہربان ہے
کدورت بتان کی کیا کرون میں
یہ دل آرزو گلفت کا ایک کاروان ہے
جو رونا بھی ہون میں غبار دلی سے
تو آنسو کا سیلاب ریگ روان ہے
جو دل میں ہی آتا ہے کہنے میں بھی وہ
زبان میری دل کی ترجمان ہے

یعنی کہ دیکھون حضرت دہلی کی لواحج | معلوم ہو سوائے تری حاصل کلام
برگز نہو حلال عدو پر تری خوشی | ہو وے تمام تیرے محبون پہ غم حرام

قصیدہ در مدح امام حسین علیہ الصلوۃ والسلام

فلک کے جور و جفانے کیا ہی مجکو تنکار | ہزار کوس یہ ہی جاے اگ تپیدن وُ اس
خراب کوہ و بیابان بیکسی ہو نمین | برنگ صورت جوسن طرف ہی میر الگذر
بغیر خوردن خون لب ہمار ٹوٹی ہے | سوا گریۂ صبح اب کہان ہی آب خار
نگین نہ داغ سو کیون چھپکے میر سینے پہ | نمک نہین نظر آتا بجز رخِ دلدار
سو وہ بھی دیکھنا ملتا نہین ہے گھر بیٹھے | مگر ہون ہند مین رسوا کوچہ و بازار
سوائے نالۂ جانسوز کون ہی دلسوز | بغیر آہ سحرگاہ کون ہے غمخوار
جنون مین جیسے خوش آیا لباس عریانی | نہین ہو دامن صحرا مین تب مجکو قرار
ہمیشہ ساتھ ہی دامن سوار لڑکون کے | مگر کہ خاکِ وفا سے بنا ہے میرا غبار
عجب ہی مجکو جو تو دیکھنے نہین آتا | رہا ہون ایک تری انکھڑیونکا مین بیمار
ہوا ہون جو فلک سے نپٹ ہی آرزو زار | پہونچیو یا خلف الصدقِ حیدرِ کرار
شہا غلام کو تیری یہ زور بازو ہے | کہ وقت جنگ جو لیکر کمان کو ہووے سوار

چشم طمع کو سی ہے ہما تو کہ جیتے جی
سرمہ ہوی دین بسکہ الم سی مری عظام

ای طبع اتنی ہرزہ درائی جرس کی طرز
اس گفتگو کا فائدہ کہ حاصل کلام

یعنی امیر شاہ نجف کی صفت پر آ
وہ شاہ جس پہ ساری کمالات ہین تمام

وہ شاہ ہی کہ بعد نبی کی وہی ہی جبر
وہ شاہ ہی کہ حق ہی وہی اولین امام

گر چاہی دل گرفت ہما نہین ہنو کوئی
کر دے یہ تنگ غنچۂ پیکان کو ابتسام

ورنہ شگفتگی پہ بلاے عظیم ہے
چھوڑے نہ زخم سینۂ عاشق تک التیام

مطلع ثانی

شاہا ترے گدا کا ہی مشہور احتشام
شاہان سرفراز سب اوسکے ہین پا کے نام

قطعہ

ہو اسپ پر سوار کرے عزم جنگ اگر
میدان کارزار مین ادنی ترا غلام

جولان کرے جدھر کو رہی سطر نہ غاف ل
اڑ جای خاک ودھر کی جدھر کو پھرے لگام

پامال سقدر ہون کہ معلوم بھی نہون
افراسیاب کون ہی رستم ہی یان کدام

قطعہ

شمشیر اسکے خرمن اعدا کی ہی جو برق
آوی گر اسکے ہاتھ مین یک لحظہ دینا

جل جای اور تنگ صف اعدا کی اور کو
بے سر ہین پھر تو مد نظر تک بدن تمام

مطلع ثالث

قطعہ

قصیدہ در مدح حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام

زخم اسکے ہاتھ کا جو لگے یہ نہو کبھی	مٹ جای کائنات مگر تب ہو اندمال

قطعہ

تر ہو گئی ہی بسکہ لہو مین گل زمین	گر خشک ہووی خاک کہین بعد ماہ و سال
ہو پھر گذار باد صبا سے یہ واں کا رنگ	اڑتا ہی جیسے ہولی کی ایام مین گلال
میلان طبع مطلع ثالث کی اور ہے	تاخیر پر قصیدۂ عزا کا ہوتا ل

مطلع ثالث

لائق تری صفت کے صفت ہیں مری محال	آشفتہ طبع شاعر خستہ کی کیا مجال

قطعہ

تو وہ در مدینۂ علم علیم ہے	جس شخص کو نہ آوی الف بے تے دال ذال
آوے تری جناب مقدس مین ایکدام	کرتے ہین وان تو وقف سبھی طرز کی مقال
عالم ہو اسقدر کہ بیان کیا کرے کوئی	پھر بحث اس سے عقل فلاطون پہ ہو محال
لیتے ہین تیرے گھر سے گدا پوست تخت فقر	پاتی ہین تیرے در سے شہا مکنت و جلال
جبتک جیو نہین دلمین مرے آرزو ہے	ہون سر سے تیری زائر در کھا پامال
پھر بعد مرگ حوض پہ کوثر کے یا علی	جا گہ مری ہو حشر کی تیری صف نعال
جب ہو نہین گرم تیری سایہ مین یا شہا	ہو جای سرد آتش دوزخ کی اشتعال

کبتک صفت بتو نکی خدا سے تو خوف کر — اے طبع رہ نہ اتنی بھی پابند خط و خال

پڑھ منقبت نہ شاہ کی جس سے نجات ہو — وہ شاہ جسکی ایک گدا کو ہے یہ کمال

بخشش سے جسکی حرف طلب محو ہو گیا — کم اوسکے وقت مین ہے بہت نوبت سوال

ہے معن اسکی مطبخ عالی کا کاسہ لیس — دستار خوان کا اسکی ہے حاتم اک آشمال

آوے اگر عطا و کرم پردہ ایک دم — خسرو کی ہفت گنج تو پھر کیا ہین جز مال

کہتا ہون اب مین مطلع ثانی کہ ہون تنگ — وسعت رکھی ہے بسکہ یہ میدان قیل و قال

مطلع ثانی

اے نائب مصاحب دار بہمال — وہ مشورت شریک خدائے لایزال

تو ہے کہ تیری عدل کی نظم و نسق کو سن — اوٹھ جائے دفعۃً ہے مزاجونسے اختلال

قطعہ

چاہے خدا نخواستہ اسکا اگر تو زعم — تو منحرف مقام سے ہو خط اعتدال

شاہا ترا غلام ہو ایک اور ایکطرف — سنگین ہو فوج دشمن اگر کوہ کی مثال

تیر و کمان کو ہاتھ مین لے جب ہو سامنے — ہے اوسکو اپنے زور شجاعت سے یہ کمال

جسدم کہ زور بازو سے اگر لگا دے تیر — پھر مین دو سار ہو دین اگر آہنین جبال

چٹکی سے اسکی ہو کے جدا تیر یہ لگائے — جو اوسکے سامنے ہو اسے اڑکے لاگی بھال

قصیدہ در مدح حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام

اک شب کیا تھا یار تری زلف کا خیال

جنبش ہوئی ذرہ کو ادھر

کر کے سر گوشی جسے پوچھتی ہین بڑ گی ہوئے	آتی ہی غیب سے آواز ہوا وہ فیصل
یہ ہر یا خالی ہے میدان مگر اسکی تیغ	اڑدہا تھی کہ گئی خلق کو یکدم مین نگل
کیا بیان کیجیئے اب لشکر اعدا کی ...	مخرج خون ہی دہان زخم کا ہیگا مدخل
چھوٹے ہی زخم سے ہر ایک کے فوارۂ خون	ہر طرف دشت مین جاری ہی لہو کی جدول
سرخ تر چشم سے جا عان نظر آتی ہے	خون سے مسلخ قصاب کی خاک مقتل

قطعہ

کیا لکھون اسپ سکبیر کی اسکے تعریف	اوہم خامہ بھی لکھتے ہوئے جاتا ہی اچھل
جب عنان اسکی اُچک لیتا ہی اسکا ...	جلدی پویہ مین کہلاوہی کیا کیا چہل پل
اس فلک سیر کا میدان مقرر ہیگا	تگ و پو کے لئے آثنائے ابد و ازل
آ گیا اسمین نظر جانا کسو شخص کو تو	مارتے پل کے گیا اسکو جہلاوا سا چھل
قابو پانیکے لئے اُسکے سوار اسپہ سدا	کھینچ مین عی ایں اسپ تئین بار ...
اک اسکا کرے ہی سنکے تبسم یہ بات	یعنے ان کیدیونکی کچھہ ہی دماغو نمین خلل
جان یہ ہی تری گھونگٹ مین کہ تار فر خم	گرد کو اسکے نہ پہونچے گی کبھو اسکی اجل

وقت ہے اپنی نصیری کی مدد کا یا شاہ
روز و شب آتی ہے اس دل سے ہی خبگ و جدل

مطلع ثالث

ایکہ اک تو ہی ہوا عالم اسرار ازل
ایک سو جاننے عاشق ہے ترا حسن عمل

تیری وہ ذات مقدس ہے کہ لیتی ہے جو نام
منہہ سے ناخواستہ بھی صلّ علیٰ جاے نکل

تیری درگاہ مین جبرئیل بر کیون تجلین
یہین ہے نور جلالی خدا عز و جل

دو دراز لسبکہ کھنچا عرش سے رتبہ تیرا
حرف تیرا ہی تری شیعو نکی وحی منزل

مرحبا شاہی تری صلی علی جاہ ترا
کہ ہوا تخت ترا دوش نبی مرسل

فرش ہونا تری زائر کا سعادت ہی دلے
کیا کرے چادر مہتاب کہ تہی مستعمل

وہ نخستین خرد اے عالم اسرار آلہ
مانتے جسکو گئے دہر کو کامل اکمل

آخر اب آکے تری در سے مین یہ نکتہ کھلا
ناقص محض چلا جلئے تہا عقل اول

جی مین گذری بھی تو نکلے ہی ترے دور سے ہیچ
معنے تازہ سے بدلا ہوا لفظ مہمل

رفع بدعت پہ جب آوے تری طبع اقدس
کیا عجب شعلۂ آواز سے جل جاے زحل

لقمۂ ظلم نہین پچتا عدالت مین تری
باز نگلی ہوئی چڑیا کی تئین دیہی اگل

حالت نزع مین گر نام زبان پر ہو ترا
یک رمق جان حیا ابد سے ہو بدل

بسکہ غالب ہے ترا سعد ستارہ عجب
پہونچے گر حشر تلک نحبت شاہی زحل

۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصائد در منقبت وغیرہ

جب سے خورشید ہوا ہی چمن افروز حمل
رنگ گل جھلکے ہی ہر بات مین ہر گی اوجل

وقت وہ ہی کہ زبس شوق سی چشم بلبل
ہوئی دلکش ولی دیکھنے کو ہوا احول

جوش گل یہ ہی جہا تک کری ہی کام نظر
لالہ و نرگس گل سے ہین بہر دشت و جبل

لطف دیدگی مت پوچھ کہ مین شبہی ہون
تیرہ ظلمات ہی لب جو پہ کہ خواب مخمل

چشم رکھتا ہی تو چل فیض ہوا کو بہی دیکھ
نرگس اگتی ہی جہان بوئی تہی دہقان نے بصل

سیر کر تازگی و خرمی و شادابی
خشک بہی شاخ نے اب سبز نکالی کونپل

خون خمیازہ کش تشنگی غنچہ گل
دو نون نکلی ہین تہ خاک سے ابدست بغل

بعون صانع مکین و مکان بفضل خلاق زمین و آسمان

کلیات میر

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں بہ طبع مزین چھپا

اطلاع

اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لئے موجود ہے یہ فہرست بطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹائیٹل پیج کے تین صفحہ سادہ ہین کتب کلیات و دواوین اردو کتب قصہ جات نثر و چند کتب فسانہ نظم درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اس فن کے اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہووے

کتب کلیات و دواوین اردو

کلیات انشاء اللہ خان - یہ نتیجہ طبع شاعر نامی بذلہ سنج میر انشاء اللہ خان انشا تخلص عہد نواب سعادت علیخان مین بڑے مقرب حاضر جواب تھے -

کلیات نساخ - عمدہ کلیات جسمین ۱۰ در ناد رسائل شامل ہین - شاہد عشرت - ۲ - سخن شاعر - ۳ - اشعار نساخ - ۴ - مرغوب دل - ۵ - دفتر بے مثال - ۶ - گنج تواریخ - ۷ - چشمہ فیض - ۸ - قند پارسی - ۹ - زبان ریختہ - ۱۰ - قطعہ منتخب - از جلوہ گرہ طبع وقاد مولوی عبدالغفور خان بہادر

شاہد عشرت - ״

سخن شعرا - ״

اشعار نساخ - ״

مرغوب دل - ״

دفتر بے مثال - ״

گنج تواریخ - ״

زبان ریختہ - ״

قطعہ منتخب - ״

״

کلیات سودا - قصائد و مثنویات و دواوین و رباعیات از کلام تاج الشعراء مرزا رفیع السودا -

کلیات تراب - مجموعہ جسمین چند کتابین ہین - ۱ - دیوان - ۲ - مثنوی عاشق صنم - ۳ - ٹھمریان - ۴ - شجرہ قادریہ

کلیات صنعت - کلام شعر مستند میان کریم الدین صنعت

کلیات ناسخ - دو دیوان صفحہ اور حاشیہ پر نتیجہ بلندی فکر شیخ امام بخش ناسخ شاعر مستند لکھنوی -

کلیات آتش - طبعزاد سخنور نامی خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی معاصر ناسخ -

کلیات نظام - کلام سخنور خوش فکر نواب مرزا علیخان نظام

کلیات تسلیم - جسکا نام تاریخی نظم ارجمند ہے نتیجہ خوش فکری بان اور بلند خیال منشی امیر اللہ تسلیم شاگرد حضرت نسیم دہلوی -

دیوان ذوق - میر محمد ابراہیم ذوق الکلام دہلی کا کلام ہے -

کلیات ظفر - کلام الملک ملک الکلام - چار جلد ہین -

کلیات مومن خان - جدید المطبع -

دیوان گویا - از طبع زاد رسالدار فقیر محمد خان گویا شاگرد خواجہ وزیر تخلص وزیر تنا و نازک خیالی -

بعون صانع مکین و مکان کا فضل خلائق زمین و آسمان

کلیات میر

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں چھپا

باہتمام پنڈت شیام ناتھ منیجر اشاعت پائی

Mīr, Mīr Taqī

Kulliyāt-i Mīr